# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 27 جون 2019ء بمطابق 23 شوال المکرم 1440 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِى الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَO قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔـلِ الْعَآدِّيْنَO قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَO اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَO فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِO وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَO وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔

(ترجمہ): پھر اللہ تعالی ان سے پوچھے گا "بتاؤ، زمین میں تم کتنے سال رہے؟۔وہ کہیں گے "ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھیرے ہیں شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے"۔ارشاد ہو گا "تھوڑی ہی دیر ٹھیرے ہو نا، کاش تم نے یہ اُس وقت جانا ہوتا۔کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟۔پس بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، کوئی خدا اُس کے سوا نہیں، مالک ہے عرش بزرگ کا۔اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے،

جس کے لیے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے ایسے کافر کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔ اے محمدؐ، کہو، "میرے رب درگزر فرما، اور رحم کر، اور تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے۔ وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب! کاؤنٹ کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: کورم پورا نہیں ہے۔، پانچ منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: **سیکرٹری صاحب، کاؤنٹ کریں۔**

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Deputy Speaker: Quorum is completed

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: آئٹم نمبر ٹو، Leave applications: جناب تیمور سلیم خان جھگڑا صاحب ،منسٹر، 27 جون، محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ، ایم پی اے، 27 جون، جناب فخر جہان صاحب ،ایم پی اے، 27 جون، محترمہ مومنہ باسط صاحبہ، ایم پی اے 27 جون، جناب عبدالسلام خان صاحب ،ایم پی اے، 27 جون، سید محمد اشتیاق ارمڑصاحب، منسٹر، 27 جون، جناب محمد عارف صاحب، ایم پی اے 27 جون۔ آپ کو منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

## جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک اناؤنسمنٹ ہے، معزز اراکین اسمبلی! میں وقت کی کمی کو مد نظر رکھتے ہوئے صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد انضباط و طریقہ کار مجریہ 1988ء کے قاعدہ 124 کے ذیلی قاعدہ 3 کے تحت ضمنی بجٹ پر بحث کے لئے درج ذیل ترتیب پر وقت مقرر کرتا ہوں: لیڈر آف اپوزیشن، بیس منٹ ,پارلیمانی لیڈر، دس منٹ، ممبران

صاحبان کے لئے پانچ منٹ، لہذا آپ سے گزارش ہے کہ مقرر کردہ وقت میں بجٹ کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کریں، نیز غیر ضروری بحث سے اجتناب کریں۔ میں پہلے بھی ریکویسٹ کر چکا ہوں اور میں تمام پارلیمانی لیڈرز سے میں ریکویسٹ کروں گا کہ وہ اپنے جو باقی ممبرز ہیں، اگر وہ ان کو پہلے موقع دیں اس لئے کہ ہمیشہ ممبر صاحبان ہمیں گلہ کرتے ہیں کہ آپ ہمیں موقع نہیں دیتے تو میں پارلیمانی لیڈر سے ریکویسٹ کروں گا کہ وہ اپنے باقی ممبرز کو موقع دیں۔ جناب شکیل بشیر عمرزئی صاحب، آپ اپنی بجٹ پہ سپیچ کریں جی۔

## ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2018-19 پر عمومی بحث

جناب شکیل بشیر خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ جناب سپیکر، مجھے وقت دینے کا بہت بہت شکریہ، وقت کی کمی کی وجہ سے میں بہت مختصر بات کروں گا۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میں حکومت سے پوچھوں گا کہ جب ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ سب اچھا ہے تو پھر ضمنی بجٹ کیوں پیش کیا گیا؟ مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی ہے۔ دوسری بات یہ کہ بدقسمتی سے ضمنی بجٹ میں بھی انصاف سے کام نہیں لیا گیا، ایک طرف وزیر خزانہ صاحب فرماتے ہیں، اراکین اسمبلی سے درخواست کرتے ہیں کہ سیاسی وابستگیوں اور حلقوں سے بالا تر ہو کر صوبے کے لئے سوچیں، تو میں آپ کی وساطت سے ان سے پوچھوں گا کہ وہ دل پر ہاتھ رکھ کر خدا کو حاضرو ناظر جان کر بتائیں کہ کیا انہوں نے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اور حلقوں سے ہٹ کر یہ بجٹ بنایا ہے؟ میں ضلع چارسدہ سے واحد

اپوزیشن رکن ہوں، اگر آپ بجٹ پر نظر دوڑائیں تو میرے حلقے PK-57 میں کوئی بھی ترقیاتی سکیم اس بجٹ میں منظور نہیں ہوئی، میرے بھائی سلطان خان، شکور خان، خالد خان میرے لئے قابل احترام ہیں، میرے ان سے بڑے اچھے تعلقات ہیں، اگر یہ میرے حلقے پر بھی نظر عنایت فرماتے تو بڑی خوشی کی بات ہوتی لیکن افسوس میرے حلقے کے عوام کو اس بات کی سزا دی جا رہی ہے کہ PK-57 کے عوام نے پی ٹی آئی کو ووٹ نہیں دیا، انہوں نے اے این پی کو ووٹ دیا اور انہوں نے مجھے منتخب کیا ہے تو مجھے انصاف کی حکومت سے اتنی بڑی ناانصافی کی بالکل امید نہیں ہے۔ دوسری بات سلطان خان یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، ان کی یہاں موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ 25 جولائی کو عمر زئی پولیس سٹیشن کی حدود میں 'علی جان کلی' میں ایک افسوسناک واقعہ ہوا تھا جس میں تین بھائیوں کو بڑی بیدردی سے شہید کیا گیا، اس میں دو ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے لیکن ابھی تک بدقسمتی سے مرکزی ملزم تاحال گرفتار نہیں ہوا ہے، تو میں آپ کی وساطت سے آئی جی سے یہ اپیل کروں گا کہ جلد از جلد اس مرکزی ملزم کو گرفتار کیا جائے اور آپ کی وساطت سے سلطان خان اور حکومت سے مطالبہ کروں گا کہ ان شہداء کی بیواؤں اور ان کےیتیم بچوں کے لئے شہداء پیکج یا کوئی اور پرکشش اچھے سے پیکج کا انتظام کیا جائے تاکہ ان کے دکھوں اور ان کے غموں کا کچھ نہ کچھ مداوا ہو سکے اور ان کے زخموں پر مرہم رکھی جا سکے۔ جناب سپیکر صاحب، عام آدمی کو اس بات سے دلچسپی نہیں ہوتی ہے، ان کو اس بات سے

غرض نہیں ہوتی کہ اس وقت Balance of payment کی کیا پوزیشن ہے، Inflation rate زیادہ ہوا ہے یا کم ہوا ہے، ایکسپورٹ بڑھی ہے یا امپورٹ کم ہوئی ہے؟ ان کو صرف اس بات سے دلچسپی ہوتی ہے، ان کو اس بات سے غرض ہوتی ہے کہ ان کو روزگا ر ملے، ان کے بچوں کا مستقبل روشن ہو، ان کو عام روز مرہ کی اشیاء کم ریٹ پر ملیں تو میرے خیال میں بڑی معذرت کے ساتھ، صوبے کی خراب معاشی حالت کو دیکھ کر میں تو 100 پرسنٹ Sure ہوں کہ ہمارے وزیر خزانہ اسد عمر پلس ثابت ہو رہے ہیں تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: ډیره مننه سپیکر صاحب، چې تاسو موقع را کړه. زه څه یو څو خبرے چې کوم Already ضمني بجټ دے او په دې باندې خبرې کول دی نو زه صرف اول خو دا تپوس کول غواړم چې سپلیمنټري بجټ، یو خوا خو تاسو دا خبره کوئ چې مونږ نه Deficit نه بیلینس، دا سرپلس بجټ دے نو بیا تاسو ته دا ضرورت ولې راغی چې تاسو بیا دا بجټ پیش کوئ؟ بل دا ده جی چې دلته کښې چې ما دا کوم هغه اوس اوکتلو په دیکښې تاسو اوګورئ جی چې دلته کښې د پراونشل اسمبلئ د پاره زمونږ سپیکر صاحب بار بار دا خبره کوی چې ما یوولس کروړه روپئ سیونګ کړے دے او دا خبره په میډیا هم ډیره زیاته هائی لائټ شوې ده نو بیا تاسو دلته کښې دا پانچ کروړ چې دی دا خبره چې دلته کښې کیږی چې دیکښې تاسو نورې پینځه کروړه روپئ هغه کړے دی، نو چې دا تاسو سیونګ کړے دے یوولس کروړه روپئ، نو بیا دا پینځه کروړه د څه شی دی جی؟ دیکښې ګورئ جی چې تاسو دا Overall مونږه خبره کوؤ، په دې سرپلس چې کوم د بجټ خبره ده یا فنانس دیکښې جی دا -Re appropriation چې کیږی لګیا دے جی، دا روایا ت چې دی جی دا ختمول پکار دی جی. دلته په پارلیمنټ کښې تاسو مونږ ته یو فکر را کړے، دې ځائے کښې چې ما اوس چې په دې سپلیمنټری هغه چې اوکتو او دیکښې دا پیج بائیس باندې ما کتلی دی، په دیکښې تاسو دا ګرانټس چې کوم دی ډیمانډ نمبر 8، په

یکښې تاسو بره لیکلی دی ټوټل سکس هنډرډ او دې ځائے کښې چې بیا تاسو چې کوم ایډیشنل هغه کړے دے دا تاسو ستائیس کروړ روپئ کړے دے، نو یا خو تاسو جی مونږ ته دا اووایئ چې تاسو د پارلیمنټ نه د څه Approval اخلئ؟ سپیکر صاحب، ستاسو توجه به غواړم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

محترمہ شگفتہ ملک: تاسو چې د پارلیمان نه د څه منظوری اخلئ، د څه Approval اخلئ؟ دلته کښې تاسو لس روپئ لیکلې دی یو ځائې کښې ما اوکتل چې شل روپئ ئے لیکلې دی نو ستاسو د دې نه څه مطلب دے؟یو خو ستاسو منسټر صاحب هم نشته چې مونږه په دې پوهه کړی چې تاسو دا لس روپئ او شل روپئ اخلئ او بیا تاسو دا پیسې چې دی، دا تاسو په کروړونو او اربونو کښې لاړې شی نو دا پارلیمان ته تاسو صحیح Actual figure ولې نه ښایئ جی؟ بل دیکښې چې دا کوم د فنانشنل مینجمنټ خبره کیږی جی، ګوره زمونږه د دې ملک دا بدقسمتی ده چې دا کوم د فنانشنل مینجمنټ خبره کیږی، پکار دا ده چې پرې قانون سازی کوی نو دا دې عملی کړے شی او که د دې د Implementation خبره راځی نو بیا ولې؟ ځکه چې که په دې ټول ملک کښې مونږه اوګورو نو دا شے چې دے، دا ډیر زیات روان دے، په دیکښې تاسو او زمونږه د ټولې صوبې Depend چې کوم مونږه کوؤ، دا مونږه په دې فنانشنل منیجمنټ باندې کوؤ، بل دیکښې دا خبره چې Two much reliance on federal budget، حالانکه تاسو ته پته ده چې فیډرل چې دے، Itself on ventilator نو دا خبره چې کومه ده، په دې هم ما په تیر بجټ کښې ډیر کوشش اوکړو چې مونږ ډیر په تفصیل باندې په دیکښې خبرې اوکړو خو د بده مرغه کله کله مونږه سره هغسې رویه وی چې هغه ډیره نا مناسبه وی۔ زه به په دیکښې جی Overall خبره اوکړم چې کوم ما هغه ورځ هم خبره اوکړه چې تاسو د سرپلس بجټ خبره بار بار کوئ، بار بار تاسو د سرپلس بجټ خبره کوئ او په دیکښې تاسو دا دومره غټ پراجیکټس که مونږه ئے یاد وؤ، دا هم زه ستاسو ډیره زیاته شکریه ادا کوم جناب سپیکر صاحب! د دې حکومت دا یوه واحد خبره ده چې زه به د هغې ستائنه کوم چې دا ډیره ښه خبره ده چې په دې بجټ کښې

دا سې میګا پراجیکټ Like BRT هغه Disaster غونډې پراجیکټ دے، دا ځکه نه دې ایښودے شوے چې دې حکومت ته پته اولګیده چې مونږه کښې دومره Capability نشته، دې حکومت ته دا پته اولګیده چې مونږه ټول پینځه کاله صرف یو پراجیکټ شروع کړے وو او هغه چې دے، د هغې د پاره کوم الفاظ استعمالیږی، زما په خیال چې دوئ پخپله هم اوس ستومانه دی چې دې سره مونږه څه اوکړو؟ زه به د ښځو د پرمختګ د Women development د سوشل ویلفیئر خبره کوم، دا هغه حکومت دے چې دوئ همیشه دا خبره کوی چې په دې ملک کښې که زمونږه حکومت دے نو مونږه ته ځوانانو او مونږه ته زنانو چې دے ووټ راکړے دے، بقول د دوئ حالانکه مونږه دا نه منو ځکه چې سلیکټډ حکومت وی بیا دا خبرې کیږی، زه صرف دا وئیل غواړم چې د زنانو د پاره او د ځوانانو د پاره تاسو دوه اربه روپئ ایښودې دی، اوس تاسو ماته دا اووایئ چې په دوه اربه روپئ کښې به تاسو د ځوانانو د پرمختګ د پاره، د هغوی د روزګار د پاره، د هغوی د ټیکنیکل ایجوکیشن د پاره هغې کښې به تاسو څه کوئ؟ د زنانو د پاره چې تاسو دلته خبره کوئ، په تیر حکومت کښې کله چې د اے این پی حکومت وو او په هغې کښې مونږه د فیمیل د پاره یو وویمن کمیشن جوړ کړے وو او هغه کمیشن تاسو اوګورئ چې هغه د سیاست نذر شو او هغه کمیشن چې کوم دے نو د هغې چیئر پرسن تاسو اوګورئ چې هغه اوس هم دا سې پروت دے، په هغې کښې هیڅ قسمه Activities نه کیږی، د چائلډ پروټیکشن چې کوم د ماشومانو حوالې سره په دیکښې یو پروټیکشن هغه جوړ وو، په هغې کښې د اے این پی حکومت او د یو این سره په کوآپریشن کښې دوئ دا چلولو، هغه جی تاسو اوګورئ چې هغه اوسه پورې یوولس یونټس د هغې بند کړے شو او دا ډیره د افسوس خبره ده چې دیکښې زیات تر ډیپارټمنټس زمونږه سی ایم صاحب چې کله اسمبلئ ته راشی، سی ایم صاحب ځان سره دا ډیپارټمنټس ایښودی دی، اوس زه په دې نه پوهیږم چې سوشل ویلفیئر یو دومره غټ ډیپارټمنټ دے او په هغې کښې دومره زیات کار دے، دا ډیپارټمنټ چې دے، د دې اوسه پورې وزیر نشته دے، نو چې کله مونږه دا خبره کوؤ، تاسو د چائلډ پروټیکشن د پاره پیسې هم ایښودې دی، تاسو په هغې کښې کار هم کول غواړئ خو کله چې د هغې د

میټنګ خبره راشی نو وائی چې زمونږه چیف منسټر صاحب سره دومره ټائم نشته چې هغه هغه میټنګ اوکړی او چې کله پورې هغه میټنګ نه وی کړے نو ظاهره خبره ده چې په هغې کښې نور مخکښې پرمختګ نه کیږی جی۔ دې سره سره به جناب سپیکر صاحب! ماته به نن موقع راکوئ جی ځکه تیر ځل هم چې، نن تاسو ناست یئ او تاسو نه مونږه دا طمع لرو ځکه چې تیر ځل هم مونږه ته تاسو دا اووئیل چې یو منټ کښې به تاسو په پنځوسو ډیپارټمنټس باندې ډسکشن کوئ نو تاسو خپله سوچ اوکړئ۔۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: ما خو ځکه مخکښې دا ریکویسټ ټولو ته اوکړو چې پارلیمانی لیډرز د کم اوکړی او ممبرز له موقع ورکول پکار دی، زه بس دومره۔

محترمہ شگفتہ ملک: جی ستاسو مننه کوم، ډیره مننه۔ زه د نن هائیډل خبره هم کوم، مونږه تیر ځل هم لږ ډسکشن کړے وو چې کله تیر پینځه کاله کوم حکومت وو نو د دې حکومت سره دا یو جواز وو او دوئ به دا خبره بار بار کوله چې په وفاق کښې زمونږه حکومت نه دے نو که مونږه ډیر زیات خپلې سټرې اوکړو او مونږه ډیر زیات خپل کوششونه اوکړو خو چونکه حکومت زمونږه نه دے ، مونږه سره پی ایم ایل (این) زیاتے کوی او زمونږه تیر وزیراعلیٰ صاحب چې وو، هغه به په کنټینر ولاړ وو او هغه به وئیل چې زه د خپل حق د پاره غوښتنه کوم خو ماته حق نه ملاویږی، نن ستاسو یو کال پورا کیدو کښې دے ، ستاسو په فیډرل کښې هم حکومت دے ، تاسو ماته دا اووایئ چې په تیر حکومتونو کښې خو نواز شریف صاحب تاسو ته خو څه درکړی وو په نن هائیډل کښې، اوس تاسو ماته دا اووایئ چې تاسو په نن هائیډل کښې څومره خپله غوښتنه کړې ده، آیا زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب تلے دے ؟ هغه دا خبره کړې ده چې زما په نن هائیډل کښې څومره پیسې جوړیږی، د دې د پاره دوئ څه خبره کړې ده؟ نیشنل فنانس کمیشن چې کوم ون پرسنټ ما خبره اوکړه چې زمونږه حاجی عدیل صاحب د خدائے اوبخښی چې کله په دې ملک کښې مونږه د ترخه ګرئ ښکار وو او دا صوبه چې وه، دا فرنټ لائن صوبه وه او په دیکښې مونږه دومره زیات پښتانه زپلې شوی وو، چې کله پنجاب دا خبره کوله چې په

پاپولیشن باندې مونږه این ایف سی تقسیموؤ نو حاجی عدیل صاحب ورته دا وئیل چې زمونږه دا صوبه چې ده، د ترخه ګرئ ښکار ده او پکار دا ده چې دې ته سیوا کړے شی او ون پرسنټ چې کوم I think 54.5 جوړیږی، دا پیسې دا دغه ون پرسنټ چې دا کریډټ دے، دا اے این پی ته ځی، نو زه دا خواست کوم ډپټی سپیکر صاحب! تاسو کوشش اوکړئ چې مونږه دا غواړو، خدائے دې اوکړی چې تاسو دا ټائم پورا کړئ، مونږه دا غواړو چې تاسو کوم پینځه کاله تیر کړی دی او تاسو بار بار دا خبره کړې ده چې مونږه د دې خلقو سره، مونږه د دې عوامو سره، مونږه له عوامو ووټ راکړے دے نو زه به تاسو ته دا خواست کوم چې تاسو کوشش اوکړئ چې دغه خلقو سره ځکه چې بجټ باندې مونږه څومره خبره اوکړو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میډم، تاسو وائنډ اپ کړئ۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک</u>: زه جی صرف یو خبره کوم، مننه جی، دا بجټ چې کوم دے، دې ته خلق وائی چې دا عوام دشمن بجټ دے خو زه به دې ته غریب دښمن بجټ اووایم او زه ځکه دې ته غریب دشمن بجټ وایم چې هغه غریب خلق چې د هغوی کوم بنیادی، Basic زمونږه ضرورتونه دی، که هغه مونږه د چینو خبره کوؤ، که هغه مونږه د غوړو خبره کوؤ، که هغه مونږه نور داسې څیزونه چې هغه زمونږه غریب خلق Suffer کیږی، نو پکار دا ده چې په دې څیزونو باندې، او زه یوه خبره په آخر کښې د چینو خبره دلته شوې وه او ما هغه ورځ هم دلته خبره اوکړه چې دا تاسو دومره لائټ مه اخلئ، ستاسو او دا چې دلته مونږه خبره کوؤ، دا چینی ګران شو او ډیره معمولی خبره ده خو دلته کښې یو ډکټیټر راغلے وو، ایوب خان او په هغه وخت کښې چې کله د چینو بحران راغلو نو د هغه حکومت په دې ختم شو، نو دا کوشش اوکړئ چې دلته کښې په چینو باندې زمونږه ډکټیټر چې دے هغه کور ته تلے وو، نو دې خبرو ته ډیر سوچ اوکړئ۔ ډیره مننه۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بہت مشکور ہوں، چونکہ پہلے بھی

میں نےبجٹ پر بحث کی تھی، بحث میں حصہ لیا تھا تو میں وہی الفاظ آج پھر دہرانا چاہتا ہوں، گو کہ وزیر خزانہ صاحب نہیں ہیں، میں صرف اتنی بات، میں لمبی تقریر نہیں کروں گا، ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو Ongoing schemes ہیں، پورے صوبے میں اپوزیشن کی بھی اور حکومت کی بھی، اس میں روڈ سیکٹر کو آپ دیکھیں، واٹر سپلائی کو دیکھیں، سکولوں کو دیکھیں تو جو تین چار پانچ پانچ کروڑ روپے کی سکیمیں تھیں وہ بھی ابھی تک مکمل نہیں ہوئی ہیں، سپیکر صاحب، میں نے اس دن بھی سوال کیا تھا کہ آیا واقعی یہ صوبہ کسی مالی بحران کا شکار ہے جس کی وجہ سے ہمارے پاس وہ وسائل موجود نہیں جن سے ہمارے چھوٹے چھوٹے کام مکمل ہوجائیں؟ یا اگر ہے تو واقعی اس کے اوپر آپ نے گیارہ مہینوں میں کیا اقدامات اٹھائے ہیں اور ان کو کتنا کنٹرول کیا ہے؟ تو انہوں نے آگے سے مجھے جواب دینے کے بجائے، چونکہ ہماری بات ویسے ہی حکومت کو یا وزراء صاحبان کو اچھی نہیں لگتی ہے تو انہوں نے کہا کہ جی یہاں پر مسلم لیگ کی حکومت رہی ہے، جبکہ یہاں پر تحریک انصاف کی پچھلے پانچ سال حکومت رہی ہے تو نواز شریف صاحب نے کونسا خیبر پختونخوا کو پراجیکٹ دیا، اور فلاں اور فلاں کیا؟ اور میرا جواب دینے کے بجائے وہی جو پچھلے پانچ سال ہمارے ساتھ بات ہوتی تھی، تو میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ نواز شریف صاحب نے پچھلے پانچ سالوں میں چوبیس سو کلومیٹر اس ملک کو موٹر ویز دیئے ہیں، دس سے بارہ ہزار میگا واٹ بجلی پاکستان کو دی ہے، یہاں سے دہشت گردی کا خاتمہ کیاہے، اکنامک کوریڈور، پاک اکنامک

کوریڈور وہ یہاں پر لے کر آئے ہیں، تو اس سے پہلے جو کارکردگی ہماری تھی، پاکستان مسلم لیگ کی تھی اور جو آپ کی تھی وہ بھی پاکستان کے عوام کے سامنے ہے، میں صوبہ خیبر پختونخوا کی بات کرتا ہوں کہ پچھلے پانچ سالوں میں جو ہماری Running Schemes تھیں وہ ابھی تک نا مکمل ہیں اور بالخصوص میں اپنے حلقے کی جو سیچویشن ہے، پرویز خٹک صاحب کے دور میں میرا ایک روڈ منظور ہوا تھا، منسٹر صاحب، اکبر ایوب صاحب کے بھی نوٹس میں ہے، میں نے ان سے بھی ایک دو دفعہ ریکویسٹ کی کہ اس کے لئے مجھے فنڈ دیا جائے تاکہ جدھر وہ کچہ ٹریک بنا تھا، ایک گز بھی اس کے اوپر پریمکس نہیں ہوسکی، انہوں نےبھی میرےساتھ وعدہ کیا اور ابھی تک ہماری وہ سکیمیں مکمل نہیں ہوسکی ہیں، جناب سپیکر، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چونکہ پچھلے سال جو رواں مالی سال کا بجٹ تھا وہ 648 ارب روپے کا تھا اور اس میں جو وصولی ہوئی ہے وہ غالباً میرے اندازے کے مطابق 60 ارب روپے سے بھی کم محاصل وصول ہوئے ہیں، اب جو بجٹ پیش ہوا ہے تو کیا جو تخمینہ لگایا گیاہے، آیا حکومت کے زیر اثر جو ادارے ہیں، کیا وہ اس میں انہوں نے اپنے جو تخمینے لگائے ہیں وہ پورے کر سکیں گے، یا معمول کے مطابق ہر سال ضمنی بجٹ پیش ہوتا رہے گا؟ اور جو فاضل اخراجات ہیں وہ حکومت اسمبلی سے منظور کرواتی رہےگی؟ سپیکر صاحب، اگلی بات جو میں کرنا چاہتا ہوں اپنے حلقے کے حوالے سے، آج پھر یہاں پر عاطف خان صاحب موجود نہیں ہیں، میں نے اس دن بھی یہ ان کو تجویز دی تھی کہ اگر وہ مناسب سمجھیں، جس طرح وہ کہہ رہے ہیں

کہ ٹورازم کے حوالے سے ہم اربوں روپے لگانا چاہتے ہیں صوبے کے مختلف علاقوں کے اندر، تو گلیات جو ہیں وہ ٹورازم کے حوالے سے اگر آپ وہاں پر توجہ دیں تو ٹھنڈیانی سے نتھیاگلی کے لئے ایک ٹریک Already موجود ہے، انگریز دور کا موجود ہے، اگر اس کے اوپر حکومت توجہ دے تو نتھیاگلی جیسے چھ سات سپاٹ اس کے اوپر بنتے ہیں اور سیاحوں کی توجہ کا وہ مرکز بن سکتے ہیں اور ایک Natural fall سجی کوٹ میں ہے جس پر ہزاروں سیاح وہاں آتے جاتے ہیں لیکن روڈ نہ ہونے کی وجہ سے ان لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو حویلیاں سے کالاباغ روڈ ہے تو میں نے کہا تھا اس کو بھی اگر آپ دو رویہ کردیں تو سیاحوں کے لئے جس طرح ایبٹ آباد آج اگر آپ دیکھیں تو حویلیاں سے ایبٹ آباد تک ڈیڑھ گھنٹہ لگتا ہے جو پندرہ منٹ کی مسافت ہے، ٹریفک کا اتنا رش ہے تو یہ ایک متبادل روڈ بن سکتا ہے اور اسی طریقے سے نتھیاگلی میں ایک Natural fall ہے، نملی میرا میں ایک Natural fall ہے، اگر اس کے اوپر حکومت توجہ دے تو یہ سیاحوں کی بہترین توجہ کا مرکز بن سکتے ہیں اور اسی طریقے سے جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جس طرح پرویز خٹک صاحب نے، آج وہ یہاں پر موجود نہیں ہیں تو انہوں نے اپوزیشن کو پچھلے، میرے خیال کے مطابق 17-18 میں چھ چھ کروڑ روپے کے فنڈز دیئے تھے، جو سپیشل پیکیج تھا، Priority project تھا، ڈی ڈی آئی کے پراجیکٹس تھے، ابھی تک جو میرا حلقہ ہے اور میں سمجھتا ہوں اپوزیشن کے سارے حلقوں میں زیادہ سے زیادہ ان چھ کروڑ روپوں میں سے ڈیڑھ یا پونے دو کروڑ

روپیہ ریلیز ہوا ہے، باقی فنڈ ابھی تک نہیں ریلیز ہوا ہے تو کیا وہاں پر تحریک انصاف کے لوگ بھی ہمارے حلقوں میں ہیں، پیپلزپارٹی کے بھی ہیں، جماعت اسلامی کے بھی ہیں، مسلم لیگ کے بھی ہیں اور جمیعت کے بھی ہیں، تو ان لوگوں کا حق نہیں بنتا ہے کہ ان کو فنڈ دیا جائے؟ جو Already چیف منسٹر صاحب نے ہمیں سکیمیں دی تھیں لیکن ابھی تک ان کے اوپر کام نہیں ہوسکا، اسی طرح جو سکول Incomplete ہیں تین تین سالوں سے، میں نے اس دن بھی نشاندہی بھی کی تھی تین چار سکولوں کی، ایک بھاگن میں ہائی سکول ہے جس کی صرف دیواریں کھڑی ہیں اور چار سالوں سے بچے باہر دھوپ پر بیٹھ کر پڑھ رہے ہیں، ہائی سکول ہے بچوں کا، اور اسی طرح ملاچھ میں ایک بچیوں کا ہائر سیکنڈری سکول ہے جس کے اوپر صرف چھت پڑی ہے اور ابھی تک وہ مکمل نہیں ہوسکا، اسی طرح دیگر سکول بھی، تو میری یہ گزارش ہوگی کہ اگر یہ ہماری ان باتوں کے اوپر توجہ دیں تو ان کی مرضی کی بات ہے، نہیں دیں گے تو پھر بھی یقیناً لوگ مشکلات میں ہیں اور ان کو مشکلات سے نکالناحکومت کی ذمہ داری ہے، ہم جب کوئی تجویز دیتے ہیں تو اس تجویز کو مذاق میں لیا جاتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت جتنی بھی غلطیاں کرے، جتنی بھی غلطیاں کرے وہ اپوزیشن کے حق میں جاتی ہیں لیکن ہم ان کی غلطیوں کی اس لئے نشاندہی کرتے ہیں تاکہ لوگوں کی تکالیف جو ہیں ان میں کمی لائی جاسکے، تو میں یہی گزارشات حکومت سے کرتا ہوں کہ جو Ongoing Schemes ہیں، چاہے وہ حکومت کے لوگوں کی ہیں یا اپوزیشن کی، ان کو مکمل کیا جائے، آگے جو کچھ آپ نے اپوزیشن کو دیا

ہے یا اب دیں گے، یا جس طرح اس دن وزیر خزانہ صاحب کہہ رہے تھے کہ اب بھی ہم اس میں ترمیم کریں گے، تو سپیکر صاحب، اگر آپ دیکھیں تو ہیلتھ منسٹر صاحب کے حلقے میں پانچ سو بیڈ کا ہسپتال ابھی بھی اے ڈی پی میں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب، وائنڈ آپ کریں جی ،وائنڈ آپ کریں۔

سردار اورنگزیب: جی، کیا ہوا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: وائنڈ اپ کریں جی۔

سردار اورنگزیب: وائنڈ آپ کر رہا ہوں جی، وائنڈ آپ کر رہا ہوں، (قہقہہ) سپیکر صاحب، اگر ہیلتھ منسٹر کے حلقے میں پانچ سو بیڈ کا ہسپتال ابھی اے ڈی پی میں ہے، میں نے دیکھا ہے، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر بھی ہے، تحصیل ہیڈ کوارٹر بھی ہے، تو کیا نتھیاگلی کے لوگوں کا حق نہیں بنتا ہے کہ ان کو تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دیا جائے؟ جو تیس سالوں سے ایک آر ایچ سی ہسپتال ہے وہاں پہ، جب کسی کو وہاں پہ ہارٹ کی تکلیف ہوتی ہے یا کسی اور قسم کی بیماری میں وہ مبتلاہوتا ہے تو اس کو ایوب میڈیکل کمپلیکس میں لایا جاتا ہے اور راستے میں ہی اس کی Death ہو جاتی ہے، تو ان لوگوں کا بھی حق بنتا ہے، اگر حکومت سمجھے تو وہاں پہ آپ کے تحریک انصاف کے بہت سے لوگ ہیں، میری خاطر نہ دیں ان کی خاطر دیں، حویلیاں میں تحصیل ہیڈ کوارٹر کا پرویز خٹک صاحب نے اعلان کیا تھا تب اکبر ایوب صاحب غالباً اس پروگرام میں موجود تھے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب! مختصر کریں جی۔

سردار اورنگزیب: ابھی تک لوگ دیکھ رہے ہیں، اس کو جو ہے اپ گریڈ نہیں کیا گیا۔
جناب ڈپٹی سپیکر: جناب وقار احمد خان صاحب!
جناب وقار احمد خان: شکریه جناب سپیکر صاحب! چې تاسو ماله په سپلیمنټری بجټ باندې د خبرو موقع راکړه. سپلیمنټری بجټ پیش کول څه نوې خبره نه ده، دا څه نوے روایت نه دے، دا پریکټس د مخکښې نه راروان دے خو زه صرف لکه زما دې خور خبره اوکړه، د خور خبره دوباره Repeat کوم چې یو طرف ته زمونږ وزیر خزانه صاحب سرپلس بجټ پیش کړے دے او بل طرف ته سپلیمنټری بجټ راځی نو دا د یو بل سره متضاد دے، دا خبره په ذهن کښې نه راځی چې دا څنګه کیدې شی او زه دا امید ساتم، ان شاء الله څنګه چې وزیر خزانه صاحب په خپل سپیچ کښې وئیلی وو چې یره دا سرپلس بجټ دے نو زما دا امید دے چې راتلونکی کال کښې به د سپلیمنټری بجټ دا پریکټس چې دے دا به ان شاءالله ختم شی که خیر وی، دا به بیا نه وی. جناب سپیکر صاحب! سپلیمنټری بجټ چې دے دا پیش کول څه ګناه نه ده خو زمونږه چې کوم روایات روان دی، مونږ چې کوم وینو، کوم چې مونږه لیدلی دی نو مونږ د حقیقت نه انکار کوؤ او حقیقت نه شاته کیږو او چې کوم حقیقت وی، هغه عوامو ته نه مخامخ کوؤ. جناب سپیکر صاحب! مونږه چې کله بجټ پیش کوؤ نو زمونږه بجټ په مالیاتی اندازو باندې وی او یا د فیډرل حکومت په وعدو باندې وی او چې بیا کله وخت راشی نو یا هغه بیرونی قرضې مونږ ته ملاؤ نه شی او یا هغه د فیډرل حکومت هغه ایډ چې وی، هغه مونږ ته ملاؤ نه شی نو د هغې په وجه باندې بیا دا پریکټس شروع شی. جناب سپیکر صاحب! د هغې سره سره زمونږه ادارو چې دے، د هغې هغه کارکردګی هم مفلوجه شی او زه به دا یو خبره کوم چې لاسټ ګورنمنټ چې کله کوم لاسټ بجټ پیش کړے وو او بیا د هغې نه وروستو په اخر دوه درې میاشتو کښې چې کوم سی ایم ډائریکټیوز جاری شوی دی، هغه بوجھ چې دے هغه تر اوسه پورې په دې بجټ کښې موجود دے، Reflect دے، زما به ستاسو په توسط باندې ګورنمنټ ته دا خواست وی چې هر سکیم چې دے، څنګه چې زما دې ورور خبره اوکړه، هر یو سکیم چې دے او په هر حال چې دے، Ongoing

سکیمونه چې دی، په هغې کښې پیسې نشته نو مهربانی د اوکړی، یکمشت د ورله هغه فنډ ورکړی چې هغه Ongoing سکیمونه سرته اورسی چې عوامو ته کوم ریلیف ملاویږی چې د نوی سکیمونو په شکل کښې عوامو ته هغه ریلیف ملاؤ شی۔ جناب سپیکر صاحب! دا کوم سسټم چې روان دے، زما خیال دے چې په شپږ کاله کښې چې دے نو شاید چې هغه زاړه سکیمونه هم سرته او نه رسی نو عوام به د نوې نه، او ورځ تر ورځه آبادی زمونږه دومره سیوا کیږی، ضرورتونه زمونږ سیوا کیږی، زما به ستاسو په توسط حکومت ته دغه خواست وی چې یره Ongoing سکیمونه کمپلیټ کړئ، د هغې نه وروستو بیا نوې سکیمونه دې قوم د پاره، د عوامو د ریلیف د پاره لانچ کړئ چې عوامو ته د هغې ریلیف ملاؤ شی۔ زه به د خپلې حلقې خبره اوکړم یو دوه، درې او زما په حلقه کښې د هر څه ضرورت دے، هلته کښې د اوبو ډیر سخت ضرورت دے، واټر لیول ډاؤن شوے دے او په ګراؤنډ هلته کښې چې دی، دې ادارو ته پته ده، د ډیپارټمنټس دا ټیوب ویلز وچ شوی دی، پکار ده چې دا حکومت هغه طرف ته توجه ورکړی او هغه د اوبو سکیمونه د قوم د پاره، د عوامو د پاره، د هغې د Renovation خبره اوکړی۔ په هیلتھ کښې چې دے زما سره سپیکر صاحب، دلته تاسو وعده کړې وه، دلته کښې Commitment شوے وو، زمونږه هزاره د ټولو نه ګنجان آباد یونین کونسل دے او په هغې کښې ډسپنسری نشته نو نه پکښې د هغې د پاره څه شته، زمونږ یو آر ایچ سی چې کله باران وی، د پاسه باران وریږی او لاندې په مریضانو باندې هم باران وریږی، د هغې سکیم د پاره پکښې څه نشته، بی ایچ یوز زمونږه چې کوم دی، هغه بد حاله دی، زمونږه روډونه بد حاله دی، زه د حکومت شکریه هم ادا کوم چې په دې نوی بجټ کښې زما حلقې له ډیر میګا پراجیکټس ایښودی دی، هغه د پلونو په شکل کښې دی، هغه د هسپتال په شکل کښې دی، د سول هسپتال په شکل کښې دی، هغه د هسپتال پیډز دی، زه به ستاسو په توسط حکومت ته دا خواست کوم چې دغه سکیمونه له دې Full-fledged fund ورکړے شی چې عوامو ته ریلیف ملاؤ شی، لکه دا کوم چې د شپږ شپږ، اووه اووه، لس لس کاله اخلی، هیڅ نه دی، دغه شان اوځنډولې شی او هغه شان ریلیف ملاؤ نه شی، کومو ته چې د عوامو خواهش دے۔ زه به اوس په

آخر کښې دا سوال اوکړم چې په دې نوی بجټ کښې د هسپتال پیډز او ورسره ورسره د ډګری کالج په کانجو ټاؤن شپ کښې د حکومت سره زمکه شته، زما دا خواست دے چې حکومت دې هغه طرف ته توجه ورکړی او دغه دې هلته کښې جوړ شی، عوامو ته به ریلیف ملاؤ شی او په آخر کښې یو خبره کوم، زمونږه کانجو فلائی اوور ما په دې دغه کښې هم خبره کړې وه، د بائی پاس فلائی اوور او د کانجو دا دوه فیزه دی، د وزیر اعلیٰ صاحب سره ما خبره هم کړې وه، هغوئ منلې ده چې دا دویم فیز چې دے، دا ډراپ دے خو په اے ډی پی کښې ئے بیا هغه نوم راغلے دے نو دا عوامو کښې د تشویش ختمولو د پاره زما وزیر قانون صاحب ته دا خواست دے چې د محکمې سره خبره اوکړی چې دا د څه نمونو خبره ده، یو طرف ته به یو سکیم ډراپ کیږی او بل طرف ته راځی نو د هغې سره به عوامو باندې دا خبره د تشویش ده او عوامو ته ډیر تکلیف دے، هغه چې ده، هغه غیر ضروری ده، د هغې په ځائې چې دا کوم دوه فلائی اوورز منظوری شوی دی، برجونه منظور شوی دی، رابطه پولونه له دې Full-fledged fund ورکړے شی چې دغه تکلیف چې دے، دا ټورسټس چې راځی، کوم هلته د علاقې نه دلته کښې دې پیښور ته راتلل اسان دی خو د کانجو نه مینګورې پورې ډیر ګران دی، نو دغه یو څو مسئلې دی۔ جناب سپیکر صاحب! د دې سره Related خبره نه ده خو زمونږه په تحصیل کبل کښې وفاقی ګورنمنټ یو ګرډ سټیشن د منظورئ اعلان کړے وو او زمونږه تحصیل کبل چې دے، هغه ډیر زیات په هغه خبره متاثره دے، د بجلئ په لحاظ نو زما حکومت ته خواست دے چې فوری طور د هغوی سره Tackle کړی او په هغې باندې کار شروع کړی۔ ستاسو ډیره مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب نذیر احمد عباسی صاحب، نذیر احمد عباسی صاحب، په نمبر کښې راروان یمه جی، په نمبر دے، دا اوګورئ جی، نو لاندې نه بره نه ځی کنه، بره نه د پاس نه راروان دے جی۔ نزیر احمد عباسی صاحب۔

<u>جناب نذیر احمد عباسی</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ جناب سپیکر صاحب، اورنگزیب نلوٹھا صاحب نے جو ابھی ٹورازم کے حوالے سے بات

کی ان کی بڑی مہربانی کہ انہوں نے میرے حلقے کا بھی ذکر کیا لیکن نامکمل کیا، تو میں اس کو ذرا مکمل کرنا چاہتا ہوں، بالکل بہت سی آبشاریں ہیں، بہت سی ویلی ہیں، نتھیا گلی اور ٹھنڈیانی کے درمیان جو ویلی آتی ہے، اس میں 'میراجانی پیک' ہے، اس کے ساتھ ٹورازم کا ایک بہت بڑا سکوپ وہاں پر موجود ہے اور میں نے شاید پہلے بھی اس کاتذکرہ کیا تھا، چونکہ پی ٹی آئی کی حکومت ٹورازم سیکٹر پہ فیڈرل گورنمنٹ بھی اور صوبائی حکومت بھی کام کرنا چاہتی ہے، میری تجویز تھی کہ ان علاقوں سے ہمارے جو ممبران صوبائی اسمبلی ہیں، ان سے بھی اگر تجاویز لی جاتی ہیں تو زیادہ بہتر کام ہو سکتا ہے، بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس سیکٹر میں ہمیں کوئی بہت بڑی انوسٹمنٹ بھی نہیں کرنا پڑے گی، اگر حکومت سرپرستی کرتی ہے اور ایک ماسٹر پلان بناتی ہے تو ایک بہت خوبصورت پلان بن سکتا ہے، جس پہ پرائیویٹ سیکٹر سے انوسٹرز آجائیں گے اور ہمیں ان علاقوں کو ڈیویلپمنٹ کرنے پہ کوئی بہت بڑی رقم خرچ نہیں کرنا پڑے گی اور یہی سلسلہ جو ہے آپ کو پورے ہزارہ میں ملے گا، ملاکنڈ میں ملے گا، سوات میں ملے گا اور سب جگہوں پہ ہے تو میرا خیال یہ تھا کہ آپ اس سلسلے میں ضرور ایک کمیٹی بنائیں جو اس پہ کام کرے، میں نے اس دن بھی آپ سے ریکویسٹ کی تھی، دوسرا انہوں نے تذکرہ کیا، اس پہ شاید اس دن بھی تذکرہوا تھا کہ جو ہزارہ میں زلزلہ ہوا تھا اس کی وجہ سے وہاں بہت بڑا انفراسٹرکچر تباہ ہوا تھا، اس میں سکولز ہیں، میرے حلقے میں آج بھی تقریباً ڈھائی سو سکولز وہ Incomplete پڑے ہوئے ہیں، بچے

یا تو وہاں سے سکول چھوڑ کر چلے گئے ہیں، بلکہ بہت بڑی آبادی ہے، اگر آپ 2005 کا ڈیٹا منگوائیں اور آج کا ڈیٹا، تو بہت زیادہ لوگ جو ہیں وہ صرف سکولز اور انفراسٹرکچر تباہ ہونے کی وجہ سے نقل مکانی کر گئے ہیں، Migrate کر کے قریبی شہروں میں چلے گئے ہیں، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان سکولوں کو جناب سپیکر، میری آپ سے یہ درخواست ہوگی کہ 'ایرا' کے جو پراجیکٹ نامکمل ہیں تو سی ایم صاحب 'ایرا' کے ممبر ہیں، ہمارے جو سی ایم صاحب ہیں وہ اس کے ممبر ہیں اور یہاں پہ وہ 'پیرا' کے ہیڈ ہیں تو میرے خیال میں یہ جو ہمارے زلزلہ 2005 کے متاثرہ اضلاع تھے، ان کے اراکین پر مشتمل ایک کمیٹی ہو اور سی ایم صاحب کی سرپرستی میں ہم اپنا یہ مقدمہ فیڈرل گورنمنٹ تک لے کے جائیں جو کہ اس کے فنڈ کا ایک تلخ جملہ ہے نلوٹھا صاحب یقیناً اس کو بھی برداشت کریں گے کہ اس کے فوراً بعد ان کی اتحادی حکومت بنی تھی، زلزلہ کے فوراً بعد اور وہ جو پیسہ ان پراجیکٹس پہ لگنا تھا، ان پراجیکٹس کو مکمل کرنا تھا، وہ ادھر ادھر لگا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: خاموش، ہاؤس ان آرڈر۔

<u>جناب نذیر احمد عباسی</u>: وہ پیسہ Misuse ہوا، اس لئے میں یہ کہتا ہوں کہ سب سے پہلے تو اس کو Investigate کیا جانا چاہئیے کہ ڈونرز نے ہمیں یہ پیسہ دیا تھا، جو ہمیں امداد ہمیں ملی تھی وہ صرف انہی پراجیکٹس پہ لگنا تھی، اس میں نلوٹھا صاحب کی پارٹی بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ ان کی تحادی حکومت تھی، اس میں یہ بڑا Misuse ہوا، اس کے بعد بھی جو حکومت آئی دوبارہ پیپلز پارٹی کی اس میں یہ Misuse ہوا۔ میں

سمجھتا ہوں کہ ہماری صوبائی حکومت اس کو بالکل سیریس لے، یہ تقریباً کوئی ایک ہزار سکولز ہیں جو ان متاثرہ اضلاع میں موجود ہیں، ان کو مکمل ہونا چاہئیے۔ چونکہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے ہیلتھ پہ اور ایجوکیشن سیکٹر پہ بہت زیادہ کام بھی کیا ہے اور کرنا بھی چاہتی ہے تو یہ ایک میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بدنما دھبہ ہے اس وقت ہمارے اس صوبے پر کہ ایک مخصوص علاقہ جو ہے اس کے اندر جہاں زلزلہ ہوا تھا آج بھی بے شمار، نلوٹھا صاحب کے حلقے میں بھی سکولز Incomplete ہیں، میرے حلقے میں بھی ہیں اور ان کی تعداد سینکڑوں میں ہے، اسی طرح بی ایچ یوز Incomplete ہیں، تو میں یہ چاہوں گا کہ آپ اس پہ ہمارا جو یہ مطالبہ ہے اس کو دیکھا جائے اور یہ سی ایم صاحب تک بھی یہ چیز پہنچائی جائے تاکہ اس پہ بہتر کام ہو سکے۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میڈم نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، میڈم نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: بہت شکریہ جناب سپیکر صاحب، کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا، جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میں شگفتہ بی بی کی بات کو سیکنڈ کرتے ہوئے یہی کہوں گی کہ گیارہ کروڑ جو بچت میں Show کئے گئے تھے تو پانچ کروڑ پھر ضمنی بجٹ میں لینے کی کیا ضرورت تھی؟ ایک تو میرا یہ کوئسچن آپ کی وساطت سے بنتا ہے کہ مجھے کوئی جواب دے کہ جب ایک طرف سیونگ ہو رہی ہے اور دوسری طرف ضمنی بجٹ میں پانچ کروڑ روپیہ آپ دوبارہ حکومت سے مانگ رہے ہیں تو اس کا کیا مطلب ہے؟ دوسری بات جناب سپیکر صاحب، 41.2 بلین

روپوں کا ٹارگٹ رکھا گیا تھا کہ ہم لوگ ریونیو میں یہ Achieve کریں گے، اس کے بعد خود ہی انہوں نے جب سمجھا کہ یہ پورا نہیں ہو سکتا تو اس کے بعد یہ 34.2 بلین پہ آگئے، 34.2 بلین بھی جب Achieve نہ ہو سکے تو sorry 24, 34 تو 34 بلین جب Achieve نہ ہو سکے، تو 24 بلین انہوں نے Achieve کئے تو یہ کیسے کہہ سکتے ہیں، جب ریونیو Achieve نہیں ہوتا ہے تو ہمارا وہ بجٹ سرپلس کہاں سے ہوتا ہے؟ جناب سپیکر صاحب، مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کیونکہ پاکستان سب کا پاکستان ہے، جس تصویر کے نیچے آپ بیٹھے ہوئے ہیں، یہ قائد اعظمؒ نے بنایا ہے، قائد اعظمؒ کے رفقاء نے بنایا ہے اور اس پاکستان کے لئے ہم نے ہمارے آبا و اجداد نے جتنی، آپ کے اس ہاؤس میں بیٹھے ہوئے بہت سے لوگوں کے آبا و اجداد نے بہت سی قربانیاں دی ہوں گی لیکن جناب سپیکر صاحب، آج جب ڈالر 163 روپے پہ چلا گیا ہے تو جناب سپیکر صاحب، ایک روپے کا مطلب، جب ہمارے پرائم منسٹر صاحب اپوزیشن میں ہوتے تھے تو وہ کہتے تھے کہ اگر ڈالر کا ایک روپیہ بڑھ جاتا ہے تو پتہ نہیں کتنے ارب جو ہیں اس سے پاکستان میں قرضوں کا بوجھ بڑھ جاتا ہے، جناب سپیکر صاحب، آج ہم 163.4 پہ چلے گئے ہیں، مجھے سمجھ نہیں آتی کہ یہ قرضے ہم لوگ کیسے چکائیں گے؟ دوسری بات جناب سپیکر صاحب، میں مختصر طریقے سے یہ بات کروں گی کہ انہوں نے پولیس میں جو کٹ لگایا ہے، پولیس میں جو کٹ لگایا ہے، جناب سپیکر صاحب، پولیس میں نہ میں نے کسی کو بھرتی کروایا ہے سولہ سالوں میں، نہ میں نے کسی کو ٹرانسفر کروایا ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ پولیس کا

ڈیپارٹمنٹ ہماری افواج پاکستان کے ساتھ باقاعدہ طورپر شانہ بشانہ لڑتا رہا ہے اور آج جب میں دیکھتی ہوں تو پولیس کے پاس، سر، آپ کی توجہ چاہتی ہوں، پولیس کے پاس وائرلیس نہیں ہیں، وائرلیس سے وہ ایک دوسرے کو Contact نہیں کر سکتے ہیں جناب سپیکر صاحب، ان کے پاس پٹرول نہیں ہے، ان کے پاس وہ لینڈ کروزر نہیں ہیں کہ اگر ایک سمگلر کے پاس یا ایک مجرم کے پاس اگر لینڈ کروزر ہوتی ہے تو وہ ان کے پیچھے کیسے اپنی گاڑی کو دوڑائیں گے؟ کیونکہ میرا خیال ہے کہ پچاس سال پرانی یا چالیس سال پرانی ان کے پاس گاڑیاں موجود ہیں، جناب سپیکر صاحب، ان کے پاس پٹرول نہیں ہے، ایک بڑی Important بات جو کہ میں نے سی ایم صاحب کو باقاعدہ طور پر لکھ کر بجھوائی تھی، ان کے نمبر پر ان کو میسج کیا تھا کہ نو ہزار خاندان جو ہیں سپیشل پولیس کے ہیں، جناب سپیکر، جب آپ لوگ نئے لوگ لے رہے ہیں اور آپ پولیس میں نئی بھرتیاں کر رہے ہیں تو جناب سپیکر، یہ لوگ Already trained ہیں اور ان Trained لوگوں کو آپ اس میں کیوں نہیں کھپاتے پندرہ ہزار روپے پہ، آپ کو پتہ ہے کہ آج اگر ایک بچہ ٹافی بھی لیتا ہے تو ہم اس پر بھی ٹیکس دیتے ہیں، جناب سپیکر صاحب، ہم نے عوام کے لئے سوچنا ہے، ہم نے اعداد و شمار پر نہیں جانا ہے، مہنگائی اتنی زیادہ بڑھ گئی ہے کہ ہر بندہ جو ہے وہ کسی نہ کسی طرح سے کرب میں مبتلا ہے، جینا یہاں پر مشکل، مرنا یہاں پر مشکل، یہاں پر ہر چیز جس طریقے سے مہنگی ہو رہی ہے، جناب سپیکر صاحب، ایک اور بات میں یہ کرنا ضرور چاہوں گی اور اس میں میں آپ کی رولنگ

بھی چاہوں گی، اگر اس خیبر پختونخوا کے ساتھ مخلص ہیں، ہر بندے کی اپنی اپنی ایک وہ ہوتی ہے، تو آپ اس پر مجھے رولنگ دیں گے کہ ایک پودا ہے، اس کا نام 'یوکلس' ہے، یہ جو پودے اب لگا رہے ہیں، چونکہ یہ جلدی بڑا ہوتا ہے لیکن ایک یہ درخت جو ہے وہ تقریباً کوئی نہروں کی نہریں پی جاتا ہے، جناب سپیکر صاحب، یہ کراچی میں بھی یہ لگایا گیا تھا، یہ پودا خوبصورت بھی ہے، لوگ ابھی اس کو وہاں سے اسے اکھاڑ رہے ہیں، سندھ کا پانی جو ہے وہ اس لئے بھی ختم ہو رہا ہے کہ یہ انہوں نے خوبصورتی کے لئے اپنے گھروں کے سامنے لگائے تھے، آج وہ پورے کے پورے تالاب اور پورے کے پورے جو ٹیوب ویلز ہیں وہ پی رہے ہیں، ایک پودا جو ہے وہ پورے ٹیوب ویل کا پانی پیتا ہے تو جناب سپیکر صاحب، اس میں میری حکومت سے یہی درخواست ہوگی کہ یہاں پر جو پانی کا ہمارے پاس ذخیرہ ہے اس ذخیرے کو نہ ختم کرنے کے لئے ان پودوں پر پابندی لگائے، اور اس کے بجائے کوئی اور پودے لگائے جائیں جو دس سال میں بڑے ہوں، جو بیس سال میں بڑے ہوں، ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ تیسری بات جناب سپیکر صاحب، پولیس کے لئے میں آپ سے درخواست کر رہی ہوں کہ میں نے فرانزک لیبارٹری کی بات کی، اس میں مجھے کوئی جواب نہیں ملا، جناب سپیکر صاحب، برن سینٹر پر میں نے بات کی، اس پر مجھے کوئی جواب نہیں ملا، جناب سپیکر صاحب، ہمارا ایک ذولفقار علی بھٹو ہاسپیٹل جس کے لئے باقاعدہ فنڈز ریلیز ہو چکے تھے لیکن انہوں نے اس اے ڈی پی میں سے ذولفقار علی بھٹو میڈیکل کالج جو ہے اس کو باہر نکال دیا ہے، کیا اس کا

جواب دیں گے کہ آخر ان کو بھٹو کے نام سے اتنی تکلیف کیوں ہے؟ بھٹو کا نام جہاں بھی آتا ہے وہاں سے یہ لوگ اسے نکال دیتے ہیں، بینظیر بھٹو ہاسپیٹل ہے، اس کو یہاں سے ختم کر دیا گیا۔ جناب عالیٰ! میں آخری بات یہی کہوں گی کہ جب تک سورج چاند رہے گا، بھٹو تیرا نام رہے گا۔ بہت مہربانی، بہت شکریہ۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عنایت اللہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن اس سے پہلے کہ میں ضمنی بجٹ پر بات کروں، جو کل سپیکر صاحب نے Guillotine کی پاور استعمال کی تھی اس میں لیگل پوائنٹ ہے، میں اس پربات کرنا چاہتا ہوں اورمیں اس کا ریسپانس بھی نہیں چاہوں گا، میں صرف آن دی ریکارڈ اس چیز کو رکھنا چاہتا ہوں۔ کل سپیکر صاحب نے رول 148(4) کے تحت اپنا اختیار استعمال کرتے ہوئے جو ڈیمانڈز تھیں اس پر کٹ موشنز کو Guillotine کر دیا، یہ Guillotine کا لفظ جو ہے یہ ہمارے رولز آف بزنس کے اندر استعمال نہیں ہوا ہے لیکن یہ Basically جو ہے یہ جو انڈین پارلیمنٹری پریکٹسز ہیں، ان کی کتاب میں اس کے لئے Guillotine کا لفظ استعمال ہوا ہے، باقی بھی جو برٹش پارلیمنٹری سسٹم ہے اس کے اندر اس کے لئے یہی لفظ استعمال ہوتا ہے اور Guillotine کی ہسٹری بڑی خراب ہسٹری ہے، Guillotine basically French revolution کے دوران ان کی جو مسلسل حکومتیں آتی رہیں اور اس میں ایک وقت ایسا آیا کہ ظلم بالکل انتہاء پر پہنچ گیا اور لوگوں کو مسلسل پھانسیاں دی

جاتی رہیں تو چونکہ روٹین کی جو پھانسی کا طریقہ کار تھا وہ مشکل تھا تو ایک مشین انہوں نے بنا لی اور اس مشین کے اندر لوگوں کو ڈال کر ان کے سر کاٹتے تھے، یہ اسی مناسبت سے اس کٹ موشن کو Guillotine کہتے ہیں اور کل سپیکر صاحب نے بھی وہی کام کیا، جو Established Parliamentary Practices ہیں، یہاں جو پارلیمنٹری نام ہیں وہ یہ ہیں کہ اس ہاؤس سے باہر اپوزیشن لیڈرز کے ساتھ مل کر کٹ موشنز طے ہوتی ہیں، اس ہاؤس کے اندر بھی طے ہوتی ہیں کہ ان کٹ موشنز کے اوپر ڈیبیٹ ہوگی اور اس کے Onward بالکل آخری وقت پر کہ جب ڈیمانڈز فار گرانٹس پوری نہیں ہوتی ہیں تو پھر اس کے اوپرGuillotine کا جو رول ہے، 148(4) وہ استعمال ہو جاتا ہے، سپیکر صاحب نے کل ہماری عدالت کے اندر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کیونکہ ہم نہیں تھے، We were not around، انہوں نے پانچ چھ مطالبات کے بعد سب کے اوپر Guillotine کی پاور استعمال کی، اس پاور کا استعمال انہوں نے Judiciously نہیں کیا ہے، I want to place it on record that Speaker Sahib has not used his power of 148 (4) judiciously and it should be used sparingly.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عنایت صاحب، آپ سپلیمنٹری بجٹ پر اگر بات کریں تو بہتر ہوگا۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: بس میں ریکارڈ پر بات لانا چاہتا تھا کہ کل انہوں نے بجٹ کے اوپر اوپن ڈیبیٹ کو Encourage نہیں کیا، Discourage کر دیا اور Judiciously اپنی پاورز کو استعمال نہیں کیا جو کہ ایک غیر صحت مند پارلیمنٹری پریکٹس اور روایت ہے۔ میں نے پچھلے سال Excess اور سپلمنٹری بجٹ کا نکتہ

اٹھایا تھا، میں اس پر اب بھی سٹینڈ کرتا ہوں اور آپ کی اس بجٹ بک کے اندر، آپ کی جو یہ ڈاکیومنٹ ہے اس کے اندر بھی آپ نے Interchangeably اس لفظ کو استعمال کیا ہے، آپ نے کہیں Excess استعمال کیا ہے، کہیں سپلیمنٹری استعمال کیاہے، یہ نکتہ اب بھی حل طلب ہے، آپ اس کو کسی کمیٹی کے اندر ریفر کریں، یہ Constitutional issue ہے، Constitution کے اندر پہلے سپلیمنٹری کا نام آیا ہے پھر Excess کا نام آیا ہے، سپلیمنٹری اس کو کہا گیا ہے کہ آپ کو کوئی ایڈیشنل سروس جو ہے آپ کے پاس آجاتی ہے، ایڈیشنل ضرورت آجاتی ہے اور Excess آپ ایک منظور شدہ گرانٹ کے اندر زیادہ خرچہ کر دیتے ہیں، اس لئے یہ نکتہ اب بھی حل طلب ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ Confusion موجود ہے، لاء منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، فنانس ڈیپارٹمنٹ کو اس اسمبلی کے لئے اسے Once and for all دور کرنا چاہئیے۔ آپ نے پچھلے سال رولنگ دی تھی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس کو مزید کسی کمیٹی کے اندر Scrutinize کرنے کی ضرورت ہے۔ میرے بعد خوشدل صاحب بھی ہو سکتا ہے، اس پر بات کریں جناب سپیکر صاحب، آپ کا جو سپلیمنٹری بجٹ ہے اس کے اندر آپ کے جو پندرہ ارب روپے ہیں، وہ ڈیویلپمنٹ کے ہیں اور تقریباً بارہ ارب جو ہیں وہ Recurring Expenditure کے ہیں، اس میں سب سے زیادہ خرچہ جو ہے وہ پنشن کا ہے، میں منسٹر انچارج صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ وہ تھوڑا Explain کریں کہ اتنا خرچہ کیوں سامنے آرہا ہے؟ جناب سپیکر صاحب، جو آپ کے پندرہ ارب روپے ہیں پہلے کی طرح ایک مرتبہ پھر اس میں سب سے بڑا جو ہیڈ ہے وہ Communication اور روڈ سیکٹر کا ہے، ہر سال آپ روڈ

سیکٹر کے لئے Re-appropriation کرتے ہیں اور وہ Re-appropriation جو ہے وہ بے انصافی سے خرچ کرتے ہیں، وہ مخصوص اضلاع کو دے دیتے ہیں، وہ پانچ چھ سات ضلعے اس بک کے اندر ان ضلعوں کے نام ہیں، نوشہرہ ہے، ہری پور ہے، سوات ہے، مردان ہے، صوابی ہے، ڈی آئی خان ہے، باقی ضلعوں کو تھوڑی تھوڑی زکواۃ دے دیتے ہیں، ہمارے ضلع کو بھی ثناءاللہ صاحب کو ایک سکیم کے اندر ساٹھ کروڑ روپے کی زکواۃ دی گئی ہے لیکن باقی کسی بھی ضلع کو آپ نہیں دیتے ہیں، آپ نئے بجٹ کے اندر بھی بے انصافی کرتے ہیں اور اس میں بھی بے انصافی کرتے ہیں، آپ یہ کہتے ہیں کہ ایجوکیشن اور ہیلتھ جو ہے ہماری Priority ہے، Revised میں آپ سارے پیسے ایری گیشن، اور یہ ہمیشہ سے آپ کی روٹین رہی ہے، ورنہ آٹھ دس آپ کے جو بجٹس ہیں، بجٹ بکس ہیں ان کو اٹھا کر دیکھ لیں کہ آپ کے Revise میں سارا خرچہ، میجارٹی کا جو آپ کا خرچہ ہے وہ آپ کا ایری گیشن اور روڈ سیکٹر کے اوپر ہو جاتا ہے اور اس کے اندر صرف ایک سیکٹر ایسا ہے کہ آپ کا ہائر ایجوکیشن کے اندر دو ارب روپے خرچہ ہوا ہے، دو ارب بیس کروڑ کے Around اس میں بھی دو ارب آپ نے جو ہری پور کے اندر 'Pak-Austria Fachhochschule University' ہے اس کو دیئے ہیں۔ اب دیر اپر کے اندر بھی انجینئرنگ یونیورسٹی کا کیمپس 2015 سے آپ کی بجٹ بک کا حصہ رہا ہے، اس کو تو آپ تین کروڑ روپے دیتے ہیں، اس کو آپ نئے Revise میں بھی پیسے نہیں دیتے ہیں، اس کو آپ ایسے ہی چھوڑ دیتے ہیں، اس کو آپ Implement بھی نہیں ہونے دیتے ہیں، اس کے لئے آپ نے ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو انسٹرکشنز

ایشو کی ہوئی ہیں کہ یہ جو اپوزیشن کے حلقوں کے اندر میگا پراجیکٹس ہیں ان سب کو De-exercise، ان کو بالکل Implement نہ ہونے دیں، میں تو حیران ہوں جناب سپیکر صاحب، کہ آپ کا جب نیا بجٹ آجاتا ہے تو اس میں بھی یہ چار چھ سات آٹھ ضلعے ہوتے ہیں، آپ کا Revised budget ہوتا ہے، سپلیمنٹری بجٹ ہوتا ہے، آپ کی ساری ڈیویلپمنٹ انہی پانچ چھ سات اضلاع تک ہوتی ہے، میں حیران ہوں پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کیسے پلاننگ کرتا ہے، فنانس ڈیپارٹمنٹ کیسے اس ظلم کو برداشت کرتا ہے؟ میں حیران ہوں کہ ہماری گیلریز کے اندر بیٹھے ہوئے دوست کیوں یہ ظلم اخبارات کے اندر رپورٹ نہیں کرتے ہیں، ہم کیوں حق کی گواہی کو چھپاتے ہیں، ہم کیوں اس چیز کو ریکارڈ پر نہیں لاتے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب، میں منسٹر صاحب کے پاس دس پندرہ مرتبہ گیا کہ میرے حلقے کے اندر سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ، آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے اندر پچاس کروڑ سے زیادہ کی Liabilities ہیں، اس میں سے آپ پورے سو فیصد مت دیں، دس پندر، بیس پرسنٹ دے دیں، جس طرح آپ کی Re-appropriation.....

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: عنایت اللہ صاحب! آپ سپلیمنٹری پر آجائیں۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: یہ بات سپلیمنٹری کے اوپر ہے، یہ جو فگرز میں کہہ رہا ہوں یہ سپلیمنٹری کےیہ کہہ رہا ہوں، یہ پندرہ ارب جو آپ کے میں کہہ رہا ہوں، یہ آپ کے سپلیمنٹری کا ڈیویلپمنٹ بجٹ ہے، میں نے آپ سے کہا کہ آپ کا Recurring expenditure بارہ ارب ہے، آپ کا سپلیمنٹری پندرہ ارب ہے، میں نے آپ کو بتا دیا کہ اس میں آپ کے پاس تین بڑے ہیڈز ہیں، ایک بڑا ہیڈ آپ کے

پاس روڈز کا ہے، چھ ارب روپے آپ نے روڈز میں Re-appropriate کئے ہیں، آپ نے ایریگیشن میں زیادہ پیسے Re-appropriate کئے اور اس مرتبہ ہائر ایجوکیشن، چونکہ آپ کے ہری پور کے اندر آسٹریا کے تعاون سے 'Pak-Austria Fachhochschule University' آپ بنا رہے ہیں، اس کو دو ارب روپے آپ نے دے دیئے ہیں، اس لئے سپلیمنٹری کے اندر بھی آپ ان چند ضلعوں کو نوازتے ہیں، ہم یہ دکھڑا آپ کو سناتے ہیں، آپ کے ذریعے سے ان کو سناتے ہیں اور ہم مسلسل یہ کہتے رہے ہیں، جو صدا بہ صحرا ہے اور منسٹر صاحب جو ہیں Specially Communication Minister وہ Busy ہیں، وہ باتیں کر رہے، ان کے اوپر کوئی فرق بھی نہیں پڑ رہا ہے لیکن بہر حال ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم یہ آواز اٹھائیں اور ہم اس چیز کو پھر یہاں سے Pick کر کے اپنے لوگوں کو بھی بتائیں کہ آپ کے حق کے لئے ہم نے آواز اٹھائی تھی لیکن میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس اسمبلی کے اندر اگر ہماری آواز کی کوئی Value نہیں رہے گی تو اس سے آگے پھر عدالتیں ہوں گی، اس سے آگے پھر چیف منسٹر کے گھر کا گھیراؤ ہوگا، تو آپ وہاں تک ہمارے لوگوں کو نہ لائیں، ہمیں اس پر مجبور نہ کریں کہ آپ سپلیمنٹری میں بھی بے انصافی کرتے ہیں، اس میں بھی کرتے ہیں اور چند ضلعوں کو نوازتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ سپلیمنٹری بجٹ Bad planning کا نتیجہ ہوتا ہے اور یہ جو سپلیمنٹری بجٹ ہے، جو International standard based practices ہیں، Basically British Parliamentary Practice ہمارے لئے ہیے، ہم اسی کو Follow کرتے ہیں، اس کے اندر جو فروری، مارچ اپریل ان کے لئے باقاعدہ مختلف انہوں نے سیزن رکھے ہوئے ہیں، اس

کے اندر یہ پیش ہوتے ہیں، ہم ان پریکٹسز کو بھی Follow نہیں کرتے ہیں اور سال کے End پر یہ Book لوگوں کو تھما دیتے ہیں اور انگوٹھا لگا دیتے ہیں۔ اس پر سچی بات یہ ہے کہ میں وہی جو Demands for grant اس کے آئیں گے تو اس میں بھی ہم No کا ووٹ دیں تاکہ کم از کم اس اسمبلی کے اندر ہمارا احتجاج ریکارڈ پر آجائے گا۔ آپ کا مشکور ہوں، Thank you very much.

جناب ڈپٹی سپیکر: Lighter note میں ایک بات کہوں گا، عنایت اللہ صاحب نے کہا ہے کہ ہم تو یہاں سے دکھڑا سنا دیتے ہیں اور یہ سنتے نہیں ہیں، تو عنایت اللہ صاحب! پچھلی گورنمنٹ میں جب آپ ادھر بیٹھے ہوئے تھے اور میں آپ کا Colleague تھا تو میں بھی آپ کو دکھڑا سناتا تھا، آپ سنتے نہیں تھے۔

جناب عنایت اللہ: میں کہتا ہوں کہ زیادتی ہے، وہاں سے جواب آتا ہے تو آپ بھی تو Part of the Cabinetتھے، آپ نے بھی زیادتی کی ہے، میرے خیال میں Two wrongs do not make one right، یہ اس بات کا جواب ہے کہ آپ نے غلط کام کیا ہے تو میں بھی غلط کام کروں گا، میرے خیال میں یہ صحیح جواب نہیں ہے، ہمیشہ سے آپ یہ غلط جواب دیتے ہیں، آپ کو اس کا جواب یہ نہیں دینا چاہیے کہ آپ نے غلط کام کیا ہے تو میں بھی غلط کام کر رہا ہوں، یہ Debatable ہے، اس میں میں جواب دے سکتا ہوں کہ میں نے کیا، مطلب میں نے کس طریقے سے اپنے فنڈز اور اپنے ڈیپارٹمنٹ کو Handle کیا ہے لیکن یہ جواب۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ صاحب، عنایت اللہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ: نہیں دینا چاہئیے آپ کو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ صاحب! آپ کی بات صحیح ہے لیکن آپ اپوزیشن کی بات کر رہے ہیں، میں تو آپ کا Colleague تھا اور آپ نے مجھے نظر انداز کر کے اپنی پارٹی کے بندے کو پروموٹ کرنے کی کوشش کی تھی۔ جناب خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، پہلے مجھے ایک پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنے کی اجاز ت دے دیں، لیگل پوائنٹ آف آرڈر ہے، پھر اس کے بعد میں بات کروں گا، And that is very important Point of Order.

جناب ڈپٹی سپیکر: سر، آپ بجٹ پر بات کریں، پوائنٹ آف آرڈر وہ ہوتا ہے جو اس بجٹ سے Related ہو۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، یہ اسی بجٹ کے بارے میں ہے اور آپ اس پر رولنگ دیں گے، دیکھیں میں ادھر ادھر کی بات نہیں کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، آپ خود اس عہدے پر رہ چکے ہیں، قابل عزت ہیں، آپ کو لاء اور قانون سب معلوم ہے لیکن پوائنٹ آف آرڈر وہ ہوتا ہے جو آپ ضمنی بجٹ پیش کر رہے ہیں، اس میں اگر کوئی چیز غلط جا رہی ہے، Track پر غلط جا رہی ہے تو آپ اس پر پیش کر سکتے ہیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: وہی ہے، دیکھیں میں Irrelevant Point of Order نہیں کروں گا، نہیں تو پھر باہر جاؤں گا، میں ایسا ہی پوائنٹ آف آرڈر کروں گا جو اس معاملے کے مطابق ہو، آپ مجھے اجازت دے دیں کہ میں ان سے ایک کوئسچن کر لوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بجٹ پر بات کر لیں، پھر آپ بعد میں بات کر لیں گے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میرا پوائنٹ آف آرڈر سن لیں، لاء منسٹر صاحب، یہ اگر مجھے اجازت دیتے ہیں یا نہیں دیتے، میں اپنی تقریر میں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اپنے بجٹ پر بحث کریں جی۔

## نکتہ اعتراض

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: آپ مجھے یہ جواب دے دیں آرٹیکل 124 کے تحت یہ سپلیمنٹری بجٹ ہے یا Excess budget ہے؟ مجھے آپ یہ جواب دے دیں کہ آرٹیکل 124 جس پر آج ہم بحث کر رہے ہیں، یہ سپلیمنٹری بجٹ ہے یا Excess budget ہے؟ یہ مجھے بتا دیں کہ ہم سمجھ جائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! انہوں نےاپنی بات کر لی، جواب آپ آخر میں دیں گے، پہلے یہ بجٹ پر اپنی تقریر کر لیں پھر آپ آخر میں جواب دے دیں گے، **تاسو خپل بجټ باندې بحث کوئ جی،** جواب آخر میں جب سلطان صاحب Respond کریں گے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: اس کا مجھے پتہ نہیں کہ یہ کیا جواب دیں گے؟ اگر یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، یہ کہہ رہے ہیں، یہ والی بات آپ چھوڑیں، وہ جو کہہ رہے ہیں، وہ آپ اپنی طرف سے کہہ رہے ہیں کہ وہ کیا کہیں گے، وہ جب کہیں گے تو پھر آپ Respond کریں، دیکھیں جی، خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، آپ غلط Interpretation کر رہے ہیں، سپیکر صاحب، میری بات تو سنیں نا۔
جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خا ن صاحب، آپ ضمنی بجٹ پر بحث کریں۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، آپ غلط Interpretation کر رہے ہیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نے خود کہا کہ وہ کہہ رہے ہیں۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: اگر یہ مجھے پہلے جواب دے دیں کہ یہ اگر سپلیمنٹری ہے تو اس پر بحث کروں گا، اگر یہ مجھے کہہ دیں کہ یہ Excess budget ہے تو پھر میں بحث کروں گا، اب مجھے کیا پتہ یہ کونسا بجٹ ہے؟
جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ خوشدل خان صاحب، اس میں پچھلے بجٹ میں بھی اس پر رولنگ دی جا چکی ہے تو اس میں Same وہی رولنگ ہے۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کونسی رولنگ ہے؟
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کو یاد نہیں ہوگا، آپ ریکارڈ سے معلوم کرکے دیکھ لیں کہ کیا رولنگ دی گئی تھی۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا؟
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ریکارڈ چیک کر کے دیکھ لیں کہ اس میں کیا رولنگ دی گئی تھی۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کوئی رولنگ نہیں تھی۔
جناب ڈپٹی سپیکر: رولنگ دی گئی تھی۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کوئی Specified ruling نہیں تھی، کوئی Substantive ruling نہیں تھی، آپ نے اس کو Confuse کر دیا تھا، آپ مجھے یہ بتائیں، کیونکہ مجھے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اور دوسری بات یہ ہے کہ آپ پوائنٹ آف آرڈر پر مجھ سے بات کریں گے، آپ نے تو سلطان خان کو ڈائریکٹ مخاطب کر کے Personal explanation کی بات کی ہے۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جب میں ڈسکشن کروں گا، اب مجھے کیا پتہ ہے کہ میں کس بجٹ پر بحث کروں گا، سپلیمنٹری ہے کہ یہ Excess budget ہے؟ کیونکہ یہ Constitution اگر آپ پڑھ لیں، اٹھا لیں تو اس میں دو ٹائپ کے ہیں، آپ آرٹیکل 124 ذرا پڑھ لیں، اس میں دو ٹائپ کے ہیں، Statement of Supplementary Budget and Statement of Excess Budget.، تو اب مجھے کس بجٹ پر بحث کرنی ہے؟ اگر یہ Separate ہیں تو میں Separate پر بات کروں گا، اگر یہ Collective ہیں تو یہ ذرا بتا دیں نا، کیا فرق پڑتا ہے؟
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ نے پوائنٹ آف آرڈر پر بات کی، میں آپ سے ایک کوئسچن کرتا ہوں، جب آپ اس اسمبلی کا حصہ تھے اور آپ چیئر کر رہے تھے اور آپ اسمبلی میں ضمنی بجٹ پیش کر رہے تھے تو وہ Excess budget تھا یا سپلیمنٹری بجٹ تھا؟ اس کا جواب آپ مجھے دیں۔

(تالیاں)

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ ابھی اس کا جواب تو میرے بھائی نے آپ کو دے دیا کہ آپ اپنی پرانی چیزوں کو چھوڑ دیں، آپ کیوں غلطی کرتے ہیں؟ فرض کیا In case۔۔۔۔
جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، ایک منٹ۔
جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: آپ کہتے ہیں کہ اس نے یوں کیا، اگر کسی نے قتل کیا ہے تو آپ بھی کریں گے؟
جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، ایک منٹ۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دیکھیں آپ جواب دے دیں، آپ اپنا وژن دے دیں (شور اور قطع کلامیاں) آپ مجھے جواب دے دیں، آپ اپنا جواب دے دیں، (شور) یہ کیا کر رہے ہیں؟ جواب دے دیں، جواب دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، ابھی ایک منٹ۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جواب نہیں دے سکتے، جواب دے دیں، جواب دے دیں، کیا کر رہے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جواب سن لیں نا جی، ایک تو آپ کہتے ہیں کہ ہمارے پرانوں نے یہ کیا وہ کیا، جب آپ کے پرانوں نے یہ کیا تو آپ کے پرانے ہیں، تو آپ نے بھی وہی کیا۔ لاء منسٹر صاحب۔

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): تھینک یو مسٹر سپیکر۔ میں جواب ضرور دوں گا، آپ کا شکریہ، لیکن یہ ایک بات میں ذرا کہنا چاہوں گا کہ میں تو جواب دوں گا لیکن یہ ہمت پیدا کریں گے، اپنے بلڈ پریشر کو Low رکھیں گے اور جواب سنیں گے، یہ میری ان سے ریکویسٹ ہوگی۔ (تالیاں) سر، اب دوسری بات میں کرنے والا ہوں لیکن بلڈ پریشر والی بات اس درمیان آپ یاد رکھیں گے، دیکھیں۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! ایک منٹ جی، اور ابھی سے میں یہ بتا رہا ہوں کہ Cross talk نہیں ہوگی، آپ نے سوال کیا ہے، یہ جواب دیں گے، اس کے بعد یہ نہیں کہ آپ پھر دوبارہ سوال کریں اور یہ دوبارہ جواب دیں، اس کے بعد یہ سلسلہ ابھی Close ہوگا۔

وزیر قانون: اب آپ کو جواب پسند ہو یا نہ ہو، یا اس سے آپ اختلاف کرتے ہیں وہ آپ کا

حق ہے لیکن جواب آپ پورا سن لیں اور اس کے بعد اپنی کوئی بات کریں۔ سر، میں ایک بات بتانے والا ہوں کہ یہاں پر بہت زیادہ رولز کے بارے میں ہمارے کچھ ممبران بات کرتے ہیں، تھوڑا بہت آتے ہوئے ایک دو رولز پڑھ لیتے ہیں اور اس کا پورا مطلب ان کی سمجھ میں نہیں آتا اور یہاں پر بیان کر دیتے ہیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ ایوان جو ہے یہ مقدم ہے اور اس کی Sovereignty یا اس کا جو Precedenceہے وہ پورے صوبے کے سٹرکچر میں سب سے زیادہ ہے لیکن مجھے افسوس تب ہوتا ہے، بہرحال یہ بات تو میں کر رہا ہوں لیکن میں آج مبارکباد بھی دینا چاہوں گا جو ہمارے ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ ہیں، کل ہائی کورٹ نے ان کو بحال کر دیا ہے (تالیاں) جو یہاں پر ہمارے سپیشل اسسٹنٹ یا ایڈوائزر ہاؤس کے اندر اگر بیٹھے ہیں اور اگر ہمارے حمایت اللہ صاحب اور اجمل وزیر صاحب آج گیلری میں بیٹھے ہیں، ان کو بھی ہم ویلکم کرتے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میں یہاں سے اجمل وزیر صاحب اور حمایت اللہ صاحب کو ویلکم کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>وزیر قانون</u>: تو جو بات میں کہنے والا ہوں، اب آپ سنیں۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ابھی سن لیں، سن لیں جی۔

<u>وزیر قانون</u>: جو بات میں کہنے والا ہوں اس کو ذرا سن لیں، بار بار بلڈ پریشر، اس لئے پھر میں بتاتا ہوں۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: House in order، سن لیں، House in order، ابھی سن لیں جی، سنیں۔۔۔۔

(شور)

وزیر قانون: میرے پاس ادھر دوائی کی دکان سے بلڈ پریشر کی جو۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: سن لیں جی۔

وزیر قانون: وہ بلڈ پریشر کی ٹیبلٹ بھی ملتی ہے، اگر وہ چاہئیے تو میں ان کو وہ بھی دے دیتا ہوں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سن لیں، ابھی سن لیں، ایک دوسرے کو سن لیں، ایک دوسرے کو برداشت کر لیں۔

وزیر قانون: مایوسی کی بات یہ ہے، میں بار بار کہہ رہا ہوں کہ اگر بلڈ پریشر کی دوائی کی ضرورت ہے تو میں ان کو کوئی دوائی یا ٹیبلٹ لا کر دے دیتا ہوں وہ کھا لیں، میرے خیال میں پھر کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔ میں جو بات کہنے والا ہوں، بار بار آپ کہتے ہیں کہ ایوان مقدم ہے، پارلیمنٹ سپریم ہے، خدارا یہ نہ کریں کہ پارلیمنٹ کی بات آپ لے کر جا تے ہیں کورٹ میں، اور جب کورٹ لے جاتے ہیں تو کل آپ کو پھر شکست بھی ہوئی، آپ نے کورٹ کو Confuse کیا تھا، ادھر غلط بیانی کی تھی اور کل کورٹ نے فیصلہ دے دیا ہے اور وہ بحال ہو گئے ہیں (تالیاں) لیکن میں پھر بھی یہ ریکویسٹ کروں گا کہ اس پارلیمنٹ کی باتیں، ہماری سیاسی باتیں، ہماری جو یہاں پر روایات ہیں، ان کو آپ یہاں سے کورٹ کی طرف کم از کم نہ لے کے جائیں، کورٹ کا اپنا ایک مینڈیٹ ہے اور اس پارلیمنٹ کا اپنا ایک مینڈیٹ ہے۔ سر، اب میں آتا ہوں جو انہوں نے یہ سوال پوچھا ہے، خدارا اگر آپ کو جواب پسند نہیں ہے، آپ کو سپیکر کی

رولنگ پسند نہیں ہے تو وہ الگ بات ہے، Last year مجھے یاد ہے عنایت اللہ صاحب موجود ہیں، سپلیمنٹری بجٹ پر جس دن ڈیبیٹ شروع ہوئی تو صبح مجھے فون آیا، میں ایوان میں تھوڑا لیٹ پہنچا تھا، مجھے فون آیا کہ ایک Legal issue اور Constitutional issue اپوزیشن کی طرف سے اٹھایا گیا ہے کہ یہ سپلیمنٹری بجٹ ہے یا Excess budget ہے؟ تو میں جلدی سے یہاں پہنچا، دس منٹ کی بریک تھی، اسمبلی میں پہنچا اور اس کا ہم نے ایک پورا مفصل جواب ان کو دے دیا تھا، جو آئین کے آرٹیکل 124 کی یہ بات کر رہے ہیں، اس میں سپلیمنٹری بجٹ اور Excess budget کو بڑا Clearly defined کیا گیا ہے، سپلیمنٹری بجٹ جو ہے یہ، بلکہ میں ڈیبیٹ بھی میں سن رہا تھا، تھوڑی بہت مجھے اور بھی مایوسی ہوئی ہے کہ کچھ ممبران کو یہ سمجھ نہیں آرہی تھی، سپلیمنٹری بجٹ میں ہم ادھر کوئی نئے پیسے تو نہیں مانگ رہے ہیں، یہ وہ پیسے ہیں جو خرچ ہو چکے ہیں اور ابھی ایوان سے ان کی منظوری لینی ہے، تو یہ Already خرچ ہو چکے ہیں اور Excess اور سپلیمنٹری کا میں آپ کو ایک Simple سا فرق بتاتا ہوں، Excess وہ پیسے ہیں جو پبلک اکاؤنٹ کمیٹی جو ریفر کرتی ہے اور اس میں اگر کوئی پیسے زیادہ آجائیں اور وہ ریفر ہوتے ہیں، تو کل میری فنانس سیکرٹری صاحب سے بھی اس کے اوپر بات ہوئی، یہ Last year بھی ہوئی تھی، تو Excess جو ہیں یہ وہ پیسے ہیں، سپلیمنٹری وہ ہیں جو مختلف Objects کے لئے یا مختف ہیڈز کے نیچے ایک ڈیپارٹمنٹ اگر وہ ایکسٹرا پیسے خرچ کر لیتا ہے، اپنے تخمینہ سے زیادہ تو وہ سپلیمنٹری بجٹ کے Through اسمبلی سے پھر Approve کیا جاتا ہے۔

سر، میں آپ کو رولز کے مطابق، رول 225، میں ایوان کی توجہ کے لئے یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ Last year پوری ڈیبیٹ جو آج ہم کر رہے ہیں، یہ آپ کے سامنے ہوئی، بلکہ آپ مسند نشین تھے، آپ اسی کرسی پر اس وقت بیٹھے ہوئے تھے اور جب اپوزیشن نے اور ہم نے اپنا Stance دیا تو آپ نے اس کے اوپر پھر ایک رولنگ دی تھی، تو میں رول 225 کو Quote کروں گا ، Points of order and decisions thereon، جب آپ اس کا سب رول 4 دیکھیں تو جناب سپیکر، وہ کہتا ہے کہ The Speaker shall decide all points of order which may arise and his decision shall be final، تو اگر رولنگ ایک دفعہ یہاں سے آگئی ہے تو وہ رولنگ فائنل ہے، اس کو پھر نہیں Agitate کیا جا سکتا، تو جب خوشدل خان صاحب یا عنایت صاحب ہر ایک بات پر اٹھ کر رول کی اکثر، ان کے ساتھ میری ایک دوستی بھی ہے، میں کہتا ہوں کہ یہ غلط Interpretation کبھی کبھار کر لیتے ہیں تو ازراہ کرم اگر آپ ان رولز کو مانتے ہیں اور ہمیشہ ان کو Quote کرتے ہیں تو جب سپیکر نے رولنگ دے دی ہے، انہوں نے کہہ دیا ہے کہ This is the Supplementary Budget تو پھر تو یہ اس رول کے تحت، سب رول 4کے نیچے تو پھر تو یہ فائنل ہے۔ تو اس کو میرے خیال میں سارے ہاؤس کو ماننا چاہئیے اور میں اس بات کے اوپر اور زیادہ بات نہیں کروں گا ، اس ڈیبیٹ کو Once for all ختم ہونا چاہیئے اور آپ آئیں اور سپلیمنٹری بجٹ کے اوپر آپ ڈیبیٹ جاری رکھیں تاکہ کچھ اچھی Suggestionsہوں، آپ کے پاس، اگر بجائے اس کے کہ ہر ایک چیز کو لیگل اور ہر ایک چیز کو پھر یہ ڈرانے اور دھمکانے کی بات کرتے ہیں کہ ہم ہائی کورٹ جائیں گے، ہم سپریم کورٹ جائیں گے، ہم

سول کورٹ جائیں گے، میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ اگر آپ ہر ایک بات کو لے کر جائیں گے تو اس کو ہم چیلنج کریں گے اور ان شاء اللہ کل جس طرح آپ کے ساتھ ہوا ہے، ہر فورم پر آپ کے ساتھ پھر اسی طرح ہوتا رہے گا۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: لائق محمدؐ خان صاحب، لائق محمدؐ خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، میں بات کروں گا، اس نے میرا نام لیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے اس کے بعد، ابھی میں نے اس کا نام پکارا ہے، اس کے بعد میں آپ کو موقع دیتا ہوں، میں آپ کو پھر موقع دیتا ہوں۔ لائق محمدؐ خان (شور) لائق محمدؐ خان، لائق محمدؐ خان صاحب، (شور) میں نے پہلے سے کہہ دیا تھا کہ کوئی Cross talk نہیں ہوگی، میں نے بول دیا تھا، آپ کی طرف سے سوال آیا ہے، میں نے پہلے بول دیا تھا، انہوں نے Respond کیا، ابھی پھر آپ کہیں گے، وہ پھر جواب دیں گے (شور) Sorry، لائق محمدؐ خان صاحب، Sorry، لائق محمدؐ خان صاحب، (شور) Sorry، لائق محمدؐ خان صاحب (شور) آپ بجٹ پر بات کریں گے، میں آپ کو موقع دے رہا ہوں آپ بجٹ پر بات کریں جی، اگر آپ نہیں کرنا چاہ رہے ہیں تو میں کسی۔۔۔۔

جناب لائق محمدؐ خان: ایک منٹ میں بٹھا تا ہوں، (شور) میں بٹھاتا ہوں، **خبرہ واورئ جی، زہ خبرہ اوکرم بیا تاسو اوکڑئ، زما ډیر Important دے۔**

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: **ستا Important دے خو زما هم Important دے، بیا تاسو اوکړئ۔**

جناب ڈپٹی سپیکر: لائق محمدؐ خان صاحب، آپ بات کریں، خوشدل خان صاحب، آپ بیٹھ جائیں

Personal explanation، یہ بجٹ اجلاس ہے، یہاں سے پھر جواب جائے گا۔ (شور) میں آپ کو فلور نہیں دے رہا، آپ جتنے بھی چلائیں گے آپ کو فلور نہیں ملے گا، (شور) آپ جتنا بھی چلائیں گے آپ کو فلور نہیں ملے گا، بالکل نہیں ملے گا۔ لائق محمدؐ خان صاحب، (شور) میں فلور آپ کو نہیں دے رہا، لائق محمدؐ خان صاحب، آپ اگر نہیں کرنا چاہتے تو میں دوسرے کو فلور دے رہا ہوں، آپ کا پانچ منٹ ٹائم ہے، میں نے آپ کا ٹائم سٹارٹ کر دیا ہے۔

(جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ، رکن اسمبلی اپنا احتجاج جاری رکھے ہوئے تھے)

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی آپ کرتے ہیں یا نہیں کرتے؟

(معزز رکن اسمبلی اپنا احتجاج جاری رکھے ہوئے تھے)

جناب ڈپٹی سپیکر: اگر آپ چلائیں گے تو چلانے سے کچھ نہیں ہوگا، آپ جتنا چلانا چاہتے ہیں چلائیں لیکن آپ کو فلور نہیں ملنے والا۔ (شور) لائق محمدؐ خان صاحب، آپ کے دو منٹ گزر گئے ہیں (شور) پانچ منٹ کے لئے پھر میں آپ کو فلور نہیں دوں گا-----

(معزز رکن اسمبلی اپنا احتجاج جاری رکھے ہوئے تھے)

جناب ڈپٹی سپیکر: لائق محمدؐ خان صاحب، لائق محمدؐ خان صاحب۔

جناب لائق محمدؐ خان: شکریہ جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لائق محمدؐ خان صاحب۔

(معزز رکن اسمبلی اپنا احتجاج جاری رکھے ہوئے تھے)

جناب ڈپٹی سپیکر: لائق محمدؐ خان صاحب، آپ کے چار منٹ پورے ہونے والے ہیں۔

## ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2018-19 پر عمومی بحث

جناب لائق محمد خان: (جناب خوشدل خان، رکن اسمبلی کو مخاطب کرتے ہوئے) **کبنیئ جی، کبنیئ۔** شکریہ جناب سپیکر، بجٹ پیش ہو گیا، بجٹ میں چترال، کوہستان، شانگلہ، بٹگرام، ٹانک، لاء منسٹر سے گزارش ہے کہ ذرا تھوڑی سی توجہ دے دیں، پسماندہ ضلعوں شامل ہو گئے، رائیٹ سائڈ پربٹگرام ہے لفٹ سائڈ پر شانگلہ ہے اور سنٹر میں تورغر ہے مگر تورغر کو پسماندہ ضلعوں میں شامل نہیں کیا گیا، آپ یقین کریں کہ یہ ایک ایسا ضلع ہے کہ جس میں ایک بھی کالج نہیں ہے تو مہربانی کرکے جس طرح پرسوں شہرام خان صاحب نے کہا تھا کہ جن اضلاع میں کام کے لئے بجٹ میں ہم نے اے ڈی پی میں پیسے نہیں رکھے تو اب ہم ان کو اس میں شامل کریں گے۔ میری ریکویسٹ ہے کہ مہربانی کرکے ہمارے ضلع کو بھی جس طرح یہ پانچ پسماندہ ضلعے ہیں، اسے بھی شامل کریں، ہمارے تورغر کو بھی اس میں شامل کریں، بڑی مہربانی ہوگی۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ کالج کی میں نے بات کر دی کہ چند دن پہلے میرے ساتھ جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے کالج کا وعدہ کیا تھا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ایک منٹ، ضمنی بجٹ پر آپ بحث کریں، آپ تو اپنے حلقے، ضمنی بجٹ پر بات کریں۔

جناب لائق محمد خان: میں آگیا جی، اسی پر آ گیا ہوں۔ اچھا، دوسری گزارش یہ ہے کہ ہماری سب سے ضروری گزارش یہ ہے کہ کل وزیر اعلیٰ صاحب نے جو سپیشل فورس کو ضم کیا ہے پولیس میں، میں انتہائی مشکور ہوں

وزیر اعلیٰ صاحب کا کہ میرے تورغر کے تین سو لڑکے جو ہیں جوکہ امیر حیدر خان نے بھرتی کئے تھے، ان کی کچی نوکری تھی، وزیر اعلیٰ صاحب نے کل ان کو مستقل کرنے کا اعلان کیا ہے، میں اس بات پر وزیر اعلیٰ صاحب کا انتہائی مشکور ہوں اور ساتھ ہی میری تیسری گزارش یہ ہے کہ تور غر میں، یہ تھوڑا سا بجٹ سے اس بجٹ سے Related نہیں ہے لیکن نہایت ضروری ہے، آپ کے لئے، میرے لئے سب کے لئے کہ تور غر میں پولیو کے تین کیسز دو دن پہلے سامنے آئے ہیں، تین کیسز جو کہ انتہائی موذی مرض ہے اور وہاں پر تین بچے جو ہیں وہ اس بیماری میں مبتلا ہیں، جن لوگوں نے اس پہ لاپرواہی کی ہے، ان کے خلاف کارروائی کی جائے اور فوراً وہاں پر ٹیمیں بھیج کر اس معاملے کو اسی وقت Settle کیا جائے ورنہ یہ متعدی بیماری ہے، یہ مزید نقصان پہچائے گی۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: صلاح الدین صاحب، لیکن صلاح الدین خان، آپ اپنی سپیچ پشتو میں کریں گے یا اردو میں کریں گے؟

<u>Mr. Salahuddin</u>: Thank you, Mr. Speaker Sir.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میں Lighter note میں کہہ رہا ہوں ان کے ساتھ۔

<u>Mr. Salahuddin</u>: Thank you Mr. Speaker Sir, I try to be in Pashto or Urdu this time. First of all, we had the recent budget and I would like to take advantage of the opportunity that I have been given. First of all, I would go to the Health Department, which is very and very utterly important, let me say that and touch my ADP and the ADP this one and the ADP of my constituency…..

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: صلاح الدین صاحب! آپ نے بجٹ بک اٹھائی ہوئی ہے، یہ ضمنی بجٹ کی نہیں ہے، یہ ضمنی بجٹ پہ آپ بات کریں۔

<u>Mr. Salahuddin:</u> Exactly, it is just pertinent, it's part of that, and it's just a part of that, so, in this budget and even the previous budget,

because we are discussing the supplementary one, no amount had been allotted to Azakhel BHU.

اضاخیل کښې چې زمونږه کومه بی ایچ یو ده، د هغې د پاره دا ځل له د خندا خبره ده، دا تیر ځل هم او دا ځل له هم که زه تاسو ته دا اووایم، کیدې شی چې زمونږه د دغه طرف والا ملګری نه خو دا باقی د ټول هال دا خلق به ورپورې هم اوخاندی چې زر روپئ ئے ورله مختص کړې دی، زر روپئ د بی ایچ یو د پاره (قہقہے) خوشحاله شو چې دوئ هم اوخندل، خیر دے چې کله نا کله دا خو صرف دغه یو وه او زمونږ یو بل ملګرے دے چې په هزار خوانئ کښې یو بله بی ایچ یو ده او د هغې خو دوئ خبره نه کوی خو مه کوه، دا د هزار خوانئ هم زه خبره کوم او دا د میډیا والا.....

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: صلاح الدین خان، صاحب آپ ضمنی بجٹ پہ بات کریں تو، آپ تو ضمنی بجٹ پہ، آپ تو ضمنی بجٹ پہ بات نہیں کر رہے ہیں۔

<u>جناب صلاح الدین</u>: دا ضمنی بجټ باندې خبره ده، سر، دا تیر بجټ کښې چې کوم ایلوکیشن ورته شوے وو، دا ځل خو بیا نه دے شوے خو هغه خو هم ستاسو په حکم باندې هغه دا کتاب کیښودو، ډیر څه ورکښې دی خو هغه کتاب مو کیښودو او فی الحال دا چې کوم دے، تیر ځل شوی وو نو هغه د هغې ژړا به اوژاړو چې فی الحال په متنو کښې یو کیټګری ډی هاسپټل دے سر، په هغې کښې اول ورته څه فنډ نه وو او هغه چې کله فنډ راغلو نو هغې کښې یو داسې قسم ته، هیلته ډیپارټمنټ باندې راځم، د هغوی خبرې اول ډسکس کوم چې هغې کښې ئے یو داسې ایم ایس لګولے دے چې نه د خلقو خوښ دے او نه د سټاف خوښ دے او هغه نیب زده دے او دا نیب زده پکار ده چې دلته دوئ نه وے او ګورنمنټ خو دا نه کولې، نو مونږ ورته وایو چې دا نیب زده او د هغوی ملګری دے، دلته نه دې لرې کړی پلیز چې دلته کښې ترقی راشی چې ورکښې دا کارونه اوشی۔ بیا زه مخکښې ځم، په بی ایچ یو کښې اوس Recently د پولیو یو واقعه شوې وه او هغې کښې په ماشو خیلو کښې زمونږه بی ایچ یو ئے سیزلې وه، دیوالونه ئے ورله غورزولی وو، هیلته ډیپارټمنټ سره Related څوک هم که ناست وی، منسټر صاحب خو نشته خو که څوک هم وی نو د هغې د راته لږ یقین

دهانی اوکړی چې هغې باندې به څه کار کوی او څه سوچ ئے دے او کله به ئے راته روانه وی؟ Secondly, I would like to touch Education، په ایجوکیشن کښې ما په مارچ کښې په دې باندې یو توجه دلاؤ نوټس راوستے وو او هغوی ته مو وئیلی وو چې دلته سکولونه دی چې هغه ایف سی او پولیس نیولی دی، Occupy کړی دی اوهغه ټائم منسټر صاحب یا ایډوائزر ټو چیف منسټر هغوی راته آفر اوکړو چې زه به پخپله ځم درسره خو چې څنګه نورې دعوې وې، هغه هم یو دعویٰ وه، ټهیک ده چې سیاست لوبه به هم کوؤ خو کله به پریکټیکل کار به هم کوؤ کنه جی، (تـــالـــیـــاں) نو هغه Practically اونه شو، هغوی راسره لا هم نړل، هغه چې څوک ئے راسره واستول، ډائریکټر صاحب ډیر ښه سړے وو، ډیر شریف، ډیر Well learned خو لکه زما غوندې بې وسه وو نو هغه لاړو، هغه ځائې ئے اوکتلو، څنګه چې زه ایم پی اے یم خو د ایکس ایم پی اے د لاسه زه بې وسه شوے یم نو دغسې هغه زمونږه ډائریکټر صاحب هم بې وسه وو، هیڅ ترې نه جوړ نه شو، زمونږه ګورنمنټ ته، زمونږه منسټرز ته، زمونږ خپل کولیګز ته خواست به وی چې په دې باندې لږ غور اوکړی، دې صوبې ته لږ توجه ورکړئ او لږ راسره هیلپ اوکړئ او دا زما مسئله نه ده، دا زمونږ د قوم او قوم زما نه دے زمونږد ټولو دے، صوبه زمونږه د ټولو ده، نو ټول مونږ سره لږ هیلپ اوکړئ او دا کوم ایکس ایم پی اے صاحب چې زمونږه وو، د دغې حلقې نه، هغه چې ما سره زما حلقې سره او زما په خیال چې زمونږه د پی ټی آئی ملګری په دې ښه پوهیږی چې زه څوک یادوم، نو په هغې باندې لږ راسره ورکښې هیلپ کوئ چې دا علاقه مو ترقی اوکړی، سیاسیت، سیاسیت به وروستو او د علاقې د قوم او د ملک خبرې به مخکښې کوؤ۔ Mr. Speaker! Just a couple of more points, just a couple of more points، پبلک هیلتھ انجینئرنګ زمونږ په علاقه کښې زه دا د تیر بجټ خبره کوم، هغې ته ایلوکیشن شوے وو خو ولې چې هغه حلقه زما ده نو هغې ته ریلیزز نه کیږی، نو شهرام خان، د سپیکر صاحب په وساطت سره درته وایو که تاسو لږ پرې خیال اوکړو، څه ریلیزز مو چاته اووئیل او لږ څه دا Streets او Pavements زمونږ په علاقه کښې هم اوشی، که لږ خلقو ته اوبه اورسی نو کیدې شی چې دعا درته اوکړی او جنت ته خو به هسې

هم مونږ ان شاءالله ځو خو دا ده چې دعا به درته زمونږ دا خلق هم اوکړی چې او.....

(تـالـیـاں)

Since the time I have been elected, since the time I have been elected, there was a project and it was, like, a complete project about drinking water and that drinking water project was in progress right from that time onward, since I was elected, and up till now, no action has been taken and I am going to bring a privilege motion against the XEN of that Public Health Engineering, but that is at the later stage. Whatever, I wanted to say that this should be taken into consideration and some help from the government is needed, please kindly extend the helping hands to…..

جنـاب ڈپـٹـی سـپـیـکـر: صلاح الدین خان، وائنډ اپ کړئ جی۔

جنـاب صلاح الـدیـن: بس سر، یو پاتې شو۔

جنـاب ڈپـٹـی سـپـیـکـر: وائنډ اپ کړئ جی۔

جنـاب صلاح الـدیـن: پی ډی اے کښې زمونږ په علاقه کښې چې دا تیر الیکشن کیدو، الیکشن 2013 چې کیدو نو هغه ټائم کښې خلقو ته د هغه ټائم ایم پی اے صاحب د خلقو د راغب کولو د پاره شپاړس روډونه په هغه علاقه کښې Inaugurate کړل او هغې له ئے منظور کړل، ایلوکیشن ورته شوے دے خو هلته کښې زه راغلم نو هغه زما په راتګ باندې خلقو ته سزا د پاره هغه کار اودریدو، پلیز په هغې باندې لږ خیال اوکړئ، دا هم راله روان کړئ۔

جنـاب ڈپـٹـی سـپـیـکـر: دا تاسو په ضمنی بجټ باندې خبرې اوکړئ جی تاسوخپل پرسنل دغه شروع کړو جی۔

جنـاب صلاح الـدیـن: تهینک یو۔

جنـاب سلطان محمدخـان (وزیـر قـانـون): جناب سپیکر۔

جنـاب ڈپـٹـی سـپـیـکـر: جی سلطان خان۔

وزیـر قـانـون: سر، ماصرف دا ریکویسټ کولو دا صلاح الدین زمونږ ملګرے هم دے خو دا رول چې کوم دے جی نو (a) (2) 219 چې کوم دے زمونږه دا سمبلئ دا رول هغې کښې دی چې:

“A Member while speaking shall not- (a) reflects upon the President or the Governor in his personal capacity;”

نو ما یو دوه ځل ګزاره اوکړه خو چونکه بار بار ریفرنس ګورنر صاحب ته روان دے نو د رولز لړ شان د دې خیال اوساتئ، نور که څه خپله خبره ئے وی نو هغه د خیر دے اوکړی، هغې کښې څه مسئله نشته۔

جناب صلاح الدین: جناب سپیکر، د هغوی نوم خو ما نه دے اغستے۔

جناب ډپټی سپیکر: صلاح الدین خان، صلاح الدین خان، Continue کړئ او وائنډ اپ کړئ جی۔

Mr. Salahuddin: Sir, I didn’t mention the word ‘Governor’ and there was another person, as well.

جناب ډپټی سپیکر: صاحبزاده ثناء الله، صاحبزاده ثناء الله صاحب، صاحبزاده ثناء الله، صاحبزاده ثناء الله۔

صاحبزاده ثناء الله: شکریه جناب سپیکرصاحب، شکریه جناب سپیکرصاحب، ډیره مهربانی۔

جناب ډپټی سپیکر: شهرام خان Lighter note باندې دوئ ژاړی، تاسو هم ورسره ژاړئ خیر دے۔

صاحبزاده ثناء الله: شکریه جناب سپیکرصاحب، چې تاسو په دې ضمنی بجټ باندې د خبرو کولو موقع مو راکړه، ما خو هغه ورځ چې خبرې کولے نو زما خیال دے چې ټولې درې منټه خبرې مې نه وې کړې او سپیکر صاحب وئیل بس کړئ۔

جناب ډپټی سپیکر: اوس درته پنځه منټه دی، زر زر، قیصې به نه کوئ، خپله خبره کوه۔

صاحبزاده ثناء الله: نو عرض کومه، درخواست کومه چې یو دوه درې منټه راله لږ زیات راکړئ نو مهربانی به وی۔

جناب ډپټی سپیکر: پنځه منټه به درکومه، قیصې مه کوه او خبره اوکړه۔

صاحبزاده ثناء الله: جناب سپیکر صاحب! د ضمنی بجټ په حواله دا یو درخواست کوم او چې کله تاسو ضمنی سپلیمنټری بجټ پیش کړو خو دا ده چې کومې پیسې مونږ سره د مرکز نه راشی یا دلته چرته سیونګ اوشی او هغه بیا مونږه محکمو له ورکوؤ نو زما یو تجویز دا دے چې د هغې د پاره یو فارمولا وضع شی او داسې فارمولا وضع شی چې په کوم ځائې کښې چا ښه کار کړے وی، زر ئے کړے وی یا ئے Liabilities ډیر وی نو پکار ده چې هغه له ئے ورکړی ځکه چې دا ځل ډیرې پیسې په لوکل ګورنمنټ کښې تاسو په سی ایم ډائریکټیو کښې ورکړې وے نو هغه واپس شوې او که واپس نه شوې نو هغه په لوکل طریقه باندې او بیا تاسو هغه ایم پی ایز صاحبانو نه تجاویز واغستل او نورو سکیمونو ته مو ورکړې نو زما دا خیال دے چې په دیکښې د انصاف اوکړے شی او د دغه انصاف د تقاضې مطابق چې کوم ځائې کښې Liability zero پکار وه چې هغې له ورکړې شوې وے خو د بد قسمتئ نه تاسو هغه شان اونه کړے شو، مونږ له خو پکښې نه دی ملاؤ شوی، البته څه زکواة لږ شان ملاؤ شوے وو نو هغه زکواة باندې مو ګزاره کړې ده۔ جناب سپیکر صاحب! عرض دا کوم او خصوصاً شهرام خان صاحب ته او عنایت الله صاحب نه مو معذرت کړے وو خو قهر شو، داسې وایم چې انصاف اوکړئ او که انصاف د اونکړو نو هسې نه چې داسې اوشی لکه چې عنایت الله صاحب زمونږه خوا ته ناست دے نو دا عرض کوم، ځکه عرض کوم چې پندره سو ملین روپو کښې۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: دا عنایت الله صاحب ته تا خیرې کړې دی؟

صاحبزاده ثناء الله: پندره سو ملین روپو کښې ماته یوه روپئ په تیر شوی حکومت کښې نه ده ملاؤ شوې، ټینډرې مو کړې وې، کارونه شوی دی نو اوس شهرام خان صاحب ته وایم چې د خدائے د پاره وعده راسره د خدائے په نیز اوکړه چې کوم لږ شان پیسې د اوس ایښودې دی، دیر بالا او دیر پائیں سره خو هسې هم زیاتے شوے دے، مونږه ئے خو تباه وبرباد کړی یو۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: ثناءالله صاحب! دا ضمنی بجټ دے، دا پیسې ورکړې شوې دی او په دې لږ ځان پوهه کړئ، ډیپارټمنټ دا غواړی نه، دا صرف لیګل کول دی، هغه خبره اوکړئ او تاسو خو نورې خبرې رانیولې دی۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: جناب سپیکر صاحب! نو زہ خو هم دغه ضمنی خبرہ کوم کنه، ما خو د بل څه خبرہ نه ده کړې۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خو تاسو په غلط پوائنټ لګیا یئ۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: جناب سپیکر صاحب! زه په دې خبره نه پوهیږم یا تاسو زما په دې خبره نه یئ پوهه شوی، که وایئ چې په اردو کښې ئے اووایه نو په اردو کښې به خبره اوکړم، نور خو ما د ضمنی بجټ خبره کړې ده، ما خو د بل څه خبره نه ده کړې چې خامخا تاسو بار بار مداخلت کوئ۔ زما عرض دا دے چې کومې پندره سو ملین روپئ په تیر شوی حکومت کښې منظور شوې دی نو په هغې کښې د راسره شهرام خان وعده اوکړی چې تاله به پکښې د خدائے په نیز باندې پورا حصه درکوم او دې صاحبانو ته به یو شعر ډالئ کړم:

ہم نے مانا کہ تغفل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تجھ کو خبر ہونے تک

زما عرض دا دے، زما دې ورونړو ته دا عرض دے چې کوم ضمنی بجټ دے، په آئنده کښې چې کومې پیسې او زمونږ سره زیاتے کیږی، مونږ سره دې هغه خپله وعده چې سی ایم صاحب کړې وه او دلته عاطف خان اوشهرام خان دوئ ټولو په شریکه کړې وه، زمونږ چې کومې پیسې پاتې دی نو هغه دې مونږ ته او هغه حلقو ته ورکړے شی۔ جناب سپیکر صاحب په Re-appropriation کښې په سی اینډ ډبلیو کښې مونږ ته هغه شان پیسې ملاؤ نه شوې کوم چې پکار وی ځکه چې سنتالیس کروړو پراجیکټ د پاره یوه روپئ ملاؤ نه شوه او هلته زه ئے By name تاسو ته هغه لسټ هم ښایم، دا دے ما سره دے، په 2015 کښې زمونږه کارونه شروع شوی وو، ایک کروړ روپئ په سنتالیس کروړ روپو کښې ایښودې کیږی او په Re-appropriation کښې ورته بیا پیسې نه ملاویږی او کومو خلقو ته چې ملاؤ شوی دی، د هغوی دا اے ډی پی نمبر په 2019 کښې دا سکیم شروع شوے دے، پی ډبلیو ډی په 2019 کښې هغه سکیم کمپلیټ شو او لکه څنګه چې لائق محمد خان اووئیل چې زما ضلع ترې وستلې شوې ده۔ جناب سپیکر صاحب، د ټولو نه پسمانده ترین ضلع چې ده نو هغه دیر بالا ده او دا ځکه ده که تاسو دا

خبره کوئ چې زمونږ په دیر بالا کښې کارونه شوي دی نو یوه کمیټی مقرر کړئ او لاړ شئ زمونږه د هسپتالونو حالت اوګورئ، زمونږه د سکولونو حالت اوګورئ، زمونږه یو هپستال کښې کیټیګری ډی هسپتال چې زما په حلقه کښې 1200 per day plus پورې په هغې کښې او پی ډی کیږی خو جناب سپیکر صاحب! مخکښینی حکومت کښې هم وعده شوې وه، په دیکښې هم شوې ده چې دا به مونږه اپ ګریډ کړو خو تر اوسه هغه اپ ګریډ شوے نه دے او زه د وزیر اعلیٰ صاحب د دې اعلان چې هغه ئے د سپیشل فورس د پاره کړے دے او هغه ئے Permanent کړی دی نو دا ئے په مونږه او په ټوله صوبه باندې او خصوصاً زمونږه دواړه دیرونه او د سوات بلکه په ملاکنډ ډویژن ئے خصوصی مهربانی کړې ده، مونږه د هغه شکریه ادا کوؤ ځکه چې د دې باره کښې کمیټی مقرر شوې وه۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ثناءاللّٰه خان! وائنډ اپ کړئ جی، تاسو وائنډ اپ کړئ۔

<u>صاحبزاده ثناءاللّٰه</u>: جناب سپیکر صاحب! وائنډ اپ کوم جی، عرض دا کوم که تاسو نه په خپل تعریف باندې خوشحالیږئ نه نو بیا خو مو بدی بیانوؤ نو بیا اوچتیږئ، قهریږئ، غصه کیږئ، مونږه خو دې تعریف اوکړو، په هغې باندې هم دوه منټه زیات نکړل خو بې انصافی مه کوئ او د بې انصافئ انجام خلقو لیدلے دے، پخوا به آخرت ته پاتې کیدو، وئیل به ئے چې په آخرت کښې به ترې اوځی، اوس ترې په دنیا کښې اوځی، نو هسې نه۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تاسو بار بار عنایت اللّٰه صاحب ته نشاندهی کوئ خو دا خبره ټهیک نه ده۔ جناب سردار حسین بابک صاحب، سردار حسین بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، اپنی بات سے پہلے سپیکر صاحب، جب سے یہ بجٹ اجلاس شروع ہوا ہے تو ہمارا اے سی بھی خراب ہے اور میرے خیال میں شاید اس پہ ٹائم لگے گا، مجھےعلم ہوا ہے کہ اس پہ ٹائم لگے گا 'سیکنڈلی' جناب سپیکر، ہمارا یہ ساؤنڈ سسٹم جو ہے میرے خیال میں ابھی

تھوڑی اس میں کوئی خرابی آئی ہے تو یہ بڑا ضروری ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کی آواز کلیئر ہے، آپ کی آواز کلیئر ہے، آپ کی آواز کلیئر ہے، بعض ایم پی ایز کی آواز کلیئر نہیں ہے، آپ کی کلیئر ہے۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، میں ایک انتہائی، ظاہر ہے یہ بجٹ سیشن ہے اور ضمنی بجٹ پہ میں مختصر بات کروں گا، جب میں اسمبلی میں آیا تو ایک انتہائی اہم مسئلہ تھا لیکن میں نے ٹائم کی کمی کی وجہ سے پوائنٹ آف آرڈر کے لئے آپ سے ریکویسٹ نہیں کی مگر چونکہ یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے، بہت ہی اہم ایشو ہے، بہت ضروری ہے اور جب میں اس پہ ایک منٹ لے لوں گا تو آپ کو خود اندازہ ہو جائے گا۔ جناب سپیکر، سوات موٹر وے، یہاں شکیل خان بیٹھے ہوئے تھے مگر وہ ابھی نہیں ہیں، دو مہینے پہلے ضلع ملاکنڈ میں 'ظلم کوٹ' کا علاقہ ہے، ظاہر ہے جس ایریا سے یہ موٹروے جا رہا ہے، ظلم کوٹ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نام ہی ایسا ہے تو۔

جناب سردار حسین: تحصیل بٹ خیلہ، ضلع ملاکنڈ، وہاں پہ بہت بڑا آپ اس کو فنانشل سکینڈل کہہ سکتے ہیں یا جو بھی آپ اس کو کہیں، جناب سپیکر، یعنی جو لینڈ ڈونر ہیں، ان ایک سو پچاس زمین مالکان سے حکومت نے جو زمین خریدی ہے، لاء منسٹر سے ریکویسٹ ہے کہ وہ اس کو نوٹ کر لیں، یہ ایک سو پچاس مالکان ہیں اور 38 کروڑ روپیہ ایک بندے کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہو گیا ہے، جناب سپیکر، ایک بندے کے اکاؤنٹ میں، جو کہ بہت Illegal ہے، یہ ہو ہی نہیں سکتا، حکومت جہاں پہ بھی زمین خریدتی ہے

تو وہاں پہ سیکشن فور لگ جاتا ہے اور لینڈاونر کی زمینوں کی قمیت کے Against جب چیک ریلیز ہوتے ہیں تو اسسٹنٹ کمشنر، تحصیلدار اور موضع کا پٹواری ان کی موجودگی میں شناختی کارڈ چیک کرتے ہیں، Physical verification کرتے ہیں اور اس بندے کو چیک Payment against land وہ دے دیتے ہیں، جناب سپیکر، اب ہوا اس طرح ہے کہ بار بار زمین مالکان اینٹی کرپشن میں بھی گئے ہیں، انہوں نے نیب میں بھی درخواست دی ہے، ڈپٹی کمشنر کو بھی پتہ ہے یعنی ایک فرد وہ بھاگ بھی سکتا ہے، اب وہ بندہ لوگوں کو Trap کر رہا ہے، ضلع ملاکنڈ کا ہے، لہذا میری میڈیا سے بھی درخواست ہے کہ چونکہ 38 کروڑ کی زمین ہے، 38 کروڑ کی، یعنی زمین مالکان کو جس طرح بھی ہو آج سے مجھے یقین ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سردار حسین بابک صاحب، آپ کا پوائنٹ نوٹ کر لیا گیا ہے۔ سلطان خان صاحب! انہوں نے جس طرح بات کی ہے آپ Proper اس کو Investigate کریں اور سب کے ساتھ حق ہونا چاہئیے۔

<u>جناب سردار حسین</u>: اس کی انکوائری ہونی چاہئیے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: وہ کریں گے جی۔

<u>جناب سردار حسین</u>: او رآج ہی منسٹر صاحب ڈپٹی کمشنر کو ڈائریکٹیوز دے دیں، شکیل خان بھی آگئے ہیں، وہ شاید اس پر بات کر لیں جو 38 کروڑ روپے، مجھ سے کل ملاکنڈ کے کچھ لوگوں نے رابطہ کیا اور صبح جب میں نے آپ کو دیکھا، میں نے کل آپ سے رابطہ کے لئے کوشش کی لیکن آپ سے رابطہ نہیں ہوسکا، وہ کہتے ہیں کہ ایک بندے کے اکاؤنٹ میں 38 کروڑ روپے چلے گئے ہیں اور

تحصیل بٹ خیلہ میں سارے زمین مالکان جو ہیں، ظلم کوٹ میں تو Kindly آپ اس مسئلہ پہ فوری ایکشن لے لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب، اب بجٹ پر بھی بات کر لیں، آپ کا پوائنٹ نوٹ ہوگیا ہے اور منسٹر صاحب کو بتا دیا گیا۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر، یہ ہمارے لئے خوشی کی بات ہے کہ ہمارے منسٹر لاء جو ہیں وہ بلڈ پریشر کے ڈاکٹر بھی بن گئے ہیں، تو یہ بھی ہمارے لئے خوشی کی بات ہے، ان کے پاس ٹیبلٹس بھی ہوتی ہیں لیکن میرے خیال میں ہمیں تو اس کی ضرورت نہیں ہے، اگر یہ ہسپتالوں میں دوائیں پہنچائیں تو جناب سپیکر، ہمارے سینیئر لائرز اور پارلمینٹرین صرف وضاحت کرنا چاہتے تھے کہ یہ عدالتی جنگ ہے، عوامی نیشنل پارٹی عدالت میں گئی ہے جو ایڈوائزر یا جو سپیشل اسسٹنٹس ہیں ان کی اپوائنٹمنٹ کے اوپر ہمیں Stay ملا ہے، ظاہر ہے ہمیں عدالت نے Stay دیا ہے۔ جناب سپیکر، ہم یہ رائٹس رکھتے ہیں کہ حکومت کے کسی ایکٹ پہ ہمیں اعتراض ہو تو ہم عدالت جانے کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور ان شاءاللہ ہماری لیگل ٹیم موجود ہے، ہم سپریم کورٹ میں بھی جائیں گے لیکن منسٹر لاء سے یہی ریکویسٹ ہوگی کہ کل 2018-2019 کا جو بجٹ ہے، وہ Stay ہوگیا ہے، مجھے امید ہے کہ ان شاءاللہ حکومت جو ہے وہ اس پر من و عن (تالیاں) عمل کرے گی۔ جناب سپیکر، جو ضمنی بجٹ ہے، ابھی فنانس منسٹر بھی نہیں ہیں تو میرے خیال میں یہ کوئی نیک شگون نہیں ہوتا لیکن ظاہر ہے حادثات، سانحات انسان کے علم میں نہیں ہوتے لیکن شکر الحمدللہ کہ پچھلے ایک سال میں یا پچھلے گیارہ مہینے میں کوئی اس

طرح کے واقعات پیش نہیں آئے ہیں جس کی وجہ سے اتنی بڑی اماؤنٹ اس صوبائی حکومت کو دینا پڑی ہو، لیکن پھر بھی حکومتیں ہوتی ہیں، حکومتوں کی اپنی ترجیحات ہوتی ہیں جناب سپیکر، حکومتوں کی ترجیحات بدلتی رہتی ہیں، حکومتوں کے پاس اختیار رہتا ہے اور ان لوگوں نے ابھی اسمبلی کے اندر یہ جو فگرز ہیں، یہ ہمارے پاس ہیں، میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں، باقی فگرز بھی ہم نے دیکھے ہیں لیکن منسٹر لاء اگر ہمیں یہ جواب دے دیں کہ جو پنشن ہے، یہ بہت بڑی اماؤنٹ ہے، 9 ارب 34 کروڑ 29 لاکھ روپے ہیں، جناب سپیکر، یہ حیران کن بات ہے کہ 2013 میں جب نئی حکومت آئی تو ہم سنتے چلے آرہے تھے کہ یہ بہترین ٹیم ہے، بہترین منصوبہ بندی ہے، یعنی روایتی سیاست سے ہٹ کے ایک وژن موجود ہے لیکن یہ نئی حکومت کا ساتواں بجٹ ہے اور ساتوں بجٹ جو ہیں ان سات میں ضمنی بجٹ آئے ہیں، تو اس سے اندازہ کرنا مشکل نہیں ہے کہ ٹیم بھی موجود نہیں تھی، منصوبہ بندی بھی نہیں تھی، وژن کا بھی یہی حال ہے، تو پنشن کے حوالے سے بتایا جائے؟ ہمارے نوٹس میں تو نہیں ہے، یعنی حکومت نے سرکاری ملازمین کی پنشن میں اضافہ تو کم از کم بجٹ کے بعد نہیں کیا ہے، اتنی Huge amount، یہ کس طرح آئی ہے؟ اس کی وضاحت یا اس کا جواب اگر حکومت دے دے۔ 'سیکنڈلی' جناب سپیکر، ہمیں بھی پتہ ہے اور آپ کو بھی پتہ ہے کہ یہاں بھی پی ٹی آئی کی حکومت ہے، مرکز میں بھی پی ٹی آئی کی حکومت ہے، یہ ہمارے سارے ہاؤس کو پتہ ہے کہ یہ جو ہمارے بجلی کے بقاجات ہیں وہ ہمیں نہیں دے رہے ہیں، اس کی وجہ سے ہمیں کافی

مشکلات بھی ہیں جناب سپیکر، لیکن یہ بڑا عجیب ہے کہ پی ایس ڈی پی جو سکیم آپ نے، یعنی پی ٹی آئی کی جونئی حکومت مرکز میں آئی ہے، بجٹ میں ہماری ایلوکیشن کتنی تھی اور اس کے Against ہماری ریلیزز کتنی تھیں؟ اب صوبائی حکومت خود کہہ رہی ہے کہ پی ایس ڈی پی سکیمز کی Completion کے لئے ہمارے صوبے نے Payment کی ہے، تو یہ بڑا عجیب ہے کہ ایک طرف سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ سال کے آخر میں، جو سال کی ابتداء میں ہم یہاں پہ کریڈٹ لینے کی کوشش کرتے ہیں کہ یہ سرپلس بجٹ ہے، آخر میں پتہ چل جاتا ہے کہ وہ سرپلس بجٹ نہیں تھا۔ Ongoing schemes کے حوالے سے تفصیلاً بات ہوئی ہے، Through forward کے حوالے سے بڑی تفصیلی بات ہوئی ہے، جو ہماری ڈیمانڈز ہیں، جو ہماری ضروریات ہیں وہ بھی ہم سب کے علم میں ہیں، تو مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی ہے کہ کبھی ایف ڈبلیو او کو ہمارا صوبہ پانچ ارب قرضہ دیتا ہے، یعنی مرکز کی طرف سے جاری سکیموں کے لئے ہم اپنے صوبے کی طرف سے Payment کرتے ہیں تو یہ چیز جو ہے یہ میرے خیال میں اس لئے بھی ہماری سمجھ سے بالاتر ہے کہ کیوں؟ ایک طرف ہمیں بجلی کے بقاجات نہیں دیئے جا رہے ہیں جناب سپیکر، این ایف سی ایوارڈ Due ہے، یہاں پر عنایت اللہ خان نے بات کی تھی اور اس بات کو ہم سارے سمجھ رہے ہیں کہ این ایف سی ایوارڈ کے اجراء نہ ہونے سے سب سے بڑا نقصان ہمارے اس صوبےکو ہے، یعنی آبادی کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو قبائلی اضلاع کو ملا کر اب ہمارا صوبہ سارے پاکستان میں دوسرا بڑا صوبہ بن گیاہے اور آپ کو پتہ ہے کہ این ایف سی شیئرز میں آبادی کے تناسب کے لحاظ سے ہمارا حصہ

بڑھنا چاہئیے، جناب سپیکر، این ایف سی ایوارڈ نہیں آرہا ہے، فاٹا کے حوالے سے 82 ارب کا اعلان ہوا ہے، ہم یہ بھی پوچھنا چاہ رہے ہیں کہ جب قبائلی اضلاع صوبے میں ضم نہیں تھے تو فیڈرل کی طرف سے اس کا حصہ آرہا تھا، اب جب قبائلی اضلاع صوبے کا حصہ بن گئے ہیں تو وہ حصہ اب کدھر چلا گیا؟ جناب سپیکر، اب جو Three percent این ایف سی ایوارڈ کے حوالے بات ہو رہی ہے، وہ حصہ کہاں چلا گیا؟ جناب سپیکر، ایک ہزار ارب کا اعلان تو وزیر اعظم صاحب وزیر اعظم ہاؤس میں کر چکے ہیں، وہ خیبر آئے، وہ مہمند آئے، وہ کرم آئے، وہ اورکزئی آئے، وہ وزیر ستان تک چلے گئے، انہوں نے وعدہ کیا کہ سو ارب روپیہ سالانہ قبائلی اضلاع کی ترقی پہ ہم لگائیں گے، یہ وضاحت بھی بڑی ضروری ہے، وہ اماؤنٹ اور یہ اماؤنٹ، یہ ساری چیزیں جواب طلب ہیں۔ جناب سپیکر، میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ کل یہاں پہ وزیر اعلیٰ صاحب آئے، ہم نے بڑی روا داری کا مظاہرہ کیا، جناب سپیکر، میں نے اپنی سپیچ میں دھمکی نہیں دی تھی، میں نے اس چیز کی وضاحت کی تھی کہ اگر ممبران کے ساتھ زیادتی ہوگی تو ان کے پاس احتجا ج کرنے، عدالت جانے، روڈز بلاک کرنے، نعرے لگانے کے علاوہ ا ور کونسا راستہ ہوسکتا ہے؟ جناب سپیکر، میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ میں وزیر اعلیٰ صاحب کو Criticized کرتا ہوں لیکن میں وزیر اعلیٰ صاحب کی کل کی تقریر سے خوش نہیں ہوں، چیف ایگزیکٹیو کی پوسٹ پہ جو ہمارے محترم یہاں پہ بیٹھے ہیں، دیکھیں میں نے کل بھی بتایا تھا کہ جس طرح چیف ایگزیکٹیو حکومتی ممبران کے لئے قابل احترام ہیں اسی طرح ہمارے لئے بھی

قابل احترام ہیں لیکن اس طرح تو نہیں ہے ناں، اگر وہ Frontپہ آئیں گے تو پھر ہم بھی Frontپہ آئیں گے، جناب سپیکر، ہم اس چیز کو انا کا مسئلہ نہیں بنا رہے ہیں۔ یہاں پہ وزیر قانون صاحب نے بتا یا ہے کہ سیاسی باتیں سیاسی میدان میں ہونی چاہیئں، Hundred percent agreed، لیکن ہم کیوں عدالت میں گئے، جناب سپیکر، ہم عدالت میں کیوں گئے ہیں؟ میں اگر یہ کہوں کہ یہاں عنایت اللہ خان نے بات کی کہ Appropriation ہوتی ہے، Re appropriation ہوتی ہے جناب سپیکر، مجھے پتہ ہے، یہاں پہ ہمارے تورغر کے ایم پی اے بیٹھے ہیں، ان کی سکیموں پہ کٹ لگا کر، وہاں سے اماؤنٹ Divert کر کے وہ کدھر چلا گیا؟ سب کو پتہ ہے، جب اس طرح کی ذایتات ہوتی ہیں، جب اس طرح کی زیادتیاں ہوتی ہیں تو پھر ظاہر ہے اس کا ردعمل بھی آتا ہے۔ جناب سپیکر، میں آپ کے نوٹس میں اور سارےہاؤس کے نوٹس میں یہ بھی لانا چاہتا ہوں کہ وزیرستان میں الیکشنز ہو رہے ہیں، آج صبح عوامی نیشنل پارٹی کی انتخابی مہم پہ حملہ ہوا ہے، جناب سپیکر، یہ زیادتی ہے، یعنی یہ کس طرح کسی Candidate کے لئے ممکن ہے، کسی پارٹی کے لئے ممکن ہے کہ وہاں پر الیکشنز ہوں اور وہاں پر دفعہ 144 ہو، یہ کس طرح ممکن ہے کسی Candidate کے لئے، کسی سیاسی پارٹی کے لئے کہ وہاں وزیرستان میں کرفیو ہو؟ ہاؤس کو یہ بتایا جائے کہ وہاں پہ کیا مسائل ہیں؟ میں ساری دنیا کے سامنے اس فلور آف دی ہاؤس کہتا ہوں کہ وہاں پہ طالبان گھوم رہے ہیں، Good طالبان کھلے عام گھوم رہے ہیں، جناب سپیکر، میں کھلے عام یہاں فلور آف دی ہاؤس یہ کہتا ہوں، یہ مطالبہ

کرتا ہوں کہ پولنگ سٹیشن کے اندر فوج کو نہیں ہونا چاہئیے، میں اس کی وجہ بھی بتاتا ہوں، فوج ہمارا محترم اداراہ ہے، جب فوج کو سیاست میں Involve کرنے کی کوشش کی جائے گی تو پھر نعرے لگیں گے، ڈنکے کی چوٹ پہ لگیں گے، ہمیں پھانسی پہ لٹکائیں گے تب بھی لگیں گے، اب یہ کون سا طریقہ ہے کہ پولنگ سٹیشنز کے اندر فوجی ہوں گے، کس لئے؟ سیکورٹی تو اسمبلی میں بھی ہے، پھر تو یہاں بھی پولیس والا کھڑا ہونا چاہئیے، ادھر کھڑا ہونا چاہئیے، اس ہال کے اندر تو ہم نے کسی سیکورٹی فورس کو نہیں دیکھا ہے، جنا ب سپیکر، یہ کس مقصد کے لئے لگائے جا رہے ہیں؟ پھر ہم سے یہ گلہ نہ کیا جائے کہ ہم ادارے کے خلاف بات کریں گے، ہم کریں گے، کیوں نہیں کریں گے، اس لئے کریں گے کہ جب وہ سیاست میں مداخلت کریں، اگر کسی ایک امیدوار کو آسمان پہ لے جائیں گے اور دوسرے کو زمین پہ گرائیں گے، تو یہ ہمارا ملک ہے، اس ریاست کے اداروں کی آزادی کے لئے ہم ان شا ء اللہ لڑیں گے، لہٰذا یہ ایک ضمنی بات تھی، میں اپنی بات کو طوالت نہیں دوں گا لیکن فلور آف دی ہاؤس میں یہ ضرور کہوں گا کہ فوج کو پولنگ سٹیشنز کے اندر نہیں ہونا چاہئیے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: **بابک صاحب، په ضمنی باندې خبرې اوکړئ جی۔**

<u>جناب سردار حسین</u>: تما م امیدواروں کو۔۔۔۔۔

<u>جناب دپٹی سپیکر</u>: بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین</u>: جناب سپیکر، میں ختم کرتا ہوں، میں ختم کرتا ہوں، تما م سیاسی

جماعتوں کو، تمام امیدوارں کو، تمام ووٹرز کو، جس طرح مسلم لیگ کی طرف سے ایک نعرہ لگ رہا ہے کہ ووٹ کو عزت دو، ہم اس میں ایڈیشن کرنا چاہتے ہیں کہ ووٹ کو تحفظ دینا چاہئیے، یہ بڑا اہم ہے۔ میں ابھی آخر میں ایک بات کہ ہمارے پڑوس میں ساٹھ کروڑ عوام نے ووٹ ڈالے ہیں، ہندوستان میں ساٹھ کروڑ نے، کسی ایک Candidate نے بھی انگلی نہیں اٹھائی ہے، وہاں پہ ڈیموکریسی ہے، جناب سپیکر، جمہوریت کی آزادی کے لئے، اداروں کی آزادی کے لئے، اداروں کے احترام کے لئے ہم سب کو بات کرنی چاہئیے، ہم سب کو لڑنا چاہئیے۔ تھینک یو ویری مچ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بابک صاحب! آپ نے بات کی کہ پڑوس کے الیکشنز ہوئے ہیں تو شاید آپ نے بھی دیکھا ہو، میں نے تو خود دیکھا ہے، نیوز پہ چل رہا تھا اور وہاں پہ ان کا ایک آزاد Candidate کھڑا ہوا تھا اور وہ رو رہا تھا کہ میرے گھر کے اپنے گیارہ ووٹ ہیں اور میرے بکسے سے دو ووٹ نکلے ہیں، تو یہ میرے ووٹ کدھر گئے؟ تو وہاں پہ بھی کوئی فیئر الیکشن نہیں ہوا، تو یہ آپ کو معلوم ہونا چاہئیے۔ جی سلطان ﷴ خان صاحب۔

<u>جناب سلطان ﷴ خان (وزیر قانون)</u>: بہت شکریہ جناب سپیکر، شہرام خان بیٹھے ہیں، وائنڈ اپ سپیچ جو ہے وہی کریں گے، آج جو آخری سپیچ ہوگی، چونکہ تھوڑی بہت باتیں اس طرح کی آجاتی ہیں کہ ان کا جواب بھی دینا پڑتا ہے اور ان پر ڈسکشن بھی کرنا پڑتی ہے، تو میں تھوڑا سا ٹائم لوں گا، پھر شہرام خان جو سارے ایشوز ہیں ان کے

اوپر پھر وہ بات کریں گے، سر، میں جلدی سے میں ختم کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب بہادر خان: **سر، مونږ له خو به هم موقع راکوئ کنه۔**

جناب ڈپٹی سپیکر: **ستاسو شته، نامې ليکلې شوې دی، فکر مه کوئ جی،** (قطع کلامیاں) **نه ځی، ناست دی، ناست دی جی۔**

وزیر قانون: سر، میں ایک توجو ضمنی بجٹ ہے (قطع کلامیاں) سر، ادھر ہی ہیں، ان شاءاللہ بیٹھے ہیں، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ چونکہ آج ضمنی بجٹ پہ ڈیبیٹ ہے تو میں یہ ریکویسٹ بھی کروں گا کہ آج اس وقت جو ڈیبیٹ ہو رہی ہے تو اور بھی جو آنریبل ممبرز رہتے ہیں وہ بھی ڈیبیٹ میں حصہ لیں گے، ٹریژری سے بھی اور اپوزیشن سے بھی، تو ابھی تک ضمنی بجٹ کے اوپر ایک دو باتیں ہی ہوئی ہیں، زیادہ تر باتیں جو ہیں وہ جو بجٹ کل پاس ہو چکا ہے اس کے اوپر ہورہی ہیں اور باقی جنرل قسم کی باتیں ہو رہی ہیں۔ تو ریکویسٹ یہ ہے کہ ضمنی بجٹ کے اوپر بھی بات کریں۔ سر، ضمنی بجٹ میں جو اخراجات ہو جاتے ہیں پھر ان کی Approval لینا پڑتی ہے، تو ضمنی بجٹ لانے کا مقصد یہی ہوتا ہے، ایک تو بار بار ممبران کی طرف سے ایک پوائنٹ آرہا ہے کہ آپ نے ضمنی بجٹ میں بھی ہمارے ساتھ زیادتی کر لی، تو جناب سپیکر، میں یہ کلیئر کر رہا ہوں کہ یہ مختلف ہیڈز اور مختلف Objects کے لئے ڈیپارٹمنٹس کے اندر انہوں نے جو تخمینہ لگایا ہوا تھا، اگر اس سے زیادہ خرچ ہو چکے ہیں تو یہ خرچ ہونے والی جو اماؤنٹ ہے اس کی Approval آج لینی ہے تو اس میں زیادتی کی کوئی بات میرے خیال میں نہیں ہے۔ سر، اس میں جو اخراجات جاریہ تھے ان میں 12 ارب 82 کروڑ

کچھ اس طرح روپے جو ہیں وہ خرچ ہوئے ہیں اور ترقیاتی اخراجات میں تقریباً 15 ارب 9 کروڑ76 لاکھ روپے جو ہیں وہ خرچ ہوئے ہیں، تو ٹوٹل جو ہیں یہ 27ارب 92 کروڑ 55 لاکھ روپے جو ہیں یہ ضمنی بجٹ ہے، اور اس کی ایک Constitutional requirement ہے کہ اس کو ہاؤس سے پاس کروایا جائے، جو Already خرچ ہوچکے ہیں۔ میری ایک Submission یہ بھی تھی جناب والا، شکیل بشیر خان عمر زئی صاحب نے بات کی، میرے بھائی بھی ہیں، ان کے جو بزرگ ہیں اور جو ہمارے بزرگ ہیں، ان کے بہت اچھے تعلقات ہیں اور ہم بہت Respect کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ ملتے بھی ہیں، انہوں نے بھی یہی بات کی کہ سپلیمنٹری بجٹ میں بھی انصاف نہیں ہوا، سپلیمنٹری بجٹ کو تو میں نے Explain کر دیا ہے لیکن ڈسٹرکٹ چارسدہ کے حوالے سے انہوں نے باتیں کی ہیں تو میں ان کو فلور آف دی ہاؤس یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ اگر ڈسٹرکٹ چارسدہ کے لئے اس اے ڈی پی میں چارسدہ میڈیکل کالج Approve ہوا ہے تو یہ نہ میرا اکیلے کا ہے، نہ خالد خان کا ہے، نہ شکور خان کا ہے، وہ تو پورے ضلع کے لئے ہے اور وہ آپ کا بھی ہے، آپ کو تو خوش ہونا چاہئیے تھا کہ ضلع چارسدہ کے لئے چارسدہ میڈیکل کالج اس اے ڈی پی میں Approve ہوچکا ہے، اگر چارسدہ کا جو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ہے، اگر وہ میڈیکل کالج کی وجہ سے اپ گریڈ ہوگا، پانچ سو بیڈ، تین شفٹ، آئی سی یو اور جتنی بھی اس میں Facilities ہیں، بلکہ میں فنانس سیکٹری یہاں پہ بیٹھے ہیں، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایکسپریس لائن کے لئے فنڈز بھی ریلیز کر دیئے ہیں، تو یہ تو ہمارے ضلع

کے کام ہیں، اس پہ تو آپ کو خوش ہونا چاہئیے اور آپ کو تو لوگوں کو بھی یہ بتانا چاہئیے، ہم سب نے اکٹھےہو کر یہ کیا ہے۔ عمرزئی میں جو واقعہ ہوا تھا، جس میں تین بھائیوں کو شہید کر دیا گیا تھا، تو میری کل چیف منسٹر صاحب سے بات ہوئی تھی اور ان شاءاللہ ان کے لئے جو بھی مناسب پیکج ہو گا ہم ان بچوں کے لئے، یہ ہمارے بچے ہیں، وہ ہمارے ہی لوگ ہیں، وہ ہمارے علاقے کے لوگ ہیں، ان بچوں کا ہم نے خیال رکھنا ہے، میں نے چیف منسٹر صاحب سے کہہ دیا ہے اور ان شاءاللہ جب وہ آئیں گے ان کو وہ پیکیج ملے گا، تو اس میں ہم آپ کو ضرور Invite کریں گے۔ میری دوسری ایک Submission یہ ہے کہ میگا پراجیکٹس کے بارے میں شگفتہ بی بی نے بات کی کہ میگا پراجیکٹس جو ہیں وہ حکومت نے اندازہ لگا لیا ہے کہ وہ کمپلیٹ نہیں کر سکتے تو اس دفعہ میگا پراجیکٹس نہیں ہیں، میگا پراجیکٹس ہیں، بالکل میگا پراجیکٹس ہیں، بی آر ٹی ان شاءاللہ کمپلیٹ ہو جائے گا، جو ہمارا سوات موٹر وے ہے، جس طرح وزیر اعلیٰ صاحب نے کل فرمایا کہ وہ کمپلیٹ ہوجائے گا، ڈی آئی خان کے لئے جو موٹر وے ابھی ڈالا گیا ہے Proposed، وہ ہمارا ایک میگا پراجیکٹ ہوگا اور جو 'گومل زام ڈیم' کا جو ایک فیز ہے وہ اس سال کمپلیٹ ہو جائے گا اور جو پشاور سرکولر ریلوے سسٹم ہے جو چارسدہ، پشاور نوشہرہ، صوابی، مردان تک وہ سرکولر ریل کے ذریعے وہ Connect ہو جائے گا، تو یہ میگا پراجیکٹس ہیں اور سب سے بڑا میگا پراجیکٹ، آپ نے اس کے بارے میں سوچا ہی نہیں ہے، سب سے بڑا میگا پراجیکٹ یہ ہے کہ پورے صوبے میں صحت انصاف کارڈ،

جو یونیورسل ہیلتھ انشورنس ہے وہ ہم نے
متعارف کرا دیا ہے، جو یورپ اور امریکہ
میں بھی نہیں ہے، (تالیاں) وہ پاکستان
تحریک انصاف کی حکومت نے صوبہ خیبر
پختونخواہ میں دے دیا ہے اور انہوں نے
یوتھ کی بات کی، تو یوتھ کے لئے جو ہم نے
Loans، ان کے روزگار کے لئے ہم نے Loans
رکھے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے چیف منسٹر
صاحب کے Portfolios کی بھی بات کی ہے تو جناب
عالیٰ، میں میڈم کو یہ بتانا چاہوں گا کہ
یہ تو حکومت کا استحقاق ہے جو Portfolios بھی
وہ رکھنا چاہتے ہیں، ہماری کیبنٹ جو ہے،
ہم سب Collectively اس کے Responsible ہیں، چونکہ
ہمیں ووٹ پڑے ہیں، حکومت ہم نے بنا لی ہے
تو ابھی یہ بھی ہمارا استحقاق ہے کہ ہم
جو Portfolio جس کو دینا چاہتے ہیں اور جس
طرح حکومت چلانا چاہتے ہیں، ابھی تو آپ نے
مزید چار سال کا انتظار کرنا ہے تو اس کے
بعد ہی پتہ لگے گا کہ کس کو ووٹ پڑنے
ہیں۔ "ایک عوام دشمن بجٹ" یہ ایک لفظ
مجھے سمجھ نہیں آتا، عوام دشمن بجٹ، پتہ
نہیں ہے کہ یہ آپ کہاں سے، اس کا Criteria
کیا ہے؟ دیکھیں، آپ سٹڈی نہیں کر سکتے،
آپ Particulars کے بارے میں بات نہیں کر سکتے
تو یہ سب سے آسان کام ہے کہ جی بس یہ
عوام دشمن بجٹ ہے، بس عوام دشمن، یہ کیسا
عوام دشمن بجٹ ہے؟ آپ ذرا اس کو بھی
تھوڑا سا Explain کریں۔ انہوں نے چینی کے
اوپر بات کی ہے، گھی کے اوپر بات کی ہے،
مجھے بتائیں اس کے اوپر کہاں پر نیا ٹیکس
لگا ہے؟ اگر کوئی ٹیکس آپ کے علم میں ہے
تو مجھے بتا دیں، میرے علم میں یا فنانس
سیکٹری کے علم میں، کسی کے علم میں تو
نہیں ہے۔ اچھا سر، نلوٹھا صاحب نے Ongoing

schemes کی بات کی ہے، بڑی اچھی بات کی ہے۔ میں اب جو پازیٹیو پوائنٹس ہوں گے میں ان کے اوپر ضرور بات کرنا چاہوں گا، وزیر اعلیٰ صاحب کی ڈائریکشن پہ یہ فیصلہ ہوا ہے، فنانس منسٹر اور ہماری کیبنٹ کے سینیئر ممبرز ہیں، عاطف خان، شہرام خان، تو یہ فیصلہ ہوا ہے کہ Ongoing schemes کو کمپلیٹ ہونا ہے کیونکہ جب Ongoing schemes کمپلیٹ نہیں ہوں گی، خواہ وہ اپوزیشن کے حلقوں میں ہوں، خواہ وہ ٹریژری کے حلقوں میں ہوں، صوبہ تو بہرحال ہم سب کا ہے، تو اس لئے یہ بات نوٹ کرنے والی ہے کہ یہ آج کی جو اے ڈی پی جو اس دفعہ Approve ہوئی ہے تو اس میں 70 پرسنٹ جو ہے وہ Ongoing schemes کی طرف جائے گا، 30 پرسنٹ جو ہے وہ نیو سکیمز کے اوپر جائے گا، تو میں نلوٹھا صاحب کی بات کو سیکنڈ کرتا ہوں، ان کے پاس اگر کوئی Particular schemes ہیں تو وہ بالکل مجھے لکھ کر دے دیں، ان شاءاللہ ضرور، اور باقی جتنے ممبرز نے Ongoing schemes کی بات اٹھائی تو ضرور ان کے اوپر ایلوکیشن ہو گی۔ ٹھنڈیانی سے نتھیا گلی تک روڈ انہوں نے بتایا ہے، اکبر صاحب بھی بیٹھے ہیں، سری کوٹ میں روڈ کا انہوں نے ایک ضرورت کے اوپر انہوں نے بتایا ہے، حویلیا ں ٹو کالاباغ روڈ Dualization کی انہوں نے بات کی ہے، میں اکبر صاحب سے بھی یہاں پر چونکہ وہ بیٹھےہوئے ہیں، تو اس کے اوپر اگر کوئی کام ہو جائے اور چونکہ ٹورازم کے روڈز وہاں پر آنے والے ہیں تو اگر یہ Feasible ہو تو میرے خیال میں اس کو شامل ہونا چاہئیے۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم نوٹ کر رہے ہیں اور جہاں پر بھی فیزیبل ہوئے تو ان شاء اللہ شامل بھی کریں گے۔ اسی

طرح Incomplete schools ہیں تو اسی وجہ سے ہماری فنانس ٹیم نے اس دفعہ ہوم ورک کر کے Throw forward جو ہے اس کو چھ سال سے کم کر کے تین سال اور 9 ماہ پہ لایا ہے، ہم یہ جو شکایت کرتے ہیں کہ پل نہیں بنا ہے، سکولز نہیں بنے ہیں، روڈز کمپلیٹ نہیں ہو رہے ہیں، تو یہ چونکہ Throw forward کا آنا زیادہ تھا کہ وہ بن نہیں پا رہے تھے، تو اس دفعہ آپ محسوس کریں گے کہ جو Rationalization ہوئی ہے، جو غیر ضروری سکیموں کو ہٹایا گیا ہے تو آپ دیکھیں گے کہ جو سکیمز رہتی ہیں ان کے اوپر بات ہوگی۔ وقار خان نے بہت بات کی ہے، ہیلتھ کے بارے میں انہوں نے بات کی ہے، میرے خیال میں تو اس بجٹ میں ہیلتھ کے لئے سوات کو جو دیا گیا ہے وہ تاریخی ایلوکیشن ہے، بہرحال پھر بھی اگر ان کی کوئی Suggestion ہے تو ہم اس کے لئے بالکل تیار ہیں۔ عباسی صاحب ہمارے بہت آنریبل ممبر ہیں، انہوں نے بھی Earth quake affected جو انفرا سٹرکچر ہے، سکولز وغیرہ ہیں، ان کے اوپر بات کی ہے، توسی ایم صاحب سے آج میں بات کروں گا، آج ہم Official dinner پہ اکٹھے ہوں گے تو میں ان سے ضرور بات کروں گا کہ یہ جو 'پیرا' اور 'ایرا' کے جو ایشوز ہیں ان کو وہ دیکھیں، جو Earth quake affected areas ہیں اس کے اوپر بھی کام کر لیں جی، نگہت بی بی نے بات کی ہے میں ان کی بڑی Respect کرتا ہوں، ہماری سینیئر ہیں، میرے خیال میں لودھی صاحب اور نگہت بی بی جو ہیں یہ یہاں پہ ہمارے سینیئر ترین پارلیمنٹیرین ہیں اور Consecutively نگہت بی بی آرہی ہیں، تو یہ ہمارے لئے ہمیشہ قابل احترام بھی ہیں، کبھی کبھار غصہ ہو جاتی ہیں لیکن پھر بعد

میں وہ ٹھیک ہوتی ہیں، اس طرح کوئی مسئلہ نہیں ہوتا، کل تھوڑا غصہ ہوئی تھیں لیکن ہم سب کو چاہئیے کہ ہم ماحول کو ٹھیک رکھیں، انہوں نے ذولفقار علی بھٹو میڈیکل کالج کی بات کی ہے، سر، ہماری تو ایک پالیسی ہے اور وہ پالیسی بہت کلیئر ہےکہ جہاں پر بھی Public moneyسے جو بھی سکیم شروع ہوتی ہے تو وہ ہمارے لئے قابل احترام بھی ہوتی ہے اور ذولفقارعلی بھٹو اس ملک کے پرائم منسٹر رہ چکے ہیں ان کی Contribution ضرور ہے تو ہم ضرور، اس طرح کی کوئی بات نہیں ہے کہ چونکہ ان کا نام اس کے ساتھ لگا ہوا تھا تو اس پراجیکٹ کوڈراپ کیا گیا ہے، پراجیکٹ بالکل ڈراپ نہیں ہوا، میں ہیلتھ والی میٹنگ میں بیٹھا ہوا تھا، میرے خیال میں چونکہ جب پیپلز پارٹی کی حکومت تھی تو اس وقت یہ Approve ہوا تھا، ظاہر شاہ صاحب جو ہیں وہ اس وقت ہیلتھ منسٹر تھے، ان کی وساطت سے یہ Approve ہوا تھا لیکن اب تک اس کے کچھ ایشوز ہیں جس کی وجہ سے ابھی تک وہ بن نہیں پایا ہے، تو اس کے لئے چیف منسٹر صاحب نے ڈائریکشنز دی ہیں کہ اس کے اوپر کوئی ورکنگ کرلیں، پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے ذریعے کوئی دوسرا کوئی راستہ نکالیں، تو ان شاءاللہ اس کے لئے زمین بھی موجود ہے، زمین خریدی گئی ہے اور ان شاءاللہ اس کے اوپر کام بھی ہوگا، حکومت کا یہ کوئی ارادہ نہیں ہے کہ کسی کا نام لگا ہوا ہے تو اس کو ہم ہٹائیں گے، ہماری تو اپنی پالیسی یہ ہے کہ ہم کسی بھی پبلک پراجیکٹ کے اوپر کسی سیاسی لیڈر کا نام نہیں رکھتے ہیں، یہ پاکستان تحریک انصاف کی پالیسی ہے، بہر حال اپنے دور میں اگر

آپ نے سیاسی لیڈر کا نام رکھا ہوا ہے تو ہمارا کوئی، ابھی ہماری پالیسی بھی نہیں ہے، بس رکھا ہوا ہے ٹھیک ہے۔ عنا یت اللہ صاحب نے بات کی ہے، ابھی وہ موجود بھی نہیں ہیں، Guillotine کے بارے میں انہوں نے بہت بڑا تاریجی پس منظر بھی بتایا کہ فرانس میں جب Revolution آیا اور جب انہوں نے بادشاہ کو Depose کیا تو اس کے بعد بہت سارے لوگوں کے سر کاٹنے تھے یا پھانسی دینی تھی تو اس وجہ سے ایک مشین آئی، تو ہم اکثر دیکھتے بھی ہیں فلموں میں یا کتابوں میں کہ وہ مشین کے نیچے سر رکھ دیتے ہیں اورمشین اس کے اوپر گر جاتی ہے اور وہ سر کٹ جاتا ہے، تو چونکہ وہ کہہ رہے ہیں کہ لوگ بہت زیادہ تھے تو ان کے لئے مشین ضروری تھی، تو کٹ موشنز بھی بہت زیادہ تھیں تو اس کے لئے یہ مشین بھی پھر ضروری تھی، Guillotine کے لئے ہم نے وہ مشین اس کے اوپر استعمال کی ہے لیکن اس وقت میں ایک بات ضرور کہوں گا، خوشدل خان صاحب مجھ سے پھر خفا بھی ہوتے ہیں، میرے بڑے بھائی ہیں لیکن ہم تو اس لئے یہ کہہ رہے ہیں کہ کل آپ سب کورٹ میں گئے ہوئے تھے اور آج یہ بھی بتایاگیا ہے کہ 2018-19 کے بجٹ پر کوئی سٹے آرڈر آیا ہے، کوئی سٹے آرڈر نہیں آیا، وہ میں نے دیکھا ہوا ہے، وہ جو ایک پابندی ہے وہ اگلی تاریخ تک ہے جو کہ آج گزر جائے گی، میرے خیال آج 27 تاریخ ہے تو 30 تاریخ کو تو یہ 2018-19 کا بجٹ ختم بھی ہو جائے گا، تو یہ تین دن کے لئے اگر آپ کو کوئی انہوں نے سٹے آرڈر دیا ہے تو ٹھیک وہ آپ کی مرضی ہے، لیکن میں بار بار یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ عدالت کے بجائے صبح سویرے ٹائم پر

ادھر اسمبلی پہنچ جاتے اور آپ نے جو کٹ موشنز جمع کی تھیں، اس کے اوپر آپ بات کر لیتے، بجائے اس کے کہ آپ عدالت چلے گئے، تو میرے خیال میں وہ زیادہ بہتر ہوتا، لائق خان نے جو بات کی ہے، یہ لائق محمد خان صاحب ہمارے دوست ہیں، تورغر کی انہوں نے بات کی، میرے خیال میں تور غر کے لئے اگر آپ اے ڈی پی اٹھا کر دیکھ لیں تو کسی بھی ضلعے کو اتنا فنڈ نہیں ملا ہے جو پیکیج تور غر جیسے ایک Backward area کو ملا ہے اور ان شاءاللہ آپ یہ بھی دیکھیں کہ تورغر سے یہ واحد ایم پی اے ہیں اور یہ اپوزیشن میں ہیں لیکن پھر بھی ہم نے اس کے اوپر کوئی کٹ نہیں لگایا، ہم نے کوئی ڈراپ نہیں کیا ہے، تو ان شاءاللہ اس میں ہسپتال بھی ہیں، شہرام خان ڈیٹیل بھی بتائیں گے، روڈز ہیں، ہسپتال ہیں اور وہ ایک زبردست تاریخی پیکیج ہوگا۔ صلاح الدین صاحب جو ہیں میرے محترم بھائی ہیں اور جو انہوں نے دو تین باتوں کی طرف اشارہ کیا ہےتو اضاخیل بی ایچ یو اور متنی کیٹیگری ڈی ہسپتال کے بارے میں اور ماشوخیل میں بی ایچ یو جو ہے وہ جل گیا تھا، وہ بی ایچ یو ہم نے نوٹ کر لیا ہے، ان شاءاللہ اس کے اوپر ہم ضرور کام بھی کریں گے اور میں بار بار کہہ رہا ہوں کہ وہ اس ہاؤس کے الیکٹڈ ممبر ہیں، ان کا حق ہے، ان کا جو بھی حق ہےان شاءاللہ ان کو ملے گا، جو فنڈز ہوں گے، جو بھی ہوگا وہ ضرور ملے گا۔ میں اپنی باتیں سمیٹ رہا ہوں، یہاں پر میں یہ بھی بات کر دوں کہ جب اس ہاؤس کے اندر ایک کمیٹی بنی تھی اور لیڈر آف اپوزیشن اس کو ہیڈ کر رہے تھے اور چیف منسٹر صاحب نے عاطف خان کو شہرام خان کو اور اس میں

میں بھی تھا، اس کے علاوہ لودھی صاحب اس میں ہمارے سینیئر ہیں، ہماری طرف سے وہ ہیڈ کر رہے تھے اور اس میں فنانس منسٹر بھی تھے، اس میں ہماری کچھ باتیں طے ہوئی تھیں اور ان باتوں پہ ہم آج بھی قائم ہیں لیکن میں ریکویسٹ کروں گا، میں پھر اسی بات کے اوپر میں آؤں گا کہ اگر یہاں پر ہم آپس میں بات کرتے ہیں، کسی چیز کے اوپر ہم Agree کرتے ہیں تو پھر اس کے بعد اگر کوئی دوسری پارٹی عدالتوں کی طرف رخ کرتی ہے تو پھر تو ہمارے ہاتھ بند ہو جاتے ہیں، پھر تو ہم کچھ بھی نہیں کر پاتے ہیں، تو یہاں پریہ میں کلیئر کر رہا ہوں کہ اس سال، سارے ٹریژری ممبرز بیٹھے ہیں، اگر میں غلط کہہ رہا ہوں تو کوئی بھی ٹریژری ممبر اٹھ کر کہہ دے کہ یہ غلط کہہ رہا ہے، اس سال کسی بھی، جو گورنمنٹ ایم پی ایز ہیں، کسی کو نیا فنڈ نہیں ملا، کسی کو ایک روپیہ بھی نیا فنڈ نہیں ملا ہے، تو جب گورنمنٹ کے ایم پی ایز کو نہیں ملا ہےتو اپوزیشن کے ایم پی ایز کو ہم کس طرح دے سکتے ہیں؟ یہ تو تب آپ ناراض ہوتے، اگر ہم گورنمنٹ ایم پی ایز کو دے دیتے اور آپ کو ہم نہ دیتے، اس دفعہ نہیں ملا ہے، نیکسٹ جو بلاک ایلوکیشن پڑی ہوئی ہے اور اس میں Ongoing میں اگر کوئی سکیمز گئی ہیں تو آپ بھی اپنی Ongoing میں لے آئیں، اس میں ان شاءاللہ آپ کو بھی دیں گے۔ باقی جو اس سال کا یہ بجٹ کل Approve ہوگیا، اس میں امبریلا سکیمز ہیں، ضرورت کے مطابق آپ کے حلقوں میں جہاں پر بھی ہیں یہ میری آپ سے کمٹمنٹ ہے اور وزیر اعلیٰ صاحب سے اجازت لے کر میں یہ کمٹمنٹ کر رہا ہوں کہ آپ اپنی سکیمز لائیں، وزیر

اعلیٰ کو ایڈریس کریں اور ہم آپ کو ضرور اس کی Approval دیں گے، جہاں پر ضرورت ہوگی، اپوزیشن ایم پی ایز کا ہم ضرور خیال رکھیں گے لیکن یہ ہے کہ گورنمنٹ کا اپنا ایک وہ ہوتا ہے، ان کو ووٹ پڑتےہیں، ان سے ضرورت سے زیادہ مانگا جاتا ہے تو یہ ضروری ہے کہ گورنمنٹ کو بھی ملے مگر اپوزیشن کو بھی ہم ضرور Adjust کریں گے۔ ایک دوباتیں بہت ضروری ہیں، پھر اس کے بعد آپ مائیک بند کر دیں، مجھے کوئی گلا نہیں ہوگا۔ سر، یہ سوات موٹر وے کے بارے میں جو بابک صاحب نے ایشو اٹھایا ہے تو یہ ان کا ڈسٹرکٹ ہے، شکیل صاحب کا وہ کہہ رہے ہیں، وہ بھی اس پر تھوڑا Response دیں گے، بہرحال اگر اس کے اوپر کوئی مسئلہ ہے تو چونکہ ہم نے یہ مسئلہ دیکھا نہیں ہے، ابھی پوائنٹ آؤٹ ہوا ہے، ویسے تو لینڈ ایکویزیشن ایکٹ کے نیچے زمین Acquire کی جاتی ہے، ڈی سی پھر اس کے اوپر سیکشن فور لگاتا ہے اور پھر Compensation بھی، ریونیو والے آجاتے ہیں Determine کر لیتے ہیں کہ کس کا کتنا حصہ ہے؟ اس کو اتنے پیسےمل جاتے ہیں، تو بہرحال اس کا اگر شکیل صاحب کو پتہ ہے تو وہ کہہ دیں گے، اگر نہیں ہے تو ڈی سی سے ہم رپورٹ منگوا لیتے ہیں اور وہ ہاؤس کے ساتھ یا بابک کے ساتھ شیئر کر لیتے ہیں اور اگر اس میں کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو اس کو ختم کر دیں گے۔ جو ہمارے بابک صاحب نے ایک بات نیٹ ہائیڈل پرافٹ Arrears کے بارے میں انہوں نے بات کی ہے تو تفصیلاً تو شہرام خان ہی بتائیں گے لیکن ایک تو یہ ہے کہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ میں اس سال ہمیں 20 ارب روپے مل چکے ہیں، یہ ہمیں موصول ہو چکے ہیں تو اس طرح نہیں

ہے کہ حکومت اس سے غافل تھی، ہم نے Efforts
کیں اور اس سال ہمیں 20 ارب روپے نیٹ
ہائیڈل پرافٹ کی مد میں مل گئے ہیں، ابھی
اس وقت ہمارے 36 ارب روپے جو ہیں یہ Arrears
کے باقی رہ گئے ہیں، تو جو باقی رہ
گئےہیں تو ابھی نیکسٹ ہمیں دس پندرہ دن
کے اندر، میں وہ بات بتاؤں گا جو سچی ہے،
کل کو ہم نے پھر ادھر جواب بھی دینا ہے،
تو دس پندرہ دن کے اندر ہم یہ Expect کر
رہے ہیں کہ 15 ارب روپے اور بھی مل جائیں
گے، تو جب یہ 15 ارب اور مل جائیں گے تو
اور بھی ان Arrears کا حجم کم ہو جائے گا،
اکبر ایوب صاحب بیٹھے ہیں تو انہوں نے
مجھے ابھی بتایا ہے کہ عمر ایوب صاحب
چونکہ وہاں پر فیڈرل میں ہیں تو ابھی ایک
شیڈول بنایا جا رہا ہے، چونکہ یہ اس وقت
سے چلا آرہا ہے جب سے حکومتیں یہاں پر ہیں
اور فیڈرل میں بھی ہیں تو یہ ایشو باربار
غلط انداز میں آرہا ہے، تو اس کے لئے
شیڈول بنایا جا رہا ہے، کوئی Monthly schedule
یا کوئی Quarterly schedule تاکہ یہ Payments ٹائم
پہ ہوں، تو جو پراجیکٹس پھر Uncompleted
ہوتے ہیں، جو گلا آتا ہے تو کم از کم وہ
ختم ہوگا، تو ان شاءاللہ نیکسٹ ٹائم جب ہم
آئیں گے اور ان شاءاللہ یہاں پر جواب دیں گے
تو میں یہ امید کرتا ہوں کہ ہم آپ کو
کوئی شیڈول بھی بتا سکیں کہ ہمارا فیڈرل
گورنمنٹ کے ساتھ Arrears کے حوالے سے کوئی
معاہدہ طے ہوا ہے جو ہمارا Due ہو جاتا
ہے سر، پینشن کے بارے میں وہ کہہ رہے ہیں
کہ سپلیمنٹری بجٹ میں یہ زیادہ چلا گیا ہے
تو یہ کیوں گیا ہے؟ یہ ایک نارمل سی بات
ہے، چونکہ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے پینشنرز کے
حوالے سے جو تخمینہ لگایا تھا، انہوں نے

اندازہ لگایا تھا، ساٹھ ارب روپے جو ہیں
انہوں نے تخمینہ لگایا ہوا تھا اور پھر
جو خرچ ہوئے، چونکہ پورے صوبے کی پینشز
تھیں تو جب یہ خرچ ہوئے تو وہاں پہ 69
بلین خرچ ہو چکے تھے، تو پھر یہ ایک
آئینی اور قانونی ضرورت ہے کہ ہم نے یہ 9
ارب روپے پنشن کی مد میں زیادہ دیئے
ہیں، یہ کسی اور جگہ پر نہیں گئے ہیں، یہ
اسی صوبے کے لوگ ہیں، نیشل فنانس کمیشن
ایوارڈ کے بارے میں بات ہوئی ہے، میں بار
بار کہہ رہا ہوں، ڈیٹیل شہرام خان دیں گے
لیکن یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس کے اوپر
دو مرتبہ Deliberation ہوئی ہے، ایک میٹنگ
اسلام آباد میں اور ایک میٹنگ لاہور میں
ہوئی ہے اور ان شاءاللہ اس کے اوپر ہم کام
کر رہے ہیں، تھری پرسنٹ جس کے بارے میں
فنانس منسٹر نے بھی بار بار کہا ہے، یہ
کسی پارٹی کی ذمہ داری نہیں ہے، جب یہ 25th
Constitutional amendment ہوئی تھی تو ہم سب نے،
تمام پارٹیوں نے یہ کمٹ کیا تھا کہ ہم نے
تھری پرسنٹ ضم شدہ اضلاع کو دینا ہے، یہاں
پر میری اپوزیشن کے لوگوں سے ریکویسٹ ہو
گی اور لیڈرز سے بھی ہوگی کہ آپ چونکہ،
مثلاً سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے،
اسی طرح بلوچستان میں بھی مسئلہ ہے تو
اگر جن پارٹیز کی بھی جہاں پر حکومت ہے
تو وہ تھوڑا سا ادھر بھی Lobbying کریں،
حکومت بھی اپنا کام کر رہی ہے، ان شاءاللہ
ہمارے صوبے سے تو ہم نے کر دیا ہے، فیڈرل
سے بھی ہو جائے اور باقی ایشوز سندھ کے
رہتے ہیں اور پنجاب اور بلوچستان کے، تو
اس میں زیادہ مسئلہ سندھ کی طرف سے آرہا
ہے، تو میری پیپلز پارٹی سے ریکویسٹ ہوگی
کیونکہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ فیڈریشن کی

بات کی ہے اور میں مانتا ہوں، تو ان کو بھی اس کے اوپر کام کرنا چاہیے۔ سر، آخری بات، ایک تو وہ انڈیا کا اچھا ہوا کہ آپ نے بتا دیا کہ وہاں پر، تو میں یہ کہتا ہوں کہ ہمیں اپنا ملک بہت برا لگتا ہے، ہم کہتے ہیں کہ ادھر الیکشن جو ہے، الیکشن پراسیس ٹھیک نہیں ہے، انڈیا میں کس طرح اچھا پراسیس ہوا ہے؟ وہاں پر بھی اگر آپ دیکھ لیں تو ایک دن میں چودہ لوگ جو ہیں ان کو الیکشن کے دن مارا تھا، ان کو Assassinate کیا تھا، ایک واقعہ یہ ہوا ہے، اب آپ ادھر دیکھیں کہ یہاں پر جتنی بھی اپوزیشن ہے وہ ان مشینوں کے اوپر اعتراض اٹھا رہی ہے جو اس دفعہ مشین کے ذریعے ووٹنگ ہوئی ہے، وہ کہہ رہے ہیں کہ اتنے ووٹرز نہیں آئے تھے جتنا وہاں پر مشین نے ریکارڈ کئے ہیں، تو یہاں پر مسائل ہیں، ایسا نہیں ہے کہ نہیں ہیں، بہرحال ہر سسٹم میں مسائل ہوتےہیں، جو ضم شدہ اضلاع میں الیکشنز کی بات ہے، یہ بہت سیریس ایشو ہے، اب یہ جو خوڑ قمر والا واقعہ جب ہوا، سر، یہ میں آخری بات کرنے لگا ہوں، یہ خوڑ قمر والا واقعہ جب ہوا تو پھر کچھ لوگ وہاں پر گئے اور جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ فوجی ایک چیک پوسٹ کے اوپر جانا چاہ رہے تھے، ان چیزوں کو Isolation میں نہ دیکھا جائے، اگر آپ اس علاقے میں جو Immediate علاقہ ہے، میں وزیرستان کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں خوڑ قمر کے علاقے کے آس پاس کے علاقے کی بات کر رہا ہوں، تو تقریباً بہت کم عرصے میں دو مہینوں کا عرصہ تھا یا پینتالیس دن کا عرصہ تھا، اس میں تیس فوجی جوان Improvised explosive device کی وجہ سے وہاں پر شہید ہوئے،

یا کسی خود کش حملے کی وجہ سے، تو اس علاقے میں پھر پرابلم تو ہے، یہ لاء اینڈ آرڈر کا ایک مسئلہ تو موجود ہے کہ اگر تیس فوجی جوان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، وہ شہید ہو رہے ہیں تو وہ کوئی ان کا ذاتی جھگڑا تو نہیں ہے، وہ تو ملک اور قوم کے لئے لڑ کے شہید ہو رہے ہیں، تو ادھر پھر ایسی نازک صورتحال میں ایسے نازک علاقے میں آپ ایک جم گھٹا اکٹھا کر کے اس سے سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتےہیں، تو میرے خیال میں یہ بہت زیادہ ایک، میں Condemn بھی کرتا ہوں اور میں یہ بھی بات کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر جو فوج ہے، یہ کوئی افغانستان کی فوج تو نہیں ہے، یہ کوئی انڈیا کی فوج تو نہیں ہے، یہ تو ہم اور آپ ہیں، یہ ہماری فوج ہے، یہ تو آئین کے اندر بھی ہے کہ اگر سویلین حکومت کو لاء اینڈ آرڈر کی وجہ سے اس کی ضرورت ہے تو آئین کے اندر ہے اس کو آپAssistance کے لئے بلا سکتے ہیں، تو یہ تو وہاں پر ہماری ہی فوج ہے، ہمارے ہی لوگ شہید ہو رہے ہیں اور وہاں پر جو دہشت گرد ہیں ان سے مقابلہ کر رہے ہیں، بہرحال میں یہ بات کرنا چاہ رہا ہوں کہ ایسی چیزوں پر سیاست نہیں کرنی چاہئیے، وہاں پر ایک مسئلہ بہرحال ہے، پھر بھی ان حالات میں حکومت اپنی پوری کوشش کر رہی ہے کہ ایسا ماحول فراہم کیا جائے، جو تھوڑا بہت Delay ہوا ہے اس کی وجہ بھی یہی تھی کہ وہاں پر آزادانہ تقریر ہو، آزادانہ جلسہ ہو، وہاں پر آزادانہ کمپین ہو اور ہم اس پراسیس کو پورا کر سکیں تاکہ وہ لوگ بھی آئیں اس ایوان میں بیٹھ سکیں اور یہاں پر اپنا کردار ادا کر سکیں، تو یہ تھوڑا بہت

اس کو میں کلیئر کرنا چاہ رہا تھا۔ سر، میں اپنی باقی باتیں سمیٹتا ہوں اور میں آخر میں ایک دفعہ پھر، میں دیکھتا ہوں کہ کل بابک صاحب نے ایک بہت Positive role play کیا جب لیڈر آف دی ہاؤس آئے، چونکہ وہ تجربہ کار ہیں، میں مانتا ہوں کہ وہ ہم سے زیادہ تجربہ ہے، تو وہ جب آئے تو اس وقت ماحول لیڈر آف دی ہاؤس کی تقریر کا نہیں تھا لیکن اس کے بعد انہوں نے ایک Positive role play کیا اور ایک میکنزم ہم نے نکالا، ان کی تقریر بھی سنی، لیڈر آف دی ہاؤس کی تقریر بھی سنی، تو میں Expect کرتا ہوں اور میں ان سے ریکویسٹ بھی کرتا ہوں سارے لیڈرز اور سارے آنریبل ممبرز سے کہ آپ ایک Positive role ادا کریں، جھگڑوں کی طرف ہم نہ جائیں۔ ہم بات بات پہ ایک دوسرے کو عدالتوں میں نہ لے کر جائیں، یہاں پر ہم اپنے مسئلے حل کر سکتے ہیں، ہم سب میں یہ صلاحیت موجو ہے، ہم سیاسی لوگ ہیں، ہم عوامی لوگ ہیں، ہم جرگہ کرنے والے لوگ ہیں، ہم بات کرنے والے لوگ ہیں، ان شاءاللہ نیک نیتی سے آپ اور ہم بیٹھیں گے، ہم اپنی باتیں یہاں پر اس فورم میں حل کریں گے اور اسی وجہ سے یہ لوگ، ہمارے صوبے کے لوگ ہمیں دیکھ رہے ہیں، ان کو ہم نے چار سال کے بعد جب ہم جائیں گے، ہم نے بتانا ہے۔۔۔۔۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Windup, please.

<u>وزیر قانون</u>: کہ ہم سب نے اپنا Role play کیا اور صوبے کی ترقی کے لئے اچھے انداز میں آگے گئے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: **میاں نثار گل صاحب، میاں نثار گل صاحب، دوئ پسې به تاسو اوکړئ، میاں نثار گل صاحب اوکړی نو بیا تاسو به بیا**

**ورپسې اوکړئ، اوس وینا اوشوه۔ میاں نثارگل صاحب، پینځه منټه دی جی تاسو سره،** سب کے نام لکھے ہوئے ہیں جی، سب کے نام لکھے ہوئے ہیں۔

<u>میاں نثار گل</u>**:** شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، سپیکر کی کرسی بڑی عظیم کرسی ہوتی ہے، آپ نے ایک ہفتہ پہلے ایک رولنگ دی تھی کہ نسوار منشیات میں آتی ہے تو اس رولنگ کی وجہ سے جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>**:** نسوار منشیات کی ایک قسم ہے، میں نے یہ نہیں کہا کہ یہ منشیات میں آتی ہے۔

<u>میاں نثار گل</u>**:** نہیں، آپ نے رولنگ دی تھی اور اخباروں میں آیا ہے کہ نسوار کو منشیات قرار دیا گیا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>**:** اخباروں میں انہوں نے غلط لکھا ہوگا۔

<u>میاں نثار گل</u>**:** سر، پلیز ذرا اگر اس کی تشریح ہو تو پھر اچھا ہوگا، جناب سپیکر، اس لئے کہ صوابی کے لوگ تمباکو کاشت کرتے ہیں، بنوں میں اس کے بڑے بڑے کارخانے ہیں، پچھلی حکومت میں میاں افتخار صاحب ایک بل کو پاس کر رہے تھے، ہم کچھ پارلیمنٹیرین بھی اس نشے میں مبتلا ہیں تو ایسا نہ ہو کہ ہم پر ایک منشیات کا داغ لگ جائے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>**:** آپ نے ابھی خود کہا ہے کہ آپ اس نشے میں مبتلا ہیں، ابھی آپ نے خود کہا کہ آپ بھی اس نشے میں مبتلا ہیں تو اگر یہ نشہ ہے تو غلط ہے۔

<u>میاں نثار گل</u>**:** اس پہ آپ رولنگ دے دیں کہ یہ منشیات میں نہیں ہے، تھینک یو سر۔ جناب سپیکر، آج ضمنی بجٹ پہ بات ہو رہی ہے اور آپ کہتے ہیں کہ ضمنی بجٹ کے بعد

کوئی اور بات بھی نہ کریں، بجٹ میرے خیال میں ضمنی بجٹ ابھی ہمارے سلطان خان نے کہا کہ ستائیس ارب روپے کا پیش ہو رہا ہے اور غالباً ہمارے فنانس منسٹر نے اس بجٹ تقریر میں 26 ارب کا کہا تھا کہ ہمیں تیل اور گیس سے پیسے مل رہے، میرے خیال میں یہ وہی والے پیسے ہیں، اس پہ میں آگے نہیں جاؤں گا اور نہ اس پہ بحث کروں گا، وہی پیسے ایڈوانس آتے ہیں پھر اس کے لئے ضمنی بجٹ کی ضرورت ہوتی ہے کہ اس کو اس ایوان میں خرچ کر کے پیش کیا جاتا ہے لیکن اس علاقے کے لوگوں کو دیا جاتا ہے یا نہیں دیا جاتا، جناب سپیکر، ادھر موٹر وے کی بات ہوگئی، میں Appreciate کرتا ہوں جو اچھی بات ہوگی، پشاور ڈی آئی خان موٹر وے اللہ کرے کہ بنے، وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی کل کہا تھا لیکن شکر الحمد للہ یہ اعزاز مجھے حاصل ہے کہ میں نے اس ایوان میں پشاور ڈی آئی خان موٹر وے کی قرارداد پیش کی تھی اور سارے ایوان نے اس کو منظور کیا تھا، اللہ کرے کہ سوات کی طرح، ہزارہ کی طرح، پشاور کی طرح پشاور ڈی آئی خان موٹر وے بنے، اگر فزیبلٹی سٹڈی ہو اور نہ بنے تو ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ جناب سپیکر، آج میں نے اخبار میں پڑھا، بجٹ کے ساتھ ساتھ یہ باتیں ہوتی رہیں گی کیونکہ اور موقع بھی نہیں ملتا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ ضمنی بجٹ پہ بات کریں۔

<u>میاں نثار گل</u>: کیا آپ، نہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سر، اخبارات میں ہر روز نئی بات ہوتی ہے۔

<u>میاں نثار گل</u>: بجٹ پہ بات کروں گا، میں نے آج اخبار میں پڑھا کہ آپ لوگوں نے

اکرم خان درانی ماڈل سکول کا نام تبدیل کرکے بنوں ماڈل سکول رکھا، میرے خیال میں ایبٹ آباد کا نام بھی تبدیل کرنا ہوگا، لیڈی ریڈنگ ہسپتال کا نام بھی تبدیل کرنا ہوگا، بہت سے ایسے نام ہیں ہیں جن سے ان کی شناخت تھی لیکن پتہ نہیں کیا وجہ تھی؟ اس پر میں وزیر قانون سے پھر وضاحت بھی مانگوں گا، اللہ کرے کہ وہ وضاحت دے دیں۔ جناب سپیکر، اس بجٹ پر میں دو تین باتیں کرنا چاہتا ہوں کیونکہ ٹائم بھی کم ہے، ہمارے علاقے میں لوگ کہتے ہیں، میں وزیر اعلیٰ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ کل انہوں نے کہا تھا کہ کرک میں پانی کی بہت تکلیف ہے، پچھلے بجٹ میں خول ڈیم، مردن خیل ڈیم اور شرقی ڈیم جو پچھلی حکومتوں نے بنائے تھے اور اس ایک ڈیم کے لئے جناب سپیکر، چالیس کروڑ، پچاس کروڑ روپے لگے ہیں، اس کے لئے گریٹر واٹر سپلائی سکیم کی فزیبلٹی سٹڈی اینڈ ڈیزائن، ٹینڈر بھی ہوا تھا لیکن اس دفعہ جب اے ڈی پی میں دیکھا تو وہ نکل گیا تھا، اب وزیر اعلیٰ صاحب کا شکریہ، کیونکہ وہ تو کہتے ہیں کہ کرک میں کم پانی کا مسئلہ ہے لیکن جب مسئلوں کے لئے وسائل نہ ہوں، ایک اے ڈی پی سکیم جس کے لئے اس میں ایبٹ آباد بھی تھا اور یہ تین ڈیم بھی تھے مگر ایبٹ آباد کو Include کیا گیا اور کرک کو نکال دیا گیا، میری لاء منسٹر سے درخواست ہوگی کہ جب وزیر اعلیٰ خود Admit کرتے ہیں کہ کرک میں پانی کا مسئلہ ہے تو اس کے لئے پھر ڈیپارٹمنٹ سے پوچھا جائے کہ اس سکیم کو کیوں نکالا تھا؟ جناب سپیکر، ادھر بات ہوگئی کہ ہم Incomplete سکیموں کو پیسے دیتے ہیں، ہمیں تو ان لوگوں نے ایک بھی سکیم

نہیں دی، اللہ ان کو خوش رکھے، پرانے جو ہمارے ایم پی ایز تھے وہ بھی پی ٹی آئی کے تھے، ان کے وقت سے یہ سکیمیں چل رہی ہیں لیکن ایک سکیم پر ہمارے ہاں پندرہ کروڑ روپے جو آدھاملک ظفراعظم کے حلقے میں ہے، نری پا نوس روڈ اور ساتھ ساتھ فقیرآباد روڈ، اس پر جناب سپیکر، آٹھ نو کروڑ روپے لگے ہیں، وہ اسی طرح پڑا ہوا ہے، لوگ گرد و غبار میں جا رہے ہیں لیکن اس اے ڈی پی میں اگر آپ دیکھ لیں تو میرے خیال میں تقریباً ایک روڈ دوسرے روڈ سے چالیس پچاس کلومیٹر دور ہوگا، ڈیڑھ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں تو کس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ اچھا بجٹ ہی ہوگا؟ اللہ اس کو اچھا بجٹ بنا لے، ہم خوش بھی ہیں، ایم اینڈ آر کے متعلق ہم کہیں، پبلک ہیلتھ کے متعلق ہم کہیں، جناب سپیکر، خدا کی قسم میں کلمہ پڑھتا ہوں، ہم کبھی بھی Criticism نہیں کرتے، ایم اینڈ آر کا جتنا فنڈ آتا ہے وہ سارے لوگ آپس میں Distribute کرکے تقسیم کرتے ہیں اور ہمارے سارے پبلک ہیلتھ کے ٹیوب ویلز بند پڑے ہیں، آپ ایک کمیٹی بنا دیں، یہ آپ کی حکومت والے ہیں، ہم بھی حکومت والے ہیں، یہ Criticism کی بات نہیں ہے، اسٹیبلشمنٹ کھاتی ہے، بیوروکریٹس کھاتے ہیں اور بدنامی آپ کی ہوتی ہے، میری ہوتی ہے، میری چار پانچ مشینں رمضان میں خراب پڑی تھیں، لوگوں نے پیسہ اپنی طرف سے جمع کر لیا کہ ہم خود مرمت کرتے ہیں لیکن پھر بھی مرمت نہ ہو سکیں، برائے مہربانی میں یہ حکومت کو کہنا چاہتا ہوں کہ کٹ موشنز پہ اگر ہمیں موقع ملے تو ہم اور آپ لوگوں کی غلطیاں نہیں ہوتیں، وزیر اعلیٰ اچھے آدمی ہیں، لاء منسٹر اچھے آدمی ہیں، شہرام

ترکئی اچھے آدمی ہیں لیکن بیوروکریسی جو کھیل آپ لوگوں کے ساتھ کھیلتی ہے تو پھر بدنامی پارلیمنٹرین کی ہوتی ہے، ایم اینڈ آر کا فنڈ صحیح خرچ نہیں ہوتا، ضمنی بجٹوں میں آتا رہتا ہے، یقین کریں کہ میرے 60 سے 70 پرسنٹ ٹیوب ویلز بند پڑے ہیں اور لوگ گھروں میں پانی لاد کر لا رہے ہیں، جناب سپیکر، ہم کچھ نہیں چاہتے، وزیر اعلیٰ صاحب نے کل کہا ہے، ہمارے لئے قابل احترام بھی ہیں، ﷲ ان کو اور عزت دے، بابک صاحب نے بھی بات کی، ہم ان کو یہ کہتے ہیں کہ آپ وزیر اعلیٰ ہیں، فرنٹ پہ مت کھیلیں، Front foot پر کھیلنے والے چھکے چوکے لگا لیتے ہیں مگر جلدی آؤٹ ہوتے ہیں، آپ ہمارے مہربان ہیں، ہمارے ساتھ جرگے کریں، آپ ہمارے وزیر اعلیٰ ہیں لیکن انہوں نے جو بات کی، ہم نے تو مل بیٹھنے کا کہا ہے کہ آؤ اس صوبے کو چلانا ہے، ہم عدالت نہیں جاتے، ہم Agitation نہیں کرتے لیکن جب ہم حلقوں میں جاتے ہیں، ہمارے ساتھ ایک سال میں ایک کروڑ نہ ہو، پچاس لاکھ روپے نہ ہوں، چالیس لاکھ روپے نہ ہوں تو ادھر سے Front foot پہ کھیلا جائے گا اور ادھر ہم پیچھے ہٹتے رہیں گے، تو Front foot پہ کھیلنے والے کچھ چھکے چوکے تو لگا لیتے ہیں لیکن میرے خیال میں جلد ہی آؤٹ بھی ہوتے ہیں، میری یہ آپ سے عرض ہوگی۔ لاء منسٹر نے کہا۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: وائنڈ اپ کریں جی۔

<u>میاں نثار گل</u>: کہ ہم Committed لوگ ہیں، آپ کے ساتھ جو بات ہم نے Commit کی ہے، آپ نے اسمبلی فلور پہ کہا کہ کلاس فور پوسٹیں حلقہ ایم پی اے لے گا لیکن آج بھی میں کہتا ہوں کہ آپ کی بات۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! وائنڈ اپ کر لیں۔
میاں نثار گل: ادھر ضلعے میں نہیں پہنچی تو ادھر پھر کیوں کرتے ہیں؟ ضلع میں پہنچا دیں، برائے مہربانی پہنچا دیں، شریف آدمی ہیں، پہنچادیں، جس طریقے سے بھی پہنچاتے ہیں پہنچا دیں، فنڈ اگر دینا چاہتے ہیں تو ہمیں مت دیں، ادھر علاقوں میں خرچ کر لیں، وہ بھی آپ کے لوگ ہیں، ادھر بھی آپ کے لوگ ہیں، اپوزیشن اور حکومت دو پہیوں کا نام ہے، گاڑی چلتی رہتی ہے اس گاڑی کو چلنے دیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: میاں صاحب! وائنڈ اپ کر لیں۔
میاں نثار گل: ہم کمیٹی میں بھی آگئے، آپ کے ساتھ جرگے بھی کر لئے، اگر کھانے کا مقصد تھا تو.....
جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب! وائنڈ اپ کر لیں کیونکہ وقت کم ہے۔
میاں نثار گل: وائنڈ اپ کرتا ہوں، آخری بات تھی، جناب سپیکر، آپ کا شکریہ، میں سلام کرتا ہوں لیکن ایک بات کہ سپیکر صاحب نے بڑا اچھا کھانا کھلایا، ہم ان کے شکر گزار ہیں، میں بھی اس میں تھا، لاء منسٹر صاحب! میں اگر بار بار ایک ہی راگ آلاپوں کہ ہم آپ کو اتنا دے رہے ہیں تو آپ ناراض ہو جائیں گے، تو ان پیسوں پر عمل درآمد ہونا چاہئیے، ہم ہائی کورٹ جانے والے لوگ نہیں ہیں، ہم جرگوں والے لوگ ہیں، ہم سیاسی لوگ ہیں، ہم مل بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں لیکن آپ کی طرف سے عمل نہ ہو تو پھر ہم ہائی کورٹ بھی جائیں گے، ہم سٹے آرڈر بھی لیں گے، کل ہمارے احمد وزیر صاحب کا بیان آیا تھا کہ سارے ایم پی ایز آئے تھے، پارلیمنٹیرینز آئے تھے ہمارے

مشیروں کے خلاف، تو ایسی کوئی بات نہیں ہے، ہم اس لئے گئے تھے کہ ہمیں کچھ ملا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں صاحب، وائنڈ اپ کریں۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ، لیکن آپ رولنگ دے دیں وہ نسوار والی بات پہ پلیز کہ وہ بڑا مسئلہ بناہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب، لطف الرحمان صاحب۔

جناب لطف الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، لاء منسٹر صاحب نے تمام سوالات کے جواب دیئے اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہتے رہے کہ آخر میں تفصیلاً جواب شہرام خان دیں گے، تو میں اس وقت بھی یہی کہہ رہا تھا کہ ہم بات کر لیتے ہیں تو آپ آخر میں جواب دیں اور وائنڈ اپ سپیچ آج کے دن کی اگر کرتے ہیں تو ایک ہی منسٹر کر لیتے، سلطان خان کرتے یا شہرام خان کرتے، تو اب ایک تفصیل سلطان خان نے سنا دی اور اب دوسری تفصیل جو ہے وہ شہرام خان سنائیں گے۔ جناب سپیکر، ضمنی بجٹ کے حوالے سے بحث ہے، سپیکر صاحب جو ہیں وہ بڑے طریقے سے درمیان میں Interrupt کرتے ہیں کہ ضمنی بجٹ پہ بات کریں کوئی اور بات آپ نے نہیں کرنی، جناب سپیکر، جب بجٹ سیشن ہوتا ہے تو بجٹ سیشن ہی میں اس کی کھلی چھٹی ہوتی ہے کہ جب آپ بجٹ کی بات کرتے ہیں تو آپ ہر موضوع کو اس میں اٹھا سکتے ہیں اور ہر موضوع پہ آپ بات کر سکتے ہیں، صوبے کے جو مسائل ہیں، صوبے کے جو حالات ہیں، صوبے کے عوام کی بھلائی و خیرخواہی کے لئے بات ہوسکتی ہے، تو ہم نے اس دن

بھی کہا تھا، آج سلطان خان صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہمارے تمام ممبران کہتے ہیں کہ یہ عوام دشمن بجٹ ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یہ عوام دوست بجٹ ہے، تو آپ کہاں سے ثابت کر رہے ہیں کہ عوام دشمن بجٹ ہے؟ تو میں ان کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ وہ ذرا عام پبلک میں جا کر عام آدمی سے پوچھ لیں جس کو شاید بجٹ کے بارے میں معلوم نہیں ہوگا، اس سے جا کر پوچھیں کہ آپ کے اس بجٹ سے، اور یہ جو غریب دوست بجٹ آپ کہہ رہے ہیں، اس میں آپ نے قوم کے ساتھ کتنی دشمنی کی ہے، اس کا تصور بھی ممکن نہیں ہے اور جو Fluctuation ڈالر کے حوالے سے دن رات ہو رہی ہے، آپ اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ اس وقت فنانس منسٹر ضمنی بات کر رہے تھے کہ جی اس سے تو کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ڈالر کی قیمت اوپر چڑھ رہی ہے یا نیچے جائے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، کیونکہ بعض ملکوں کی کرنسی بہت نیچے ہوتی ہے لیکن معاشی لحاظ سے وہ بہت مستحکم ہوتے ہیں، تو میں نے اس دن بھی کہا تھا کہ اگر آپ ایکسپورٹ کرتے تو ضرور آپ پیسے کی قیمت کم کریں، مارکیٹ میں لوگوں کو آپ لائیں، آپ اپنی مارکیٹ میں ایک دلچسپی پیدا کریں اور دنیا کو متوجہ کریں تو تب تو آپ روپے کی قیمت کم کریں، تب ہی فائدہ ہوگا اور اگر آپ نےامپورٹ ہی کرنا ہے اور آپ نے سارے کارخانے بند کر دیئے، سارے کاروبار بند کر دیئے پھر تو ظاہر ہے کہ آپ پر اثر پڑےگا، آپ پہ مہنگائی آئے گی۔ آپ تیل کی قیمت بڑھائیں گے، آپ بجلی کی قیمت بڑھائیں گے، گیس کی قیمت آپ بڑھائیں گے اور جو عام اشیاء ہیں، جو زندگی کے لئے کھانے پینے کی ضروری اشیاء ہیں وہ مہنگی

ہو جائیں گی۔ آج آپ پوچھ لیں، آج آپ مارکیٹ میں جائیں کہ اس پہ کتنا بڑا اثر پڑا ہے؟ تو آپ مجھے کہتے ہیں کہ یہ غریب دوست بجٹ ہے اور اس کو میں غریب دشمن بجٹ نہیں کہہ سکتا، عوام دشمن بجٹ اس کو نہیں کہہ سکتا، تو میں اور کیا کہوں گا؟ جناب سپیکر، ضمنی بجٹ کے حوالے سے کہ ہمیشہ بجٹ آتا ہے، اس سے میرے خیال میں پی ٹی آئی کی حکومت نے پاکستان کی تاریخ میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے، نیا ریکارڈ ضمنی بجٹ کے حوالے سے، قومی اسمبلی میں چار ضمنی بجٹ آچکے ہیں اور ہماری اسمبلی میں بھی پچھلے پانچ سالوں سے مسلسل ضمنی بجٹ آرہے ہیں، جواب ہمیں یہ دیتے ہیں کہ پچھلی حکومتوں نے کیا ضمنی بجٹ پیش نہیں کیا تھا؟ تو ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کی پلاننگ اچھی ہونی چاہیئے تھی نا، آپ کو ضمنی بجٹ کی ضرورت کیوں پڑ رہی ہے، تو آپ بتائیں گے نا کہ آپ کی پلاننگ کتنی ہے؟ آپ کاپلاننگ ڈویژن جو ہے وہ صحیح کام نہیں کر رہا، پلاننگ صحیح نہیں بنا رہا اور جو تخمینہ مختص کیا جا رہا ہے وہ صحیح نہیں ہوتا، تو جب آپ اس کو سرپلس بجٹ کہیں گے تو آخر میں اگر وہ خسارے کا بجٹ ہوگا تو پھی ضرور یہی حال ہوگا۔ جناب سپیکر، دو باتیں ہوسکتی ہیں، یا تو خسارے کا بجٹ ہوگا تو آپ کہیں گے کہ جی ہمیں پیسوں کی ضرورت تھی، ہمیں مزید سکیموں کی ضرورت تھی، پیسے پورے نہیں ہو رہے تھے اور ہم نے مزید پیسے اس میں ڈالے ہیں، یا ریٹ میں فرق آیا، مارکیٹ میں فرق آیا تو ہم نے یہ Revised estimatesبنائے، یا پھر آپ کے پاس سرپلس پیسے ہوں گے کہ جن سے آپ نئے پراجیکٹ دوران سال جو ہیں وہ شامل کریں

گے، جیسے آپ نے بلین ٹری کا جو پراجیکٹ تھا وہ آپ نےضمنی بجٹ کے تھرو لایا، تو اسی طرح آپ کو ئی اور بجٹ لائیں گے لیکن وہ تب لا سکتے ہیں کہ آپ کے پاس سرپلس بجٹ ہو۔ جناب سپیکر، ہم ہمیشہ اپنی اپوزیشن کو یہی جواب دیتے ہیں کہ آپ کی حکومتوں نے کیا کیا؟ اور جب ہم غلطی کی نشاندہی کرتے ہیں، جب اس حوالے سے کوئی بات ہوتی ہے تو وہ جواب میں یہ کہتے ہیں کہ آپ نے یہ کیا آپ نے وہ کیا، قرضوں کی بات ہو، کسی اور چیز کی بات ہو تو وہ سارا Blame پچھلی حکومتوں پہ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں، یہاں تو پچھلی حکومت بھی پی ٹی آئی کی تھی، یہاں تو آپ Blame پچھلی حکومت کا کسی اور حکومت پہ نہیں ڈال سکتے۔ ہم نے پچھلی تمام تقاریر میں آپ کو متنبہ کیا تھا کہ آنے والے سالوں میں کیا صورتحال ہوگی، پچھلے سال آپ نے کیا کیا، آپ کا ڈیویلپمنٹ بجٹ کہاں پہ گیا اور آج آپ کہاں پہ کھڑے ہیں اور آج کاڈیویلپمنٹ بجٹ کس صورتحال سے دوچار ہے؟ آپ کا جو ضمنی بجٹ ہے اس میں پندرہ ارب جو آپ نے ڈیویلپمنٹ بجٹ اس میں رکھا ہوا ہے، آپ اس کا دیکھ لیں، میں سمجھتا ہوں کہ سلطان خان کہتے ہیں کہ آپ عدالت میں کیوں جاتے ہیں؟ میرے دوسرے دوستوں نے بھی بات کی، میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے کمیٹی کا ذکر کیا، اس کمیٹی میں میں بھی بیٹھا ہوا تھا، ہم نے آپ کے ساتھ بات کی، بات چیت ہوئی حکومت اور اپوزیشن کے درمیان لیکن آپ مجھے یہ تو بتائیں کہ آپ اس پہ تو اعتراض کر رہے ہیں کہ آپ عدالت کیوں جا رہے ہیں لیکن یہ بات آپ نہیں بتاتے کہ ہم نے جو معاہدہ اس وقت کیا تھا اس کی

Violation ہم کیوں کرتے ہیں؟ اگر آپ Violation کریں گے تو آپ ہمیں مجبور کر رہے ہیں کہ ہم عدالت میں جائیں، تو جناب سپیکر، آپ اپنی اس پہ دیکھیں، اگر آپ کے پاس اختیار نہیں ہے اور آپ کمیٹی میں آکے بیٹھتے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ ہم حکومت کے نمائندگان آکر بیٹھے ہیں، ہم جو فیصلہ یہاں پہ کریں گے اس فیصلے پہ Implementation ہوگی، اگر آپ Implementation نہیں کریں گے تو اپوزیشن تو مجبور ہے کہ وہ کورٹ میں جائے گی لیکن مجھے سلطان خان کے لہجے پہ بڑا افسوس ہوا، سنیں سطان خان صاحب! مجھے ان کے لہجے پہ افسوس ہوا، سلطان خان صاحب فرما رہے ہیں کہ آپ ہمیں، خوشدل خان صاحب! آپ بات سنیں جی، سلطان خان صاحب کہہ رہے ہیں کہ اپوزیشن کورٹ میں جانے کی ہمیں دھمکی دیتی ہے کہ ہم کورٹ میں لے جائیں گے اور پھر ہم جو ہے نا کہ یہ کریں گے کہ آپ سے زبردستی یہ سب کچھ لیں گے اور ان کا لہجہ جو ہے شاید میرے ممبران نے اس کو نوٹ نہ کیا ہو، تو وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اسی طرح اس کا حال کرنا ہے جس طرح آپ کے مشیر اور سپیشل اسسٹنٹ کا فیصلہ آیا ہے، ہم نے آپ کے دوسرے فیصلوں کا بھی اسی طرح کا حال کرنا ہے، تو مجھے ایک بات سمجھ میں آگئی ہے کہ جس طرح اس ملک میں سیلیکٹڈ حکومتیں بنائی گئی ہیں، اس کے پیچھے جو قوت ہے وہ اس قوت کی بنا پر آج اس اسمبلی میں بات کر رہے ہیں۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: لطف الرحمان صاحب! آپ نے جو سیلیکٹد کی بات کی، الحمد ﷲ اس ہاؤس میں میں سیلیکٹڈنہیں الیکٹڈ ہوں، آپ بھی الیکٹڈ ہیں، آپ بھی الیکٹڈ ہیں، کوئی سیلیکٹڈ نہیں ہے، یہ بات آپ غلط کر رہے

ہیں، یہاں پہ اگر آپ سیلیکٹڈ ہیں تو پھر آپ کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ آپ یہاں پر بات کریں، یہاں پر صرف الیکٹڈ لوگ بات کر سکتے ہیں۔

<u>جناب لطف الرحمان</u>: انہوں نے بات کی ہے تو میں اس کا جواب دوں گا، میں بات کروں گاجناب سپیکر، میں بات کروں گا (شور/قطع کلامی) میں تو سیلیکٹڈ کی بات کر رہا ہوں، میں اور کیا بات کر رہا ہوں، میں نے کوئی گالی تو نہیں دی ہے جناب سپیکر، آپ مجھے بتائیں کہ اگر نیب کے فیصلے اس طرح آئیں گے، سیلیکٹڈ فیصلے ہوں گے اور کل اے پی سی میں جو ایک سیاسی لیڈر نے بات کی کہ ایک 'نیب زدہ' ہوتا ہے اور ایک 'نیب زادہ' ہوتا ہے تو وہ بھی ہم نے دیکھ لیا کہ جن کے حق میں فیصلے آرہے ہیں، وہ 'نیب زادے' کیسے بنتے ہیں اور جن کے خلاف فیصلے آتے ہیں وہ 'نیب زدہ' کیسے ہوتے ہیں؟ (قطع کلامی) ٹھیک ہے ناں، وہ ایک ہی کیس میں ہے، ایک ہی کیس میں جو فیصلہ ہوا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Cross Talk نہ کریں،لطف الرحمان صاحب چیئر کو ایڈریس کریں۔

<u>جناب لطف الرحمان</u>: تو جناب سپیکر، میں ان کو یہ بتانا چاہتا ہوں، سلطان خان جس طریقے سے بات کر رہے ہیں کہ ہم نے اس طرح سے فیصلے نکلوانے ہیں تو وہ بات ہمیں سمجھ آرہی ہے، آپ فکر نہ کریں لیکن ہمارے جو حلقے ہیں جب وہ محروم ہوں گے، جب آپ ان کو کچھ نہیں دیں گے تو پھر ظاہر ہے کہ ہمیں عدالت تک جانا ہے، اپنے عوام کو تو ہم نے مطمئن کرنا ہے کہ ہم آپ کے لئے عدالت تک گئے ہیں کہ اس حکومت نے جو انصاف کے نام پہ بنی ہے وہ آپ کے حلقے

اور عوام کے ساتھ کیا انصاف کر رہی ہے؟ یہ تو ہم نے اپنے حلقے کے لوگوں کو جواب تو دینا ہے، لہذا میں سلطان خان سے یہ ریکویسٹ کروں گا، انہوں نے اور بات بھی کی ہے، میں سلطان خان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر آپ حکومت کے نمائندگان بن کر جب بیٹھتے ہیں، بات کرتے ہیں اور پھر جب آپ سے ایک معاہدہ ہوتا ہے، لودھی صاحب بیٹھے ہیں، انتہائی محترم ہیں میرے لئے، میرے لئے سارے محترم ہیں لیکن جب آپ بیٹھتے ہیں، آپ کمیٹی بنا کر اپوزیشن کے ساتھ بیٹھتے ہیں، پھر جو معاہدہ ہوتا ہے، سلطان خان صاحب، آپ ذرا اس بات کو سنیں، (قطع کلامی) آپ کمپلیٹ کرنے دیں، پھر آپ معاہد ے کو پورا بھی کریں، آپ نے کلاس فور کی بات ہے، آپ نے کبھی پوچھا ہے کہ کلاس فور میں اپوزیشن کے حلقوں میں کیا ہوا ہے ؟ نہیں پوچھا اور اس وقت سے لے کر آج تک اس میں وہی کچھ ہو رہا ہے جو ہم اس وقت آپ کے سامنے رونا رو رہے تھے۔ اس کے علاوہ آپ مجھے بتائیں کہ یہ جو آپ نے Rationalization کی بات ہے کہ ہم نے اس میں بہت سارے پراجیکٹس ڈراپ کئے، تھرو فارورڈ جو ہے وہ صحیح طریقے سے ٹائم پہ پہنچے گا، مجھے یہ بتائیں گے کہ اپوزیشن کی جماعتوں کے لوگوں کے جو پراجیکٹس تھے وہ آپ نے ڈراپ کئے ہیں اور کیوں ڈراپ کئے ہیں؟ اپنے لوگوں کو تو آپ نے پیسے دے دیئے اور ہمارے آپ نے پراجیکٹس ڈراپ کر دیئے، تو آپ مجھے بتائیں پراجیکٹس آپ نے بجٹ سے ہی نکال کر ان کو ڈراپ کر دیا تو مجھے آپ پیسے کہاں سے دے رہے ہیں؟ تو Rationalization آپ کی یہ تھی کہ آپ نے اپوزیشن جماعت کے جو، اچھا ففٹی پرسنٹ سے زیادہ کام ہو چکے

ہیں، ففٹی پرسنٹ سے زیادہ، میرے حلقے میں Seventy percent, Sixty percent کام ہو چکے ہیں اور وہ صرف اس انتظار میں تھے کہ بقایا پیسے آئیں گے اور ان سکیموں کو ہم کمپلیٹ کریں گے، آپ نے پراجیکٹ ہی ڈراپ کر دیا تو آپ مجھے بتائیں کہ میرے پاس کون سا راستہ بچا ہے کہ میں عدالت میں جاؤں کہ نہ جاؤں؟ آپ نے معاہدہ کیا ہے کہ ہم آپ کو وہ پیسے دیں گے، پورا کریں گے اور اب بھی، میں اس میں موجود نہیں تھا جب رمضان شریف میں آپ کی ملاقات ہوئی تو اس میں بھی آپ نے بات کی، تب بھی آپ نے پراجیکٹ ڈراپ کر دیا ہے اور مجھے نہیں پتہ کہ آپ نے باقی ممبران کو، تمام کو پیسے ملے ہیں، آ پ کے تمام حکومتی ممبران کو پیسے ملے ہیں لیکن اپوزیشن جماعتوں کے ممبران کے پراجیکٹس کو ڈراپ کیا گیا ہے، آپ مجھے ذرا جواب دیں گے کہ ان کو ہم پیسے مہیا کریں گے کہ نہیں کریں گے؟ تو جناب سپیکر، گاڑی تو اس سے چلتی ہے جب آپ بیٹھتے ہیں اور روایات کی بات کرتےہیں تو پھر میں بڑے احترام سے کہوں گا کہ جب روایات کی بات آپ کرتے ہیں تو پھر آپ جب ایک معاہدہ کرتے ہیں تو زبان ہوتی ہے اور پھر اس پر چلنا بھی ہوتا ہے، اس کو Implement بھی کرنا ہوتا ہے، یہ نہیں ہو تا کہ پھر Implement نہ ہو، عاطف خان پہلے اس میں بیٹھا تھا اور اس کے بعد وہ اس لئے نہیں بیٹھا کہ وہ کہتا ہے کہ جب ہم اپنی بات Implement نہیں کروا سکتے اور ہم معاہدہ کرتے ہیں تو میں ایسی میٹنگ میں نہیں بیٹھتا، اس نے خود فلور آف دی ہاؤس کھڑے ہو کر کہا کہ پھر میں میٹنگ میں نہیں بیٹھوں گا، اگر فیصلوں پر عمل درآمد نہیں

ہوتا، تو جناب سپیکر، مجھے آپ لوگوں سے یہ امید بھی ہے کہ کوشش یہ ہونی چاہئیے کہ جب ہم بیٹھیں، بات کریں تو پھر اس پہ چلنا چاہئیے، اس پہ بات ہونی چاہئیے اور دوسرا اس دن بھی میں نے تقریر میں بات کی اور سلطان خان نے بھی سنی تھی، سب نے سنی تھی، میں نے یہ بات کی تھی کہ حکومت کی اسلامیات میں جو لفظ غنیمت کے مال کو 'لوٹ مار' سے تعبیر کیا گیا ہے، کسی بھی صوبے میں نہیں ہے، میں نے جواب مانگا تھا کہ اس لفظ کی تصحیح ہونی چاہئیے، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں 'لوٹ مار' کا لفظ جو ہے قرآن کے الفاظ کا غلط ترجمہ کیا گیا ہے، اس کو 'غنیمت کے مال' سے بدلا جائے اور فوری طور پر اس پر احکامات جاری ہونے چاہئیے تھے لیکن اس پر کوئی بات نہیں آئی۔ دوسری بات سلطان خان نے کی کہ ہم اداروں کے کوئی نام نہیں چینج کرنا چاہتے، ادارے بنے ہیں، ان لوگوں نے بنائے ہیں، اگر اس پہ کسی کا نام ہے تو وہ نام ہم نہیں ہٹانا چاہتے لیکن انہوں نے بنوں میں 'درانی پبلک سکول' کا نام ہٹا کر 'بنوں پبلک سکول' کر دیا ہے، اس کو بنوں کا نام دے دیا ہے، آخر کیوں؟ عدم برداشت اتنی آگے چلی گئی ہے کہ آپ نام تک برداشت نہیں کر سکتے، سرکاری سکول ہے، اگر درانی صاحب نے بنایا ہے تو اس علاقے کو معلوم ہے وہ نام کہیں نہیں جا سکتا لیکن اگر وہ نام اسی طرح رہے تو کون سی ایسی بڑی بات ہے کہ جس سے آپ کو فرق پڑے گا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب! وائنڈ اپ کریں جی، وائنڈ اپ کریں جی۔

جناب لطف الرحمان: کہ وہ نام آپ چینج کر رہے ہیں، تو یہ بات ہوئی تھی اس پہ بھی

سلطان خان جواب دیں، اس پہ بات ہو کہ یہ کوئی بات نہیں، اس کو واپس لینا چاہئیے۔ میں ان کا شکر گزار رہوں گا سپیکر صاحب، آپ بھی مسلسل ہمیں اس میں، ہمارے علاقے میں، ہمارے اس پورے ایریا میں پینے کے پانی کا سب سے بڑا مسئلہ ہوتا ہے، سولرائزیشن کا سب سے بڑا مسئلہ اس میں ہے، تو جہاں پہ ضرورت نہیں ہے اور جس علاقے میں ضرورت ہے، ہونا یہ چاہئیے کہ اس طرف اس کو شفٹ کیا جائے اور اس علاقے کو اس کا فائدہ پہنچایا جائے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب، وائنڈ اپ کریں جی۔

جناب لطف الرحمان: تو میری یہ چند گزارشات تھیں اور سلیکٹڈ سے آپ خفا نہ ہوں، سلیکٹڈ تو ہم کہیں گے، کل اے پی سی میں ایک فیصلہ ہوا ہے اور اس پہ مطالبہ ہوا ہے، آج میں اس لئے دھرا رہا ہوں، اے پی سی میں ایک فیصلہ ہوا ہے کہ 'فاٹا' جو Merged area ہے، سابق قبائلی علاقے میں جو الیکشن ہونے جا رہا ہے، اس میں فوری طور پر فوج کی تعیناتی کو ختم کیا جائے تاکہ دوبارہ وہ ادارہ بدنام نہ ہو، اور دوبارہ وہ نام نہ لگے کہ یہ سلیکٹڈ لوگ آگئے ہیں۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میرے خیال میں لطف الرحمان صاحب نے تو ضمنی بجٹ پہ بات ہی نہیں کی، جناب بہادر خان صاحب۔

جناب بہادر خان: شکریه سپیکر صاحب، دا یو درخواست زه د مخکبنې نه کوم سر چې یو پینځه منټه ټائم هسې۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پینځه منټه نه به زیات نه درکوم، پینځه منټه اوکړه جی، پینځه منټه ټائم درته ملاؤ شو۔

جناب بهادر خان: سلطان خان چې دے کنه نیمه گهنټه کوی۔

جناب ډپټی سپیکر: بهادر خان صاحب، تاسو خو یو منټ په دیکښې ضائع کړئ، تاسو خپلې خبرې کوئ جی، تاسو ئے پنځوس اوکړئ نو یو کس به جواب درکوی کنه، بیا وائی جواب نه راکوئ۔

جناب بهادر خان: عرض کومه جی۔

جناب ډپټی سپیکر: کوئ جی۔

جناب بهادر خان: ما هغه بله ورځ دا وئیل چې زه گوره سپین گیرې یم، د سلطان خان نه زه مشر یم په عمر کښې، تاسو له پکار دی چې هغوی له نیمه گهنټه ورکوئ نو چې لس منټه خو ما له راکړئ کنه۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: تاسو خبرې سټارټ کړئ، تاسو خبرې کوئ نو بل له۔۔۔۔

جناب بهادر خان: جی زه اول یو ورکوټے غوندې متل کوم۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: نه متلونه مه کوئ، د مطلب خبره اوکړئ۔

جناب بهادر خان: منسټر صاحب ته وایم چې:

ے که تا وئیل ته ئې او ما وئیل ته ئې نو هم به ته ئې هم به زه یم
خو که تا وئیل زه یم او ما وئیل زه یم نو نه به ته ئې او نه به زه یم

(قہقہے)

جناب والا، چیف منسټر صاحب پرون تقریر اوکړو، مونږه ئے شکریه ادا کوؤ ځکه چې هغه کنټریکټ پولیس چې وو، دا زمونږ د ډیر وخت مطالبه وه او د هغې اعلان ئے اوکړو نو زه خراج تحسین هم ورته پیش کوم او زه ورته مبارکی هم وایم۔ (تالیاں) دا چیف منسټر زمونږه د ټولو چیف منسټر دے لکه د ټولو وزیر اعلیٰ دے، یواځې د دې یوې پارټئ وزیر اعلیٰ نه دے، که دلته منسټر ناست دے نو دا زمونږ د ټولو منسټر دے، دا به زمونږه د اپوزیشن تحفظ هم ساتی، دا به د اپوزیشن حق هم ورکوی، دا به د خپل د دغه ممبر حق هم ورکوی، اوس که دے مونږ له حق نه راکوی نو دا زمونږ مجبوری ده چې مونږ به کورټ ته هم ځو، مونږ به دلته شور هم کوؤ، دلته به مونږه ښه بدې هم وایو نو دا به دوئ برداشت کوی، که دا نه برداشت کوی نو بیا خو ترې نه څه جوړیږی نه، هغه به ترې نه جوړیږی چې هغه زمونږه او د دوئ الفت به خرابیږی، پکار ده چې

مونږه په دې باندې الفت خراب نکړو، چې دوئ زمونږ حق اومنی، مونږ له حق راکړی، مونږ به ولې شور شرابه کوؤ، مونږ به کورته ولې ځو، ولې به دوئ ته وران وران ګورو؟ د دې درخواست کوؤ چې دوئ دې په ځان کښې دا ماده پیدا کړی او دا ورته زه نصیحت کوم، دا ورته زه درخواست کوم چې تاسو د چا عزت مه خرابوئ، ګوره تاسو کم از کم زمونږ په دې هاؤس کښې تاسو کشران راغلی یئ، مونږه مشران یو، داسې یو نوبت پیښ شو، په 1993 کښې شیرپاؤ۔۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: تاسو جی، په بجټ باندې خبرې کوئ، زړې قیصې مه کوئ، د بجټ خبرې کوئ، اوس دې هم پخپله اووئیل چې زړې قیصې پرېږیده او مخکښې خبرې کوه نو اوس پخپله زړې خبرې کوئ، په بجټ باندې خبرې اوکړئ۔

(تالیاں)

جناب بهادر خان: زه ډیر افسوس کوم چې زه نه پوهیږم، یو ټول عمر، که هغه بل سپیکر صاحب کښینی او که ته ئې نو ټولو نه مو آخری وی، بس دوه خبرې مو نه وی کړې او په هغه مینځ کښې رااودانګئ۔۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: په کوم Sequence دې چې نمبر راغلے دے په هغه Sequence باندې مو نامه راوستې ده، مخکښې کولے دې نشم، کوم Sequence کښې را سره پروت دے۔

جناب بهادر خان: نه کنه، دا خو نه ده، ښه ډیر شے ټائم دے، د شپې د لسو پورې به ناست وی کنه، دا څه خبره ده، کښیښنو کنه۔۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: ته به د کوره تنګ ئې، دا نور تنګ نه دی۔

(قہقہہ)

جناب بهادر خان: زما غرض دا دے سر، په دې تیر شوې اے ډی پی کښې هم یو لس شل لکهه روپئ مونږ له ئے راکړې وې، اوس هغه بله ورځ ئے ریلیز کړې وې نو په هغې کښې چیف منسټر صاحب پرون اووئیل چې یره د غه سب انجینئر چې دے، هغه سره ټوپئ په سر کړې وه، دا ناست چې دلته څومره خلق دی، دا به ټول په پارټو کښې تقسیم وی، دا اوس ټول ستا د پارټئ نه دی، پکښې به زما د پارټئ هم وی، په دیکښې د پیپلز پارټئ به هم وی او دا بل به هم وی، د

هغې دا مطلب نه دے چې دا به په دې پارټۍ کښې وی او زه به ئے په صوبه کښې نه پرېږدم۔

جناب ډپټی سپیکر: بهادر خان صاحب! لږ Correction به کوم، دا ګیلرو کښې چې ناست دی نو دا د یو پارټۍ نه دی، دا ګورنمنټ آف خیبر پختونخوا دی، دا د یو پارټۍ هم نه دی، د دې Correction تاسو ته کوم جې۔

جناب بهادر خان: زما غرض دا دے چې مخکښې زمونږ په اے ډی پی کښې مونږ له ئے څه نه دی راکړی، یو لس شل لکهه روپۍ ئے راکړې وې، هغه چې مونږه پرې افتتاح کوله نو هغه سب انجینئر عاجز ئے وزیر ستان ته بدل کړو او اوس دا ځل په اے ډی پی کښې څه نشته، په پبلک هیلتهـ کښې څه نشته دے، ستاسو په نوټس کښې راولو، د دوئ په نوټس کښې ئے راولو، په سی اینډ ډبلیو کښې څه نشته دے، لس لس ملین روپۍ د شپیته کروړو، د څلویښتو کروړو په سکیم کښې ایښودې دی، اتلس روډونه ئے روان کړی دی، نن وران روډونه پراته دی، چا کښې هغه ډهیری ولاړ دی او هغه پراته دی او په هغې کښې لس لس ملین یو دوه، شل ملین روپۍ په دغه کښې ئے ورکړې دی، په اتلس روډونو کښې لکه چې هغه یو نیم ارب دی، په هغې کښې خو دا شل ملین د دې ټهیکیدارونو پورې قرض دے، پکار ده چې دغه له هغه ریلیز کړی او هغې له نور ریلیز اوکړئ چې کومې ورته منظورې وی نو پکار ده چې هغه سږکال دا سکیمونه په دیکښې پورا کړی (گھنٹی بجائی گئی)

نوی ئے چې کوم څنګه نورو له ورکړی دی داسې به ماله هم زما په حلقه کښې راکړی، زما حق جوړیږی۔ زمونږ د مونډا تحصیل کالج نشته دے، زمونږه سټوډنټان اوس د ایجوکیشن نه محروم دی ځکه چې ورته داخلې نه ملاویږی، په نورو کالجونو کښې ورته داخلې نه ملاویږی، زمونږ لس شل کلی داسې دی، په هغې کښې پرائمری سکولونه نشته دے او ما په دیکښې په دې اے ډی پی کښې مو هڅو د ایجوکیشن څه اونه لیدل، د یو سل سکولونو اپ ګریډیشن ئے کړے دے، پرائمری نه اتم ته او د اتم نه خو هغه لس، شل خو تاسو دلته ناست یئ، هم یو یو به واخلئ کنه، مونږه له خو پکښې بیا نه راکوئ (دوبارہ گھنٹی بجائی گئی) پکار ده چې مونږ له تاسو دغه کلو کښې چې سکولونه

نشته دے، لس شل کلی داسې دی، په هغې کښې مونږه له سروے اوکړئ، په هغې کښې سکولونه جوړ کړئ، کالج جوړ کړئ، مډل نه هائی مونږ له سکولونه راکړئ۔ دغه شان زمونږ په ایریگیشن کښې۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ستاسو ټائم پورا شو۔

جناب بهادر خان: تاسو څه نه دی کړی، بلامبټ ایریگیشن دے، تاسو هغه Close کړے دے او د اے ډی پی نه مو ویستے دے، هغې نه پچاس هزار ایکړ زمکه محرومه پاتې شوه، Already هغه پکښې شوے دے، دا په کروړونو روپئ پکښې لگیدلې دی، کندې پکښې وتلې دی، روډ پکښې تلے دے، کلورټ پکښې جوړ شوے دے، اوس ئے چېClose کړے دے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہادر خان صاحب، آپ وائنڈ اپ کریں جی۔

جناب بهادر خان: پبلک هیلتھ، ما خو لړ پریږده، د خدائے کم بخته۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وائنڈ اپ کریں جی، پانچ منٹ تھا، سب کو پانچ منٹ۔۔۔۔

جناب بهادر خان: لږ ټائم خو راکړه، لږ د خدائے په خاطر مو پریږده۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بیا د خوشدل خان والا ټائم که ته اخلې نو، د خوشدل خان ټائم به درکوم، ستا خپل ټائم پورا دے۔

جناب بهادر خان: د پبلک هیلتھ ما دلته دوه درې ځل قرارداد پاس کړے دے چې زمونږه داسې کلی دی چې خلق ترې اوس په کډو روان دی، په رب یقین اوکړه، تاسو د دې وخته پورې ما په اے ډی پی کښې د پبلک هیلتھ هډو څلور انې نه دی ایښودې، نه په زوړ کښې او نه په دې نوی کښې شته دے۔ دغه شان زمونږه په هره محکمه کښې مونږ د ټولو نه محروم یو، پکار ده چې زمونږ سره کښېنئ او ټهیک ټهاک حصه مونږ له راکړئ، دې ټول اپوزیشن له ورکړئ او بیا زه دوئ کښې سپین گیرې یم، زما خو حق جوړیږی چې را ئے کړئ، زه خو سینیئر سړے یم، دلته راغلے یم، دا ځل او بل ځل له به زه راځم یا به نه راځم، زه به ئے یا کوم یا به ئے نه کوم، پکار ده چې زه د خپل قوم او د خپلې

علاقې خدمت په صحیح طریقه باندې اوکړم، زما تجویزونه واؤرئ، زما دغه خپل حق را کړئ چې د خپلو خلقو زه خدمت اوکړم۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زه یو اناؤنسمنټ کومه۔ Maximum آج جتنے بھی لوگوں نے نام دیئے تھے، سب کی سپیچز ہو گئی ہیں، صرف تین نام رہ گئے ہیں، وہ سپیچز مکمل ہونے کے بعد جب بحث مکمل ہو جائے گی تو کل ہم پھر کٹ موشنز لیں گے اور پھر کل Final day ہو گا کیونکہ جو سپیچز تھیں وہ آج مکمل ہو جائیں گی ان شاء اللہ۔ جناب فیصل زیب صاحب، جناب فیصل زیب صاحب۔

جناب بہادر خان: جناب سپیکر، منسټرصاحب زما تقریر په Response کښې څه جواب خو ماله را کړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ان کے ساتھ بیٹھ کے پھر بات کر لیں، وہ سن چکے ہیں۔ جی، فیصل زیب صاحب، Continue کریں، آپ Continue کریں جی، بہادر خان صاحب کے لئے، ایک منٹ میں وائنڈ اپ کریں۔

جناب بہادر خان: یو منټ، د ایف ایچ اے ستاسو په دې خزانه بائی پاس باندې یو پل منظور دے، زمونږه د پل یو حصه سیندھ اوړې ده نو تاسو پل منظور کړے دے، په هغې کښې د نقیب کلی د سوادګانو زمکه راغلې ده، ایوارډ ئے شوے دے، روپئ نه ورکوی، بل دا ده چې شپیته فټه پټے هغوی په خپله مرضئ ورکړے وو، اوس د هغې قیمت داسې دے چې دوه لکهه او درې لکهه روپئ چې هغه په پنځوس لکهه خرڅیږی، کمرشل زمکه ده خو هغه نوره شپیته فټه اوس نیسی او هغه نه ورکوی او بیا به Stay اخلی نو وائی چې ته دوئ ته وینا اوکړه، د خدائے په خاطر زمونږه هم دغه یوه زمکه ده، دا کومه ئے چې درکړې ده او په خوښه ئے اغستې ده، بس دغه پورا ده او نوره دې رانه نه اخلی، اوس تاسو ته دا درخواست کوم چې دغه ایف ایچ اے والا ته تاسو وینا اوکړئ چې کوم شپیته فټه ئے مخکښې اغستې ده، دغه ټهیک ده او دغه پیسې ورکړه او دا نوره پریږده، دا نور مه اخله۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں فیصل زیب صاحب۔
جناب فیصل زیب: شکریہ جناب سپیکر، کہ آپ نے سپلیمنٹری بجٹ پر بحث کرنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے میں اپنی طرف سے وقار خان کی طرف سے، اپنی پارٹی کی طرف سے چیف منسٹر خیبر پختونخوا کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے کل باقاعدہ طور پر سپیشل پولیس فورس کو ریگولر کرنے کا اعلان کیا۔ جناب سپیکر، سپلیمنٹری بجٹ پر تفصیلی بحث تو ہمارے پارلیمانی لیڈرز نے کی، پارلیمانی لیڈرز نے بات کی لیکن اس موقعے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کہ ہمارے سی اینڈ ڈبلیو کے منسٹر صاحب بھی یہاں پہ موجود ہیں، اس وقت تو میرے خیال میں کہیں لابی میں چلے گئے ہیں لیکن جناب سپیکر۔۔۔۔
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بات کریں، منسٹر لاء بیٹھے ہیں۔
جناب فیصل زیب: منسٹر لاء صاحب تو جواب دیتے ہیں لیکن کنسرنڈ ڈیپارٹمنٹ کے۔۔۔۔
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بات کریں، یہاں دیگر لوگ ہیں، شہرام ترکئی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، شکیل صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، امجد صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، آپ بات کریں۔
جناب فیصل زیب: چلیں میرا جواب شہرام صاحب دے دیں گے، جناب سپیکر، میں تجویز پیش کرتا ہوں اپنی طرف سے منسٹر صاحب کو کہ ہمارے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے میرے حلقے میں چھ سات روڈز ہیں جن پر تقریباً 70 پرسنٹ کام ہو چکا ہے لیکن یہ سیکنڈ بجٹ ہے کہ ان کے لئے کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا اور وہ روڈز اسی طرح کھنڈرات کی شکل اختیار کر رہے ہیں جناب سپیکر، لوگوں کو بہت زیادہ تکلیف ہے، میں

ریکویسٹ کروں گا منسٹر صاحب سے کہ وہ Kindly اس بجٹ میں ان کے لئے جو Ongoing- schemes کے لئے تھوڑے سے پیسے رہتے ہیں وہ بھی ریلیز کئے جائیں تاکہ یہ جو منصوبے ہیں وہ مکمل ہو سکیں۔ جناب سپیکر، منسٹر صاحب یہاں پہ موجود ہیں، یہاں پہ میں ایم اینڈ آر کی بات بھی ایک بار پھر کر لوں گا کیونکہ بعد میں پھر اس کے ٹینڈرز وغیرہ ہو جائیں گے، پچھلا جو برفباری کا موسم گزرا ہے، اس میں ہمیں بہت زیادہ مشکلات کا سامنا تھا لیکن میں منسٹر صاحب کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے ہر ایک چیز کو پیچھے رکھ کے پھر بھی ہمارے حلقے کے لئے بہت کچھ کیا لیکن میں منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ اس بار ایم اینڈ آر کا ٹھیکہ جس کو بھی آپ دیتے ہیں تو برائے مہربانی سب سے پہلے اس کے لئے یہ شرط رکھنی چاہئیے کہ ان کے پاس صحیح مشینری ہو تاکہ لوگوں کے جو مسائل ہیں، لوگوں کے جو روڈز بند ہوتے ہیں، پیسے وہ لے جاتے ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہ کام نہیں ہوتا جو ہونا چاہئیے۔ جناب سپیکر، ہمارے سکولوں کا مسئلہ دیکھیں، یہاں پہ کل سی ایم صاحب نے بھی بات کی اور ایجوکیشن کیلئے بہت سا فنڈ بھی رکھا گیا جناب سپیکر، لیکن جن علاقوں کے لئے سب سے زیادہ سکولوں کی ضرورت ہے ان میں ہمارا ضلع شانگلہ بھی شامل ہے جناب سپیکر، لیکن جناب سپیکر، 6th کے بعد، Class 6th کے بعد بچے سکول نہ ہونے کی وجہ سے اپنے گھروں میں بیٹھ جاتے ہیں یا دور دراز علاقوں میں اپنی مزدوری کے لئے چلے جاتے ہیں، تو میری حکومت وقت سے یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ان علاقوں کے لئے Kindly

سکولوں اور تعلیم کے نظام میں بھی باقاعدہ طور ر فنڈ مختص کیا جائے۔ جناب سپیکر، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں اس دفعہ بجٹ میں بہت سا فنڈ رکھا گیا لیکن یقین جانیں کہ مجھے یہ پتہ نہیں کہ یہ فنڈ کس طرف جا رہا ہے؟ جناب سپیکر، Rabbies vaccine تک ہمارے ضلع میں Provide نہیں جناب سپیکر، اور لوگ اپنی جیبوں سے، کبھی پشاور آتے ہیں، سلام آباد جاتے ہیں، وہاں سے خرید کے لے جاتے ہیں اور فنڈز ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے لئے ریلیز ہو رہے ہیں، جناب سپیکر، ہمارے بی ایچ یوز دیکھیں، فرسٹ ایڈ تک کا سسٹم اس میں نہیں اور اتنا بڑا فنڈ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کیلئے رکھا جا رہا ہے، تو میری شہرام صاحب سے ریکویسٹ ہو گی، یہ اس ڈیپارٹمنٹ کے سابق ہیڈ بھی رہ چکے ہیں، منسٹر رہ چکے ہیں، موجودہ منسٹر سے تو ہمیں کوئی امید نہیں، وہ تو کسی کو ٹائم نہیں دیتے، کسی کی سنتے نہیں ہیں تو میں شہرام خان سے ریکویسٹ کروں گا کہ اس میں Kindly آپ بات کریں اور ہیلتھ میں اتنا بڑا فنڈ جب آپ رکھتے ہیں تو پھر ان ضلعوں کو وہ سہولیات بھی فراہم کریں۔ جناب سپیکر، میں اپنی بات ختم کرتا ہوں، سب نے باتیں کیں، ہم نے بھی اس دن تفصیلی بات کی لیکن شہرام صاحب! Kindly لوکل گورنمنٹ میں جو Jeepable tracks کے لئے آپ کے پاس تھوڑا بہت فنڈ ہے تو مہربانی کر کے ضلع شانگلہ اور بالخصوص آپ سے ہماری بہت امیدیں ہیں اور عاطف خان صاحب سے ہماری بہت امیدیں ہیں، Kindly، اور پیچھے جو ہمارے منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، بہت Nice انسان ہیں ما شاء اللہ، ان سے ہماری امید ہے، Kindly پی کے 24 کو نظر انداز نہیں کرنا اور جتنا آپ سے ہو

سکے ہمارے لئے، ہمارے لوگوں کے لئے جتنا آپ سے ہو سکے تو آپ ان کو فنڈ فراہم کریں۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہدایت الرحمان صاحب، ایک منٹ جی، وہ بات کر لیں پھر آپ کریں۔ جی جی، لطف الرحمان صاحب۔

جناب لطف الرحمان: سپیکر صاحب، آپ نے اناؤنسمنٹ کی ہے کہ کل جو ہے کٹ موشنز پہ، کل جو ایجنڈا ہو گا وہ کٹ موشنز کا ہو گا، تو بحث کا کل دن ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ درانی صاحب کل آئیں گے اور انہوں نے بھی سپیچ کرنی ہے تو ان کو بھی موقع دیا جائے اور اگر کوئی اور اس وقت سپیچ کرنا چاہے تو اس کو موقع دے دیا جائے، اس کے بعد بیشک آپ کٹ موشنز پہ چلے جائیں لیکن اگر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب، آپ نے بات کی ہے، میں ابھی جواب دیتا ہوں۔ جو لسٹ ملی ہے اس میں جنہوں نے ریکویسٹ کی ہے، اس میں درانی صاحب نے نام نہیں دیا، جو آنریبل ممبرز ہیں انہوں نے سب نے نام دیئے اور اگر ان کو سپیچ کرنی تھی تو شاید آپ کو پتہ ہے وہ سینئر پارلیمنٹیرین، سی ایم رہ چکے ہیں اور ہر ایک چیز کے قواعد ہوتے ہیں تو سپیچ کے لئے، بحث کے لئے پہلے سےنام دیئے جاتے ہیں جو اس پہ بات کرنا چاہتا ہے تو انہوں نے نام نہیں دیا۔

جناب لطف الرحمان: نہیں، شیڈول کے دو دن طے تھے نا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شیڈول میں جی بالکل دو دن طے تھے لیکن پھر ہماری۔۔۔۔۔

جناب لطف الرحمان: پھر آپ وہ دوسرے دن۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی جب نام ختم ہو جائیں گے تو کل سارا دن ہم ایسے ہی بیٹھے رہیں گے۔

جناب لطف الرحمان: کل صبح جو ہے نام آجائیں گے آپ کے پاس۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی بھی ٹائم ہے جی، ابھی بھی ٹائم ہے، اگر وہ آتے ہیں تو بات کر لیں لیکن ہر چیز کے اپنے قواعد و ضوابط ہوتے ہیں جی، اگر انہوں نے نام دیا ہوتا تو اب وہ بات کر لیتے۔ جناب ہدایت الرحمان صاحب، ہدایت الرحمان صاحب۔

جناب ہدایت الرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، میں ضمنی بجٹ پر بات کرنے سے پہلے بجٹ 2019-20 پر تھوڑی سی بات کروں گا کیونکہ بجٹ پر بات کرنے کا مجھے ابھی تک موقع نہیں ملا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہدایت الرحمان صاحب، اب تو ضمنی بجٹ پہ بات کریں گے۔

جناب ہدایت الرحمان: اس پہ مجھے موقع نہیں ملا تھا، میں نے بار بار پرچیاں بھیجیں، تھوڑی سی مختصر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وہ موقع الگ تھا لیکن اب وہ پاس ہو چکا ہے، ابھی آپ نے بات اگر کرنی ہے تو ضمنی بجٹ پہ بات کریں۔

جناب ہدایت الرحمان: یہ وعدہ ہوا تھا میرے ساتھ، سپیکر صاحب نے وعدہ کیا تھاکہ آپ کو ٹائم دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وعدہ ہوا تھا لیکن ابھی آپ نے ضمنی بجٹ پر بات کرنی ہے۔

جناب ہدایت الرحمان: تھوڑی سی مختصر دو منٹ بات کروں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دو منٹ بات کریں، چلیں ٹھیک ہے زیادہ نہیں کرنی ہے۔

جناب ہدایت الرحمان: جناب سپیکر، یقیناً بجٹ 2019-20 کو سرپلس بجٹ اور ریکارڈ بجٹ کا نام دیا گیا ہے، جناب سپیکر، افسوس کی بات یہ ہے کہ اس بجٹ میں ہمارے مخدوش ضلع کو بالکل محروم رکھا گیا ہے۔ جناب سپیکر، صرف ایک جگہ ضلع چترال کا نام ہے، اس میں کوئی آٹھ ضلعے اور شامل ہیں، 1.1 بلین، باقی کہیں بھی ضلع چترال کا بالکل ذکر نہیں آیا، یقیناً ہمارے چترال کے عوام اس بجٹ کی وجہ سے ابھی سڑکوں پر آئے ہوئے ہیں، انتہائی زیادہ پریشان ہیں، یقیناً آپ کو معلوم ہے ہمارا بھی آکے ایک سال ہو گیا ہے، ابھی تک ایک روپیہ فنڈ نہیں ملا ہے اور ہمارے روڈوں کی حالت، ان روڈونمیں گدھے بھی چلتے ہوئے شرما جاتے ہیں، اس حالت میں بھی ایک سال تک ہمارے روڈوں کے لئے کچھ نہ رکھنا اور ہمارے نئے ضلعے کے لئے کچھ نہ رکھنا اور اسی طرح ہمارے دوسرے اداروں کو محروم کرنا، یقیناً یہ بہت زیادہ احساس محرومی ہے ہمارے لئے اور ہمارے لئے اقلیتی سیٹ دینا اور ڈیڈیک کا چیئرمین اقلیتی ممبر کو بنانے سے ہمارا چترال ترقی نہیں کرے گا۔ اگر آپ حضرات کے دل میں چترال کے شریف لوگوں کے لئے کچھ جگہ ہے تو اس بجٹ میں تھوڑا سا ہمارے چترال کا خیال رکھنا چاہئیے تھا۔ جناب سپیکر، یقیناًریسکیو 1122 چترال میں اس کی بہت زیادہ ضرورت، اشد ضرورت ہے، ایک سال کے اندر کئی دکانیں، کئی گھر جلے ہیں اور کتنے ہی لوگ دریائے چترال کی نذر ہوئے ہیں، افسوس کی بات یہ ہے کہ ریسکیو 1122 کو بھی دیر تک روک دیا گیا، اس بجٹ میں چترال کے لئے حصہ نہیں دیا گیا، یقیناً اس وقت احساس محرومی کی وجہ سے

ہمارے علاقے کے، ہمارے ضلع کے عوام روڈوں پر آئے ہوئے ہیں، ہزاروں لوگ ابھی روڈوں پر ہیں، لہذا میں بھی احتجاجاً اس اسمبلی سے واک آؤٹ کرتا ہوں اور یہی سلسلہ میرے ساتھ ہمارے علاقے کے ساتھ رہا اور میں باہر گیٹ پر بھوک ہڑتال پر بیٹھنے کے علاوہ میرے پاس اور کوئی چارہ کار نہیں ہے۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن اجلاس سے واک آؤٹ کر گئے)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: حمیرا خاتون صاحبہ، حمیرا خاتون صاحبہ، مائیک آن کریں جی۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، سلطان خان صاحب نے بڑی اہم بات کی ہے-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یہ ہمارے، فیصل امین صاحب آپ اور ایک دو دوست چلے جائیں، ہدایت الرحمان صاحب ہمارے واک آؤٹ کر گئے ہیں، ان کو بلا کے لے آئیں، مناکے، ڈاکٹر امجد صاحب، آپ ساتھ چلے جائیں، جی میڈم۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، سلطان خان صاحب نے بڑی اہم بات کی ہے، یہاں پہ Pro active role کی، اور میں یہ امید رکھتی ہوں کہ جیسے وہ اپوزیشن ممبران سے یہ توقع رکھتے ہیں اور ہونا بھی چاہئیے کہ ہماری طرف سے بھی Pro active role ہو لیکن اس کی دونوں طرف سے یہ پریکٹس ہو گی تو میرے خیال میں زیادہ بہتر ہو گا۔ کل کا رویہ انتہائی افسوسناک تھا جس پہ مجھے بڑا افسوس ہے، میں کچھ بات کرنا چاہوں گی ضمنی بجٹ پر، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں جو اضافے کی بات ہے کہ جو کہ پانچ فیصد سرکاری ملازمین کا اضافہ ہوا ہے تنخواہوں میں اور وہ بھی سولہ گریڈ تک

ہے، میں نے اس دن بھی سوال کیا تھا لیکن مجھے اس کا کوئی تسلی بخش جواب نہیں ملا، جبکہ مہنگائی کی Forecast، حکومت کا اپنا یہ ہے کہ سولہ پرسنٹ مہنگائی جو ہے وہ بڑھے گی، لہذا اس کے لحاظ سے بتایا جائے کہ اگر یہ سرکاری ملازمین جو سترہ گریڈ سے Onward ہیں تو ان کے لئے اگر وہ اضافہ نہیں کیا گیا تو کیا یہ اس بات کی نشاندہی نہیں ہے کہ ہم اپنے افسران کو کرپشن اور رشوت کا ایک اور دروازہ جو ہے ان کی طرف ہم کھولتے ہیں، اس ضمنی بجٹ (تالیاں) اس ضمنی بجٹ کے اندر ہم دیکھتے ہیں کہ خواتین اور یوتھ کے لئے کوئی خاطر خواہ فنڈ نہیں ہے، جو گھریلو خواتین اور جاب کرنے والی خواتین جو ہیں ان کو بالکل نظرانداز کیا گیا ہے، زچہ و بچہ کی صحت کے لحاظ سے اس ضمنی بجٹ کے اندر کچھ نہیں ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ثناء اللہ! آپ موبائل پر بات نہ کریں۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شہداء کی بیوگان کے حوالے سے میری یہ بات ہے کہ چونکہ ہمارا صوبہ متاثر رہا ہے اور میں نے دو کال اٹنشن نوٹس جمع کرائے ہیں جو کہ ان شاء اللہ ابھی اس بجٹ سیشن کے بعد آئیں گے، ایک عمرزئی کے اس علاقے کے حوالے سے ہے اور دوسرا جو ہے وہ سورۃ انفال میں جو غلط ترجمہ کیا گیا اس کے حوالے سے ہے، لہذا میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہمارے بجٹ کے اندر شہداء کی بیوگان اور ان کے بچوں کے لئے ہنگامی بنیادوں پر ہماری حکومت کے پاس کچھ اتنا فنڈ مختص ہو کہ اگر کوئی ایمرجنسی حالات بنتے ہیں تو ہم ان کی خاطرخواہ مدد کر سکیں۔ تیسری جو میری

بات ہے وہ ہے پلاسٹک شاپرز کے حوالے سے کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک انتہائی غلط چیز ہے اور اس کا استعمال روکنا چاہئیے لیکن میرا یہ بھی سوال ہے کہ جو کروڑوں روپوں کے شاپنگ بیگز بنے ہوئے ہیں اور جن لوگوں کے کارخانے چل رہے تھے، ان کے پاس جو شاپنگ بیگز پڑے ہوئے ہیں ان کا کیا استعمال ہوگا، وہ لوگ اس کے ساتھ کیا کریں گے؟ اور دوسری بات یہ کہ اگر آپ دکانوں پر چھاپے مارتے ہیں اور وہاں پر ان کو یہ کہا جاتا ہے کہ شاپنگ بیگز پہ پابندی آگئی ہے تو اب اس کا Alternate کیا ہوگا، ہم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ آیا ہمارےپاس اس وقت ان کے لئے اس کا Alternate انتظام ہے کہ ہم شاپنگ بیگز کو بند کرا رہے ہیں؟ آخری بات یہ ہے کہ 'نادرا' کے حوالے سے کہ جو ایکس فاٹا کے ابھی آنے والے الیکشنز ہیں اور 'نادرا' کے لئے ایک بڑی اہم بات یہ ہے کہ وہاں پہ اس علاقے کے اندر خواتین کے شناختی کارڈ نہ ہونے کے برابر ہیں اور میں یہ سمجھتی ہوں کہ اگرہم خواتین کا کردار اس الیکشن میں ان سے ادا کروانا چاہتے ہیں اور ہم اس بات پہ عمل کرناچاہتے ہیں کہ ہماری ہر پولنگ سٹیشن پر دس فیصد خواتین ووٹ پول کریں تو ان کے لئے ہنگامی بنیادوں پہ شناختی کارڈ بنوائے جائیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب احمد کنڈی صاحب، نہیں ہیں، لاسٹ سپیچ، جناب شہرام خان ترکئی صاحب۔

<u>جناب شہرام خان (وزیر بلدیات و دیہی ترقی)</u>: شکریہ جناب سپیکر، ضمنی بجٹ، سب سے پہلے مولانا صاحب نے بات کی، میں تھوڑی

سی Clarification کر دوں، سلطان خان کی سٹیٹمنٹ کے حوالے سے کہ ان کا ہر گز یہ مطلب نہیں تھا جب وہ خوشدل خان کو Reply کررہے تھے کہ کوئی ایسی بات ہوگی، انہوں نے کہا کہ اگر آپ جو بھی کیس کریں گے ہم اس کو Legally defend کریں گے، اگر کیس کرنا ان کا حق ہے تو Defend کرنا ہمارا حق ہے، تو اس Point of view سے انہوں نے بات کی تھی، تو تھوڑی سی Clarity میں لانا چاہتا تھا اور سلطان صاحب کو میں نے کہہ دیا تھا کہ میں آپ کی جو بات ہے، بہرحال مولاناصاحب نے تھوڑا سا اس کو کیا، بہرحال Important ہے۔ دوسری بات ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں مولاناصاحب نے بات کی کہ جو مال غنیمت کے حوالے سے جو بات ہوئی، اس پر ہمیں کیونکہ اس دن بھی ہم نے Reply نہیں کیا کیونکہ ہمیں Clarity نہیں تھی، بہرحال ہم یہ کہتے ہیں، فلور آف دی ہاؤس بھی کہہ رہے ہیں کہ اس طرح کی اگر کوئی بات ہے جو آپ نے پوائنٹ آؤٹ کی ہے، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے آفیسرز Definitely یہاں بھی ہوں گے، ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے بھی اور میں کہہ رہا ہوں کہ اس کو چیک کریں اور اگر ایسی کوئی غلطی ہے تو اس کو ٹھیک کرنا چاہئیے، یہ انتہائی Important بات ہے اور ہونا بھی چاہئیے، ایسی Clarity ہونی چاہئیے، دیکھیں (مداخلت) میں نے بات کر لی ہے، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ دیکھ کر Definitely اس کو Rectify کرے گا اگر ایسی کوئی بات ہے، مختلف ایم پی ایز صاحبان نے اپنی تجاویز دیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محب اللہ صاحب، آپ، محب اللہ صاحب۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: ما ځه نه دی وئیلے سپیکر صاحب۔ (قہقہہ)
جناب ڈپٹی سپیکر: آپ سپیچ کریں جی۔
وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر، بہرحال میں کوشش کروں گا کہ اپنی بات مختصر کروں، چونکہ بہت سارے ایم پی ایز نے کہا تو میں تھوڑا سا کہہ دوں، ضمنی بجٹ پر بات ہو رہی ہے، ضمنی بجٹ کامقصد یہ ہوتا ہے کہ دوران سال جو اب ہم نے کل جو بجٹ پاس کیا، وہ ہم نے ایک سال کی Prediction کی اور ہماری Calculation کے مطابق جو ہمیں لگتا ہے کہ یہ یہ ہمارے خرچے ہوں گے، اس حساب سے ہم نے اس کو Estimate کیا اور ہر ڈیپارٹمنٹ نے اس کو یہاں فلور پر لایا، سب نے بات کی، الحمدللہ پاس ہوگیا، جو ضمنی بجٹ ہوتا ہے جو Unexpected ہوتا ہے، جو آپ Foresee کرتے ہیں لیکن آپ کو کوئی Clarity نہیں ہوتی، وہ آپ During year آپ پھر اس میں خرچے کر کے اس اسمبلی میں لا کے اس کی Approval لیتے ہیں جو کہ ایک آئینی و قانونی حق ہوتا ہے کسی حکومت کا، کسی ڈیپارٹمنٹ کا اور کسی حکومت کا، تو اس میں کوئی غیر آئینی و غیرجمہوری یا غیر کوئی قانونی بات نہیں ہے جو کہ تاثر دیا جا رہا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ ضمنی بجٹ صرف ہم نے نہیں پیش کیا، ہم سے پچھلی جتنی بھی حکومتیں رہیں، ان سب نے ضمنی بجٹ اپنے اپنے ادوار میں مختلف شکل میں انہوں نے پیش کئے اس ہاؤس میں، اس پہ ڈیبیٹ ہوئی اور پھر اس کو پاس کیا گیا، تو جو ضرورت ہوتی ہے اس کے لئے خرچوں کو Meet کرنا انتہائی Important ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم نے جو خرچے کئے، یہاں پہ

مختلف باتیں ہوئیں، عنایت خان اس وقت ہیں نہیں، انہوں نے بات کی کہ جی اس کو ٹھیک کرنا چاہئیے، بالکل حکومت اس کو ٹھیک کر رہی ہے، حکومت کوشش کرتی ہے کہ چیزوں کو جتنا بہتر کر سکے اس میں وہ بہتر کرتی ہے۔ اس سال بھی ہم نے کوشش کی ہے کہ اس بجٹ میں اور آنےوالے میں بھی ان شاء اللہ یہی کوشش ہوگی، Communication پر سب نے بات کی، یہاں پہ ہر ایم پی اے یہ چاہتا ہے کہ میرے حلقے میں روڈز ٹھیک ہوں، جتنے بھی میں نے، میرے خیال سے کوئی 90 پرسنٹ یا 99 پرسنٹ ایم پی ایز کی میں نے بات سنی، Specially اپوزیشن سائیڈ سے، سب نے گلہ یہ کیا کہ فنڈ نہیں ہے، فیصل اٹھے تھے، بہادر خان صاحب اٹھے، باقی میرے فاضل ایم پی ایز دوست جو ہیں وہ اٹھے اور انہوں نے کہا کہ روڈز 70 پرسنٹ کمپلیٹ ہیں، پیسے چاہئیں، کسی نے کہا کہ سکیم منظور ہونی چاہئیے، کسی نے یہ نہیں کہا کہ میرے حلقے میں روڈ نہیں چاہئیے، تو مطلب ضرورت ہے اور روڈ کا فائدہ کیا ہوتا ہے؟ کہ چھوٹے موٹے روڈز جو ہوتے ہیں حلقے میں، جو علاقے میں ہسپتال تک پہنچنے کے لئے، سکول تک پہنچنے کے لئے، کھیت تک پہنچنے کے لئے، روزگار تک پہنچنے کے لئے اس کی Importance ہوتی ہے، تو اس کے لئے حکومت نے کوشش کی ہے کہ جو Ongoingمیں جو روڈز ہیں ان کو Completion کی طرف لے جایا جائے، اس میں میرے حلقے کے بہت سارے روڈز ہیں جن کے لئے پیسے نہیں ملے لیکن پیسوں کی تھوڑی سی تنگی ہے، تکلیف ہے مگر ان شاء اللہ اس سال بھی فنانس ڈیپارٹمنٹ کوشش کر رہا ہے کہ اس کو کس طریقے سے Meet کیا جائے اور اس پرابلم کو Solve کیا جائے، تو All across ہو

گا اور ان شاء اللہ جتنا ہو سکے گا اس کو ہم Accommodate کریں گے۔ ایریگیشن کی انہوں نے بات کی، ایریگیشن ایک Important department ہے، اس کے روڈز بھی Important ہیں کیونکہ اس کے ایریگیشن چینلز بھی Important ہیں، اس کے ٹیوب ویلز بھی Important ہیں، اس کے Protection walls بھی Important ہیں اور یہ حکومت سمجھتی ہے کہ اس پر Investment ہو کیونکہ 70 پرسنٹ آپ کی اکانومی ایگریکلچر پہ چلتی ہے اور وہ ایگریکلچر اور ایری گیشن ایگریکلچر More or less ایک دوسرے کو سپورٹ دیتے ہیں، بلکہ ایریگیشن ایگریکلچر کو سپورٹ دیتا ہے تو یہ اکانومی کو سپورٹ دینے کے مترادف ہے اور اس مقصد کے لئے صوبائی حکومت نے کیا ہے۔ ایجوکیشن میں پاکستان کی سب سے جو عنایت نے بات کی "Fachhochschule" ایک یونیورسٹی آسٹریا کے تعاون سے بنائی جا رہی ہے، اس کو پیسے دیئے گئے اور پاکستان میں پہلی ٹیکنیکل یونیورسٹی ہے انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کی، جو یہاں پر کے پی میں بننے جا رہی ہے، یہ صوبائی حکومت کا کارنامہ ہے اور پچھلی حکومت نے شروع کیا اور اس میں ان شاء اللہ پورا ہوگا اور پورا صوبہ اس سے مستفید ہوگا کہ وہاں پہ لوگ جائیں گے، Trained ہوں گے، ان کو یہاں پر بھی اچھا روزگار ملے اور ان کو باہر بھی اگر جائیں گے تو Certified ہوں گے، ان کو اچھا پیکیج ملے گا، اچھی سیلری ملے گی Living standard بھی بہتر ہو گا اور اس حساب سے Remittances بھی آئیں گے، اس ملک میں، ہیلتھ میں Obviously investment ہوئی، صلاح الدین صاحب نے بات کی، ان سے میں نے یہاں پہ جب میرے قریب آئے، ان کی میری، میری ذاتی رائے ہے اور اکثر ہم کیبنٹ میں بھی چیف منسٹر سے

بھی اور آپس میں بھی ڈسکس کرتے ہیں کہ ہر ایم پی اے کا ایک حلقہ ہوتا ہے، خواہ وہ کسی پارٹی سے بھی ہو، وہاں پر لوگ ہوتے ہیں، وہ جس بندے کو Elect کرتے ہیں وہ سب کے لئے Acceptable ہوتا ہے، یہی جمہوریت ہے، یہی اس کی خوبصورتی ہے کہ کوئی ایک حکومت میں ہوگا، کوئی اپوزیشن میں ہوگا، ہر بندے کی ایک عزت ہے، جو بالکل سب پہ واجب ہے اور ہونی چاہئیے، کرنی بھی چاہئیے اور ہم کریں گے بھی، انہوں نے روڈز کی بات کی، میں نے ان کو کہہ دیا کیونکہ فنڈز کی تھوڑی سی پی ڈی اے کے ساتھ پرابلم ہے لیکن میں نے آرڈر دیئے ہوئے ہیں اور ہم فنانس سے اس پہ لگے ہوئے ہیں کہ پورے پشاور میں جہاں پہ روڈز ہیں یا جہاں پہ چھوٹے موٹے کام ہیں ان کو کمپلیٹ کیا جائے، تو ان شاءاللہ جس طرح باقی سب کا ہوگا تو ان کے حلقے میں بھی، کیونکہ پشاور ہے اور وہاں پہ اگر جس پارٹی سے بھی ہے، وہاں پہ ہماری پارٹی کے بھی لوگ رہتے ہیں، وہ Travel کرتے ہیں اور اسی طرح مختلف پارٹیز، ان کی ہم عزت کرتے ہیں اور لوگوں کے بھی اور ان کے مینڈیٹ کا بھی ہم احترام کرتے ہیں، تو ان شاء اللہ اس کو ہم دیکھ لیں گے، جو سپورٹ ہوگی، پی ایچ ای میں انہو ں نے بات کی، ہم نے نوٹ کیا، کیونکہ اس کی میرے پاس ڈیٹیلز نہیں ہے لیکن پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ سے ہم بات کر لیں گے، جو ان کے Running Project ہیں جنہیں Completion چاہئیے، واٹر سپلائی سکیمز ہیں، اگر Incomplete ہیں اور باقی حلقوں میں بھی، سب پر یہ Apply ہوتا ہے تو اس کو ہم کمپلیٹ کرنے کی کوشش کریں گے، سکولز کی انہو ں نے بات کی، سکولز پورے صوبے میں

ہم سمجھتے ہیں اور اس حکومت کی Priority بھی ہے کہ تعلیم پر جتنی زیادہ توجہ دی جائے اور ہماری Spending سے بھی آپ کو بالکل واضح ہے تو ان شاء اللہ وہ مسائل ہم کوشش کریں گے کہ ہم حل کریں۔ کیٹیگری ڈی ہاسپیٹل کی انہوں نے بات کی کہ اس کو میرے خیال سے جلا دگیا یا پتہ نہیں کیا اس کو نقصان پہنچایا ہے، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں نے نوٹ کیا ہے، ہیلتھ منسٹر سے میں اس کی ان شاء اللہ، کیونکہ آج وہ ہیں نہیں، ان کی اسلام آباد میں میٹنگ تھی تو ان سے ہم بات کریں گے ان شاء اللہ اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ دیکھے گا فنڈز کا تھوڑا سا پرابلم ہے لیکن کیونکہ ہسپتال ہے اور اس کو ٹھیک کرنا لازمی ہے تو اس کے لئے At least اس کو پراسیس میں ڈال دیں تو لوگوں کو بھی ریلیف اور ایک Satisfaction بھی ممبر کو اور وہاں کے حلقوں کو ہوگا تو اس میں بالکل ان کے ساتھ ہوں اور یہ ان کی Genuine بات ہے، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب اس وقت ہیں نہیں، انہوں نے سی ایم ڈیز کی بات کی، اس پہ ہم دیکھ رہے ہیں، کیونکہ اس میں کافی فنڈنگ کی ضرورت ہے تو اپوزیشن اور ٹریژری بینچز دونوں کا مسئلہ ہے، کوشش کر رہے ہیں کہ اس کو ہم Sort out کریں، Overall بالکل میں ایک بار پھر جو Main بجٹ ہے اس پہ آتا ہوں، لیکن فیصل جو ہمارا ایم پی اے ہے شانگلہ سے، انہوں نے Jeebable trek کی بات کی، وہ ہم دیکھ لیں گے کہ ہمارے پاس کسی قسم کی کوئی گنجائش ہو، ٹورازم کے حوالے سے میں عاطف سے بھی بات کر لوں گا تو اس کو ہم دیکھ لیں گے کہ کس طریقے سے اس علاقے میں ہم Improvement لا سکتے ہیں تاکہ ٹورازم کو فروغ ملے اور اس سے وہاں کا Living

Standard جو لوگوں کا ہے اس میں بھی Improvement آئے گی، 70 پرسنٹ سکیمز کی انہوں نے بات کی، روڈ کے حوالے سے میں نے اکبرایوب صاحب سے بات کی، میں پھر کہہ رہا ہوں کہ میرے اپنے حلقے میں بھی بہت سارے اس طرح کے روڈز ہیں جن پہ ابھی کام ہونا یا آدھا ہوچکا ہے اور آدھا باقی ہے، فنڈز کا ایشو ہے لیکن ہم کوشش کریں گے کہ ہم آپ کے بھی جو ایشوز ہیں ان کو ہم ان شاء اللہ Resolve کریں گے، ہیلتھ میں آپ نے بڑی Important بات کی، اس بجٹ میں کہ میڈیسن کی کمی ہونا آپ نے Identify کیا، حکومت All ready اس پر لگی ہوئی ہے،ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے اسی وجہ سے پھر Discuss بھی کیا اور بجٹ میں ہم تقریباً ایک ارب روپے ان شاء اللہ اس سال میڈیسن کے لئے بی ایچ یو ز سے لے کر میرے خیال میں ڈی ایچ کیو تک جو میڈیسن ہے فری میڈیسن وہ Provide کریں گے تاکہ لوگوں کو فری میڈیسن ہم Provide کر سکیں، تو وہ بھی ایک ضروری بات تھی، میں چاہتا تھا کہ اس پہ چترال کے ایم پی اے صاحب نے گلہ کیا، ہمارے لئے قابل احترام ہیں اور ان کی عزت بھی کرتے ہیں، انہوں نے بات کی کہ میرا ضلع محروم ہے، آپ کا ضلع بالکل محروم نہیں ہے، ان شاء اللہ آپ کے ضلع کو فنڈز ملیں گے، ایک تو کوئی ضلع ایسا نہیں ہے جو فنڈ سے اس سال محروم ہو، بلکہ ایسا کوئی شخص نہیں ہے اس صوبے میں اس بجٹ کے بعد جو حکومت کے اس بجٹ سے وہ مستفید نہ ہو، Including اس ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہر ایم پی اے، ہر منسٹر جو Avail کرنا چاہے یا نہ Avail کرنا چاہے یا اس کوریڈور میں یا میڈیا کے یا آفیشلز یا جو بھی بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہر بندے کو خواہ وہ

چترال میں ہو، وہ صوابی میں ہو، ڈی آئی خان میں ہو یا تورغر میں ہو یا پشاور میں ہو، اس کو اس صحت انصاف کارڈ ملے گا، میں پھر Repeat کر رہا ہوں، یہ میں نے اس دن بھی کہا تھا، یہ میگا پراجیکٹ ہے، ہمارے محلے، گلی کوچے، نالے، روڈ ہر چیز Important ہے لیکن Above all غریب بندے کی صحت، اس کی، Financial condition, Already problem میں ہے، ان کی پاس پیسے نہیں ہوتے، جاب نہیں ہوتی، روزگار نہیں ہوتا، بزنس نہیں ہوتا، اوپر سے بیماری آجائے، میں Repeat کرتا ہوں، یہ میرے بالکل دل کی آواز ہے، جب یہ ہم پچھلی حکومت میں سٹارٹ کر رہے تھے This is how I felt and we took the decision to the Chief Minister، اور خٹک صاحب نے سپورٹ کیا، خان صاحب نے سپورٹ کیا، آج ماشاءاللہ وہ ماڈل پورے پاکستان میں، فیڈرل گورنمنٹ، پنجاب میں، فاٹا میں اور پورے اس میں Replicate ہو رہا ہے کہ جہاں جہاں پہ ہو سکتا ہے اور کر رہے ہیں، لیکن خیبر پختونخوا پہلی دفعہ بہت ساری چیزوں میں اور اس میں ہم پھر لیڈ کر رہے ہیں تو ان شاءاللہ میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ چترال کے ہر فرد کو خاتون ہو، مرد ہو، بچہ ہو، بوڑھا ہو اس کو صحت انصاف کارڈ ملے گا تو آپ کو سب ممبرز کو یہ نظر ڈالنی چاہئیے کہ آپ محروم نہیں رہے، اور تقریباً کوئی ساڑھے سات لاکھ روپے کے قریب، Exact فیگر تو فنانس منسٹر بتا سکیں گے، تقریباً ہر فیملی کو، سوری، ایک سال کے لئے یہ پیسے ملیں گے، Protected ہیں، دوسری بات، پچھلی حکومت کے آخر میں بالکل تقریباً کوئی 1.5 بلین روپے چترال کے لئے Fully fund کیا ہے اس میں اگر تھوڑا بہت کوئی پانچ دس پرسنٹ کام رہتا ہے ہماری حکومت

کے جاتے جاتے، کیونکہ خان صاحب گئے تھے اور وہاں انہوں نے اور خٹک صاحب نے کمٹمنٹ کی تھی تو پھر خٹک صاحب نے Obviously اس کے لئے پیسے رکھے تو وہ فنڈ آپ کو آئے ہیں، لیکن اور بھی آئیں گے، ملاکنڈ کے لئے کوئی پراجیکٹ ہے اس میں بھی آپ کو سپورٹ ملے گی، ٹورازم جو بہت Important ہے عاطف آج ہیں نہیں، میرے خیال سے یہ پلان بھی کر رہے ہیں عاطف کہ آپ کی طرف وہ آئیں، مختلف ایریاز دیکھیں، تو آپ کے بہت سارے ایریاز جو ہیں جو ہم سمجھتے ہیں کہ ٹورازم اور ایک جنت جیسا ایک علاقہ اللہ نے اس ملک کو، پھر آپ وہاں کے رہنے والے ہیں آپ کو دیا ہے تو اس کو صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت دونوں اس کو سپورٹ کرنا چاہتی ہے، وہاں پہ جو روڈز کی Improvement ہے وہ بھی کریں گے، جو نئے Tourist destination ہیں وہ بھی کھولیں گے اور وہاں پہ اس سے فائدہ آپ کے چترال کے لوگوں کو یہ ہوگا کہ Living standard آپ کے لوگوں کا بہتر ہوگا ان شاء اللہ، کیلاش کا جو Tribe ہے اس کو بھی پروموٹ کر رہے ہیں کہ ٹورازم اس کو بھی، اس حوالے سے بھی اور Otherwise بھی تو ان شاءاللہ، آپ کی جو Reservations ہیں وہ ہم نے نوٹ بھی کی ہیں اور ان شاءاللہ اس کے علاوہ بھی اگر کوئی سپورٹ ہوگی تو Definitely we will look after you، ایسا نہیں ہوگا کہ آپ کو بالکل محروم رکھا جائے گا، آپ کو ہر لحاظ سے سپورٹ ملے گی ان شاءاللہ۔ میں بجٹ کی Main چونکہ ایم پی اے صاحبان نے بات کی تھی تو میں اس کی طرف ابھی تھوڑی سی توجہ چاہوں گا، بابک صاحب نے بھی بات کی، جناب سپیکر، تاثر یہ دیا جا رہا ہے کہ جو ہم سے پہلے حکومتیں تھیں تو یہاں پہ اور

باقی ملک میں دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی تھیں،

(عصر کی اذان)

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی</u>: جناب سپیکر! میں یہ کہہ رہا تھا کہ میں نے اپنے بھائیوں کی تقریریں سنیں، ان کے ادوار تھے، حکومتیں تھیں لیکن تاثر یہ دیا جا رہا ہے کہ ان کے ادوار میں دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی تھیں اور جیسے ہی ہم آئے تو وہ غائب ہو گئیں، بند ہو گئیں جو کہ ایسا نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ پلاننگ پہ کوئسچن کیا گیا، Mainly جو ڈیبیٹ ہوئی کہ پلاننگ بہتر نہیں ہے، سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ پلاننگ اسی وجہ سے بہتر تھی کہ پہلی دفعہ خیبر پختونخوا کے لوگوں نے کسی حکومت کو، کسی پارٹی کو دوسری دفعہ Simple majority سے دوسری دفعہ Elect کر کے Two third majority کے ساتھ یہاں پہ بھیجا ہے، تو Excellent planning کے ساتھ ہم گئے تھے (تالیاں) اور ہم ریزلٹ لے کے واپس آئے ہیں، اس بار اس سے اور بہتر کریں گے اور Improve کریں گے، اس کے Steps میں نے بتائے ہیں کہ جس طرف ہم جا رہے ہیں، صحت انصاف کارڈ ہے، سکولوں میں بہتری ہے، ہیلتھ میں اور بہتری ہے، باقی ریفارمز ہیں، پنشن پہ انہوں نے بات کی، کیونکہ ضمنی بجٹ پہ ہے، پنشن تقریباً کوئی Sixty billion ہماری پنشن کا بنتا ہے More or less, exactفگر تو فنانس منسٹر ہی بتا سکتے ہیں لیکن جو فگر میں نے لیا اور یہ Over and above جو ہمیں آیا ہے اور جو میں نے پوچھا کہ During the year premature retirement، پچیس سال سروس مکمل کرنے کے بعد بہت سارے لوگ، وہ Unpredictable ہوتا ہے، وہ آپ Predict نہیں کر سکتے، یہ ہوتا ہے کہ جب لوگ

نوکری چھوڑنا چاہتے ہیں تو یہ ان کا Right ہے کہ وہ چھوڑتے ہیں، آپ کی پنشن پھر بڑھ جاتی ہے، میڈیکل بل، پنشن سے Related، اس میں خرچے آتے ہیں، فیملی ممبرز کو وہ ٹرانسفر ہوتا ہے، اس حساب سے اس میں کمی بیشی تھوڑی بہت آتی ہے اور دوتین اس طرح کی اور چیزیں ہیں جو کہ ہم نے دیکھا کہ اس کی وجہ سے ہمارا پنشن کا جو بل ہے وہ Increase ہوا، لیکن یہ Expected تھا، کیوں وہ کیا کہتے ہیں Clarity نہیں تھی کہ کتنے لوگ اس طریقے سے اس پراسیس سے گزریں گے تو Obliviously اس کو ہم نے ضمنی بجٹ میں یہاں پہ پیش کیا اور ہم نے یہاں پہ اس کو Present کیا۔ ہم نے ایک اور چیز بھی دیکھی جناب سپیکر، کہ جب ہمارا کیبنٹ سیشن ہوا کہ ایک لمبی چوڑی لسٹ ہے پنشن کی کہ ایک بندہ ریٹائر ہو تو اس کو پنشن ملے گی، خدانخواستہ اس کی وفات ہو تو اس کی بیوی کو ملے گی، خدانخواستہ وہ فوت ہو تو اس کے بچوں کو ملے گی، تو پھر اس میں کرتے کرتے ایک لمبی سی لسٹ، تو اس کو ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس کو کس طریقے سے ہم Simple کر سکتے ہیں، کہاں پہ Improvement لا سکتے ہیں؟ اور یہ ایسا ماڈل ہے جو میں نے کیبنٹ میں اپنی بیوروکریسی سے پوچھا اور یہ سارے میرے کیبنٹ ممبرز موجود تھے، Particularly میں نے کوئسچن کیا کہ یہ ماڈل کہیں اور بھی موجود ہے، ہماری کسی Neighboring country میں موجود ہے؟ تو انہوں نے کہا یہ کہیں پہ نہیں ہے سوائے پاکستان کے، تو اس کو بھی ہم دیکھ رہے کہ اس کو ہم کس طریقے سے ٹھیک کر سکتے ہیں کہ لوگوں کی جو فنانشل پوزیشن ہے وہ بھی Affect نہ ہو لیکن جو Overall unwanted جو Burden ہے یا جو فگر ہے اس

کو ہم کس طریقے سے Cut down کر سکتے ہیں؟ اس کے لئے اس سال ہم اس پہ ہم محنت کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ Already اس پہ کام شروع ہوگیا ہے، پچھلی جو ہم نے کیبنٹ میٹنگ کی تھی تو اس حوالے سے اس میں ہوا تھا اور دوسری بات یہ ہے کہ پنشن کا بجٹ اس وجہ سے بھی Increase ہوتا ہے جو مجھے فنانس ڈیپارٹمنٹ نے بتایا کہ ہر سال جو آپ 10 پرسنٹ Increase کرتے ہیں وہ پنشن میں بھی اس سال Increase ہوا، یہ پچھلے سال بھی ہوا تو وہ اس سال کے بجٹ میں آیا نہیں، تو جب وہ Increase ہوگا تو اس سے بھی فگرز بڑھ جائیں گے کہ اس وجہ سے بھی وہ فگرز جو 9 ارب تک جو بابک صاحب نے اور میرے خیال سے ایک آدھ دوسرے نے جو کہا تو میرے خیال میں اس سے بھی اس پہ، ان 9 ارب پہ Effect بڑھ جاتا ہے۔ دوسری بات ہوئی پی ایس ڈی پی کی سکیمز پہ، جو بابک صاحب نے تھوڑا Rightly identify کیا، اس میں یہ ہوتا ہے کہ During the years schemes identify ہوتی ہیں جو میں نے فنانس ڈیپارٹمنٹ سے پوچھا اور انہوں نے کہا کہ اس پہ Clarity نہیں ہوتی کہ وہ پیسے کتنے ہوتے ہیں؟ کچھ پیسے ایسے پی ایس ڈی پی کے ہوتے ہیں جو وہ فیڈرل گورنمنٹ ڈائریکٹ اس کو فنڈنگ کرتی ہے اور اس سے وہ ڈائریکٹ Disburse ہو جاتے ہیں، کچھ ایسی الگ سے فنڈنگ ہوتی ہے، جیسے ہیلتھ ہو گیا، ایجوکیشن ہو گیا یا بہت سارے ایسے اور پرجیکٹس ہو گئے جو پراونشل گورنمنٹ کے Through اس کے پیسے آکر پراونشل گورنمنٹ کے اکاؤنٹ میں آکر اس کو Disburse کرنا پڑتے ہیں تو اسی وجہ سے جب وہ پراونشل گورنمنٹ کے اکاؤنٹ میں آتے ہیں تو اس کو پھر اپنے بجٹ میں یا ضمنی بجٹ

میں پیش کرنا ضروری ہوتا ہے، اسی وجہ سے اس کو ہم اسمبلی میں لائے ہیں تاکہ یہ پورے ہاؤس کو پتہ ہو اور اس کو ہم یہاں سے پاس کر سکیں۔ تیسری بات جو فاٹا کے حوالے سے انہوں نے کی، دیکھیں پہلی بات سوچنے کی بات ہے کہ تقریباً کوئی 55 ارب روپیہ سالانہ بجٹ فاٹا کو ملتا تھا جناب سپیکر، اس بار 162 بلین روپے جو New merged districts ہیں فاٹا کے نام سے New merged districts ان کو دیا جا رہا ہے، تو ان لوگوں کی زندگیاں تو Automatically improve ہوں گی، ڈیویلپمنٹ ہوگی، سکول بنیں گے، ہسپتال بنیں گے، روڈز بنیں گے، صحت انصاف کارڈ ملے گا، ایگری کلچر Improve ہوگا، ٹورازم Improve ہوگا ان شاءاللہ، لاء اینڈ آرڈر Improve ہوگا اور جو لوکل انڈسٹری ہے اس کو Boost ملے گا، اکانومی وہاں پہ، پیسے وہیں پہ خرچ ہوں گے، 107 ارب روپے کا ایکسٹرا بجٹ جو اس سال ہم نے بجٹ میں New merged districts کے لئے رکھا ہے، انہوں نے تین پرسنٹ کی بات کی بڑا Valid point تھا اور پوائنٹ آؤٹ کیا، انہوں نے اس میں سے خیبر پختونخوا کا جو کمٹمنٹ ہے تین پرسنٹ وہ ہے، جو فاٹا اور خیبر اور باقی جو پیسے ہیں وہ وفاقی حکومت دے رہی ہے، باقی جو صوبے ہیں وہ اپنا تین پرسنٹ نہیں دے رہے تو میرے اس ہاؤس میں بیٹھے اپوزیشن کے، ہمارے جو پنجاب کے بھائی ہیں ان سے ہم خود بات کر رہے ہیں کیونکہ وہاں پہ تحریک انصاف کی حکومت ہے اور Coalition گورنمنٹ ہے لیکن جو پیپلز پارٹی کی وہاں پہ سندھ میں ہے یا بلوچستان میں ہے، تو میرے خیال میں اس ہاؤس میں بیٹھے اپنے ممبران جو یہاں پر Respectable members ہیں یہ اپنی لیڈر شپ سے

ضرور بات کریں کہ وہاں پہ New merge districts میں ان کے بھی ورکرز ہیں، ان کے بھی لوگ ہیں، آج ان کے پاس بھی ٹکٹ ہے تو ان لوگوں کو اگر آج یہ پتہ چلے گا کہ میرے ساتھ وعدہ کیا گیا تین پرسنٹ، پیپلز پارٹی کی سندھ میں حکومت ہے اور وہ مجھے نہیں دے رہی تو Obviously وہاں پہ ان کے جو ووٹرز، ان کے جو لیڈرز ہیں اپنے ووٹرز کو کیسے Face کریں گے، یا لوگوں کو کیسے Faceکریں گے؟ اور وہ بیچارے تکلیف میں رہ چکے ہیں تو ہم نے دیا، پنجاب سے ہماری بات چل رہی ہے اور بلوچستان سے بھی ان شاءاللہ ہم خود بھی بات کریں گے اور یہاں پہ اگر اور کسی کا یا ممبرز کا جس کا Influence ہے وہ بھی کرنا چاہئیے کیونکہ فائدہ ان لوگوں کو ہوگا جو وہاں پہ سب سے زیادہ تکلیف میں رہ چکے ہیں تو یہ وہ 107 بلین ہیں جو پرائم منسٹر نے وعدہ کیا تھا کہ ہم By all means ہم New merge districts کو ہم سپورٹ دیں گے اور ان کی زندگی میں اور بہتری لانے میں ان شاءاللہ اپنا کردار ادا کریں گے، اس کے ساتھ ساتھ این ایف سی کی بات کی گئی، اس سال جو این ایف سی کا ایوارڈ ہے وہ 30 جون 2020 تک Valid ہے، اگلے سال کے لئے جو ایوارڈ ہوا ہے 30 جون 2020 تک، تو اب اس سال بیٹھک ہوگی ان شاءاللہ باقی جو پارٹیز ہیں یا سٹیک ہولڈرز ہیں وہ بیٹھیں گے اور اس پہ آگے ڈیبیٹ کریں گے تو ان شاءاللہ این ایف سی کا جو شیئر ہے Definitely اس پہ ہم بات کریں گے اور اس پہ ہم کوشش کریں گے کہ ہمارا جو شیئر ہے وہ ہم لے سکیں، اور ہم لیں گے بھی ان شاءاللہ اور ہم Hopeful ہیں کہ اس میں ہمیں کامیابی ہوگی، ان شاءاللہ Improvement definitely آئے گی، آخر میں

جناب سپیکر، سوری، ایک اور بات جو ضمنی بجٹ کے حوالے سے تھی، ایک اور بات انہوں نے کی Under develop ضلعوں کی کہ جی Under develop ضلع محروم رہے، تو میں دو پراجیکٹ کی اگر بات کر لوں، ایک بات میں نے اس دن بھی کی تھی کہ ٹانک کی Beautification کے لئے ہم کوئی 70 کروڑ روپے دے رہے ہیں، میں پھر Repeat کر رہا ہوں، وہاں نہ میرا ایم این اے ہے نہ میرا ایم پی اے میری پارٹی کا، اپوزیشن سے دونوں کا تعلق ہے، لیکن Under develop ہے ہم سمجھتے ہیں کہ اس کو Develop ہونا چاہئیے، اسی وجہ سے ہم اس علاقے کو اور بہت سارے اور علاقوں کو سپورٹ دے رہے ہیں، تور غر کی انہوں نے بات کی، ایم پی اے صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں لیکن ہسپتال وہاں پر یا ٹورازم میں بھی ہم اس کو دیکھ رہے ہیں کہ کس طریقے سے ڈیویلپ کیا جاسکتا ہے، بہت ساری اور چیزوں میں سے صحت انصاف کارڈ کا میں نے کہہ دیا کہ ہر ضلع اور شہری کو ملے گا تو یہ اس حوالے سے ہے، دوسرا Under develop میں اگر دیکھ لیں تو گومل زام ڈیم کمانڈ ایریا جو ہے اس پراجیکٹ کا 3.7 بلین ڈی آئی خان اور ٹانک ڈسٹرکٹ کے لئے ہے، جس سے دو لاکھ ایکڑ زمین، کوئی سولہ لاکھ کنال تقریباً جو انہوں نے مجھے فگر دی یہ کاشت کے قابل ہو جائے گی انشاءاللہ جب یہ ہوگا اور اس کے لئے فنڈ رکھا گیا ہے، باقی میں پھر یہ کہہ دوں آخر میں اپنی چونکہ بڑی لمبی بات ہوگئی ہے میں۔۔۔۔۔

<u>جناب ظفر اعظم</u>: میری بات رہ گئی ہے۔

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی</u>: سوری جی، شاید میں اندر تھا اس وقت آپ نے بات کی تھی، نہیں نہیں، کیوں نہیں سمجھتے ہیں جی، میں

اس وقت اندر تھا شاید اس وقت آپ نے بات کی تھی۔

جناب ظفر اعظم: میں نے رائلٹی کی بات کی تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کراس ٹاک نہ کریں، آپ چیئر کو ایڈرس کریں، میں ان سے پوچھ لیتا ہوں جی، انہوں نے اپنے حلقے کی رائلٹی کے بارے میں بات کی تھی اس کے بارے میں آپ رسپانڈ کریں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر، میں نے تو یہ، میں ریفریش کر دیتا ہوں، بلکہ ایم پی اے صاحب میرے خیال سے اس دن نہیں تھے اور میں نے یہ بات کی تھی کہ اس سال جو رائلٹی ہے جو سیس ہے، جو باقی پیسے ہیں میں نے فنانس منسٹر سے اس دن بجٹ ڈیبیٹ جو اوپن ڈیبیٹ تھی اس میں میں نے Particularly پوچھا تھا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے ان کے لئے Fully fund رکھے ہوئے ہیں، سب کو پیسے ملیں گے ان کو بھی ملیں گے، ٹوبیکو سیس کے بھی ملیں گے اور باقی جو پیسے آتے ہیں، ہری پور کے ہائیڈل کے اس کے اور جس کے بھی ہیں ان سب کو وہ پیسے ملیں گے، یہ میں نے اس دن کہا تھا میرے خیال میں آپ اس وقت، آج میں موجود نہیں تھا میں کمرے میں تھا لیکن اس دن آپ نہیں تھے تو میں Repeat کر دوں کہ ان شاءاللہ ایسی کوئی بات نہیں، آپ کا شیئر ملے گا اور میں نے یہ ریکویسٹ بھی کی تھی کہ پیسے آپ کے کافی زیادہ ہیں، آپ کے مسائل زیادہ ہیں تو بجائے یہ کہ گلی کوچے نالے میں پیسے لگائیں جائیں، میری ریکویسٹ ہوگی آنریبل ممبر سے کہ ان پیسوں سے، مطلب صوابی کو کوئی 10 پرسنٹ ٹوبیکو سیس سے صوابی یونیورسٹی کو دے رہے ہیں، ہم نے

کیبنٹ میٹنگ کی اور ہم نے Decide کیا کہ اس کو، باقی علاقوں میں Divide ہو جاتے ہیں لیکن 10 پرسنٹ ہم اپنے ایجوکیشن کو اس وجہ سے دے رہے ہیں تاکہ یونیورسٹی کو سپورٹ ملے تو میری ان سے بھی ریکویسٹ ہوگی کہ کرک میں پانی کا بہت بڑا مسئلہ ہے، جب بھی یہ ممبران صاحبان اٹھتے ہیں تو یہ ہمارے ساتھ اپنی بھی پارٹی والے یا آپ سے پہلے جو پچھلی حکومت میں تھے، ہمارے ممبرز تو پانی کی بات کرتے تھے، ملک قاسم صاحب اور دوسرے ایم پی اے تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ اس میں اور بڑے بڑے پراجیکٹس میں تاکہ آپ کے پورے علاقے کا جو دیرینہ مسئلہ ہے، ہاں Gasification کے لئے، گیس کے لئے کوئی تقریباً ایک ارب روپے جو مجھے فنانس منسٹر نے اس دن بتایا تھا وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ریلیز کر دیئے ہیں، سپیشلی کرک کے لئے کہ کرک کے لوگوں کا Gasification کا مسئلہ ہے اور وہاں پر گیس ہے تو ان سارے لوگوں کو گیس Provide کی جائے، تو پراونشل گورنمنٹ نے یہ کیا ہے تو I hope کہ یہ میرے جواب سے Satisfied ہوں گے، شکریہ ادا کرتا ہوں سپیکر صاحب، آپ کا اور اس ہاؤس کا ، I hope کہ میرے جواب سے میرے سارے بھائی، سوری، ایک اور درانی صاحب کی۔

<u>سردار اورنگزیب</u>: سپیکر صاحب۔

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی</u>: یہ گھر میں لڑ کر آتے ہیں پھر غصہ سارا ہم پر نکال دیتے ہیں، نلوٹھا صاحب پتہ نہیں، اور میں بجٹ سپیچ، اچھا آپ بیٹھ تو جائیں، اچھا بیٹھ تو جائیں، آپ کا تو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: انہوں نے Agree کیا تھا کہ آپ کی باتیں بالکل ٹھیک ہیں تو مطلب

ہے اگر ایک منسٹر نے Surety دے دی ہے تو مطلب یہ بھی منسٹر ہیں جی۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: ان کا بھی خوشدل صاحب کی طرح بلڈ پریشر ہائی ہوتا ہے، ان کو بلڈپریشر کی گولی دینی پڑے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کو بھی تھوڑی ایشورنس دے دیں جی۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: میں ہزارہ کا نام کیسے نہیں، میں نے اس دن ہزارہ پر پوری تقریر کی، پورے کاغان ناران، شوگران سب پر میں نے، گلیات پر تو میں نے Already بات کی ہوئی ہے، میرے خیال میں آپ اس دن نہیں تھے، نلوٹھا صاحب کرسی پر بیٹھا کریں، اسمبلی میں آیا کریں، تھوڑا ٹائم دیا کریں، سن کر باتیں کر کے چلے جاتے ہیں، پھر ہم جو کہتے ہیں اگلے دن پھر آپ گلے کرتے ہیں، میں ریکارڈ کر کے آپ کو پھر واٹس اپ کروں گا ان شاءاللہ بھائی، اور صحیح بات کر رہے ہیں ہزارہ کو بھی ہم سپورٹ کر رہے ہیں، مولانا صاحب نے ایک بات کی اصولاً، سوری، دو باتیں میں کر لوں، ایک انہوں نے درانی پبلک سکول کی بات کی، پچھلی گورنمنٹ میں ایک Decision ہوا تھا کہ کسی شخص کے نام پر یہاں پر کوئی بلڈنگ، کوئی روڈ کوئی چیز نہیں بنائی جائے گی، اس کی وجہ یہ ہے کہ پبلک کے پیسے ہیں اور سپیشلی جو بندے زندہ ہوں، اللہ ان سب کو زندگی دے، ان کے نام نہیں ہونے چاہئیں، البتہ یہ تھا کہ جو نام ہیں میری ذاتی رائے یہ ہے I don’t know، کیونکہ اس کی Clarity نہیں ہے کہ کیسے ہوا ہے؟ جو نام ہیں ان کو چھیڑنا نہیں چاہئیے، یہ میری ذاتی رائے ہے، ڈیپارٹمنٹAgree اور Disagree کر سکتا ہے، منور صاحب نے کہا میں نے نوٹ

کیا اور میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور چیف منسٹر سے اس پر بات کروں گا، میرے خیال سے نام کو چینج ابھی نہیں کرنا چاہئیے، لیکن فیوچر میں اس طرح کے نام رکھنے سے Avoid کرنا چاہئیے، کسی شہداء کے نام رکھ دیں یا کسی اور کے، جو کیبنٹ کا Decision آئے حالانکہ صوابی میں باچا خان کے نام پر ہاسپیٹل ہے، بالکل ہے اے این پی کا دور تھا، انہوں نے نام دیا ہم نے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: Cross talk نہ کریں جی، بس وائنڈ اپ کریں جی آپ۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: تو لہذا اس پر ہم بات کر لیں گے، آخر میں آپ سب کا شکریہ اور کل ان شاءاللہ کٹ موشنز ہیں اس میں بھی اپوزیشن کے میرے بھائی ہمارے ساتھ سپورٹ بھی کریں گے اور جو ہم نے اتنی باتیں کیں یہ ان کو سمجھ آگئی ہیں تو ان شاءاللہ لوکل گورنمنٹ کے، بلدیات کے الیکشن ہوں گے اور چھیالیس ارب روپے ڈیویلپمنٹ کے لئے جا رہے ہیں تو ان شاءاللہ پورے پورے پیسے جائیں گے، نلوٹھا صاحب کو چاہئیے کہ تھوڑا حلقے میں توجہ دیں اور لوکل، بلدیات کے مسائل سن کے اگر کوئی ہیں تو مجھے بتا سکتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کل سپیکر صاحب نے تو مبارکباد بھی دی تھی، ہماری پریس گیلری جو ہے وہاں کی اسمبلی کے الیکشن ہوگئے تھے، اس میں صدر احتشام بشیر صاحب منتخب ہوئے ہیں، سیکرٹری گلزار احمد خان صاحب ہیں اور کو آرڈینیٹر ملک عادل صاحب ہیں تو میں بھی ان کو اپنی طرف سے اور تمام ایم پی ایز کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں جی۔

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 10:00 am Friday, Morning 28th June 2019.

(اجلاس بروز جمعة المبارک مورخہ 28 جون 2019 صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)